اکائی 7

# توازن
# (Equilibrium)

## مقاصد

اس سبق کو پڑھنے کے بعد آپ اس لائق ہو جائیں گے کہ:

- طبیعی اور کیمیائی اعمال میں شامل توازن کی حرکی فطرت کو پہچان سکیں؛
- توازن کے قانون کو بیان کرسکیں؛
- طبیعی اور کیمیائی اعمال میں شامل توازن کی خصوصیات کی وضاحت کرسکیں؛
- توازن مستقلہ کے اظہار کے لیے علامت لکھ سکیں؛
- $K_p$ اور $K_c$ کے درمیان تعلق قائم کرسکیں؛
- کسی تعامل کی حالتِ توازن کو متاثر کرنے والے مختلف عوامل کی وضاحت کرسکیں؛
- اشیاء کو آرہینیس، برونسٹڈ لاری اور لیوئس تصورات کی بنیاد پر تیزاب اور اساس میں تقسیم کرسکیں؛
- آیونائزیشن مستقلوں کی اصطلاح میں تیزاب اور اساس کو قوی اور کمزور زمروں میں تقسیم کرسکیں؛
- عام آین اور الیکٹرولائٹ کے ارتکاز پر درجۂ آیونائیزیشن کے انحصار کی وضاحت کرسکیں؛
- ہائڈروجن آین کے ارتکاز کو ظاہر کرنے والے pH پیمانے کو بیان کرسکیں؛
- پانی کے آیونائزیشن اور تیزاب اور اساس کی شکل میں اس کے دوہرے کردار کی وضاحت کرسکیں؛
- پانی کے لیے آینی ماحصل $(K_W)$ اور $pK_W$ کی وضاحت کرسکیں؛
- حاجب (Buffer) محلول کے استعمال کی قدر کرسکیں؛
- حل پذیری ماحصل مستقلہ (Solublity Product Constant) معلوم کرسکیں۔

کیمیائی توازن بے شمار حیاتیاتی اور ماحولیاتی اعمال کے لیے لازمی ہیں۔ مثال کے طور پر $O_2$ سالمات اور پروٹین ہیموگلوبن کا توازن ہمارے پھیپھڑوں سے عضلات میں آکسیجن کے نقل وحمل میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس طرح کے توازن جس میں CO سالمے اور ہیموگلوبن شامل ہوتے ہیں CO سمیت کے لیے ذمہ دار ہوتے ہیں۔

جب کسی بند برتن میں رقیق کی تبخیر (Evaporation) ہوتی ہے تو نسبتاً زیادہ حرکی توانائی والے سالمے رقیق کی سطح سے نکل کر بخاراتی ہیئت میں داخل ہوجاتے ہیں اور بخاراتی ہیئت سے رقیق کے سالموں کی تعداد رقیق کی سطح سے ٹکراتی ہے اور وہ رقیق ہیئت میں ہی رہ جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے بخاراتی دباؤ مستقل بنا رہتا ہے کیونکہ رقیق کو چھوڑنے والے سالمات کی تعداد اور بخارات میں سے رقیق میں واپس آنے والے سالموں کی تعداد مساوی ہونے کی وجہ سے ان کے درمیان ایک توازن قائم ہو جاتا ہے۔ اس وقت ہم کہتے ہیں کہ نظام توازن کی حالت میں پہنچ گیا ہے۔ بہر حال یہ ایک سکونی توازن نہیں ہے نیز رقیق اور بخارات کی سطح کے درمیان بہت سی سرگرمیاں جاری رہتی ہیں۔ اس طرح توازن کی حالت میں تبخیر کی شرح تکثیف (Condensation) کی شرح کے برابر ہوتی ہے۔

$$H_2O(l) \rightleftharpoons H_2O\ (vap)$$

دوہرے آدھے تیر یہ ظاہر کرتے ہیں کہ دونوں سمتوں میں عمل ایک ساتھ جاری ہے توازن کی حالت میں متعامل اور ماحصل کا آمیزہ **توازن آمیزہ** (Equilibrium Mixture) کہلاتا ہے۔

طبیعی اعمال اور کیمیاوی تعاملات دونوں کے لیے ہی توازن قائم کیا جا سکتا ہے۔ متعامل کی ہیئت اور تجرباتی حالات کی بنیاد پر تعامل تیز یا سست ہو سکتے ہیں۔ ایک مخصوص درجہ حرارت پر کسی بند برتن میں جب متعاملات تعامل کر کے ماحصل بناتے ہیں تو کچھ وقت تک متعاملات کا ارتکاز لگاتار گھٹتا رہتا ہے اور ماحصل کا ارتکاز بڑھتا رہتا ہے کچھ دیر کے بعد متعاملات یا ماحصل کے ارتکاز میں کوئی تبدیلی نہیں آتی نظام کی یہ حالت **حرکی توازن**

© NCERT not to be republished

(Dynamic Equilibrium) کہلاتی ہے اور فارورڈ (Forward) نیز ریورس (Reverse) تعاملات کی شرح برابر ہو جاتی ہے۔ اسی حرکی توازن کی وجہ سے تعامل آمیزے میں مختلف انواع کے ارتکاز میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔ کسی کیمیائی تعامل کے جاری رہنے کی حد کی بنیاد پر **کیمیائی توازن** کو تین گروپوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(i) وہ تعاملات جو تقریباً اپنے اختتام تک پہنچ جاتے ہیں اور ان میں متعاملات کا ارتکاز برائے نام ہی باقی رہتا ہے۔ کچھ معاملات میں انہیں تجرباتی طور پر بھی پہچاننا مشکل ہوتا ہے۔

(ii) وہ تعاملات جن میں ماحصل کی بہت کم مقدار حاصل ہوتی ہے اور زیادہ تر متعامل توازن کی حالت میں غیر تبدیل شدہ ہی رہتے ہیں۔

(iii) وہ تعاملات جن میں متعامل اور ماحصل کے ارتکاز اس وقت قابل موازنہ ہوتے ہیں جب نظام توازن کی حالت میں ہوتا ہے۔

توازن کی حالت میں تعامل کی حد تجرباتی حالات جیسے کہ متعاملوں کے ارتکاز، درجہ حرارت وغیرہ کے اعتبار سے تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ صنعت اور تجربہ گاہوں میں عملیاتی حالات کی رجائیت نہایت اہم ہے تا کہ توازن مطلوبہ ماحصل کی جانب مائل ہو سکے۔ توازن کے چند اہم پہلو جن کا تعلق طبعی اور کیمیائی اعمال سے ہے اور وہ توازن جو آبی محلول میں ہوتے ہیں اور **آینی توازن** (Ionic Equilibrium) کہلاتے ہیں، اس سیکشن میں زیر بحث رہیں گے۔

## 7.1 طبعی اعمال میں توازن (Equilibrium In Physical Processes)

توازن کے وقت کسی نظام کی خصوصیات کو ہم بہتر طور پر سمجھ سکتے ہیں اگر ہم کچھ طبعی اعمال کا مشاہدہ کریں۔ سب سے زیادہ جانی پہچانی مثالیں **''ہیئت تبدیلی کے اعمال''** (Phase Transformation Process) کی ہیں مثلاً

ٹھوس $\rightleftharpoons$ رقیق

رقیق $\rightleftharpoons$ گیس

ٹھوس $\rightleftharpoons$ گیس

### 7.1.1 ٹھوس-رقیق توازن (Solid-Liquid Equilibrium)

273K اور فضائی دباؤ (مواد اور اس کے ماحول کے درمیان حرارت کا تبادلہ نہیں ہے) پر ایک مکمل مجوز (Insulated) تھرمس فلاسک میں رکھا گیا پانی اور برف ایک متوازن حالت میں ہے اور یہ نظام کچھ دلچسپ خصوصیات ظاہر کرتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ وقت گزرنے کے ساتھ برف اور پانی کی کمیت میں کوئی تبدیلی نہیں آتی اور درجہ حرارت مستقل رہتا ہے۔ تاہم توازن ساکن نہیں ہوتا۔ پانی اور برف کی باؤنڈری پر شدید سرگرمی دیکھی جا سکتی ہے۔ رقیق پانی کے کچھ سالمات برف سے ٹکراتے ہیں اور وہیں چپک جاتے ہیں اور برف کے کچھ سالمات پانی میں چلے جاتے ہیں۔ پانی اور برف کی کمیت میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی کیونکہ سالموں کی برف سے پانی میں تبدیلی کی شرح اور واپس سالموں کی پانی سے برف میں منتقلی کی شرح فضائی دباؤ اور 273 K پر برابر ہوتی ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ پانی اور برف ایک خاص درجہ حرارت اور دباؤ پر ہی توازن میں ہوتے ہیں۔ فضائی دباؤ پر کسی بھی خالص شے کا وہ درجہ حرارت جس پر ٹھوس اور رقیق حالت توازن میں ہوں اس شے کا عام نقطہ گداخت (Melting Point) یا نقطہ انجماد (Freezing Point) کہلاتا ہے۔" یہاں نظام حرکی توازن میں ہوتا ہے اور ہم مندرجہ ذیل نتیجہ اخذ کر سکتے ہیں۔

(i) دونوں مخالف اعمال بیک وقت ہو رہے ہیں۔

(ii) دونوں اعمال کی شرح ایک ہی ہے تا کہ برف اور پانی کی مقدار مستقل رہے۔

### 7.1.2 رقیق بخارات توازن (Liquid-Vapour Equilibrium)

اس توازن کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ہم ایک مثال لے سکتے ہیں جس میں ایک شفاف باکس پارے سے بھری ہوئی U-ٹیوب (مینومیٹر) پر مشتمل ہوتا ہے۔ ایک خشک کنندہ عامل جیسے کہ نابیدہ کیلشیم کلورائڈ (یا فاسفورس پینٹا آکسائڈ) کو کچھ گھنٹوں کے لیے باکس میں رکھ دیا جاتا ہے۔ خشک کنندہ عامل کو باکس کو ایک سمت ترچھا کر کے نکال لینے کے فوراً بعد ایک

© NCERT not to be republished

واچ گلاس (یا پیٹری ڈش) پانی کے ساتھ باکس کے اندر تیزی سے رکھ دیا جاتا ہے ہم یہ دیکھیں گے کہ مینومیٹر کے دائیں بازو میں پارے کی سطح آہستہ آہستہ اوپر اٹھتی ہے اور آخر میں ایک مقام پر مستقل ہو جاتی ہے، یعنی کہ باکس کے اندر دباؤ بڑھتا اور ایک مستقل قدر تک پہنچ جاتا ہے۔ واچ گلاس میں پانی کی سطح بھی کم ہوجاتی ہے (شکل 7.1)۔ شروع میں باکس کے اندر بخارات نہیں تھے (یا بہت کم تھے)۔ پانی جیسے ہی تبخیر ہوا باکس کے اندر دباؤ بڑھ جاتا ہے کیونکہ باکس کے اندر پانی کے سالمات گیس ہیئت میں داخل ہو جاتے ہیں۔ تبخیر کی شرح مستقل ہو جاتی ہے۔ تاہم، دباؤ میں اضافہ کی شرح وقت کے ساتھ کم ہو جاتی ہے جس کی وجہ بخارات کی پانی میں تکثیف ہے۔ آخر میں ایک توازن کی حالت آجاتی ہے جہاں کسی قسم کی کوئی تبخیر نہیں ہوتی۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ متوازن مقام پر پہنچنے تک گیسی حالت سے مائع (رقیق) حالت میں تبدیل ہونے والے پانی کے سالمات کی تعداد میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ یعنی کہ؛

تبخیر کی شرح = تکثیف کی شرح

$$H_2O(l) \rightleftharpoons H_2O\ (vap)$$

حالتِ توازن میں دیے گئے درجہ حرارت پر پانی کے سالمات کے ذریعہ ڈالا گیا دباؤ مستقل رہتا ہے اور یہ پانی کا متوازن ابخراتی دباؤ (یا صرف پانی کا ابخراتی دباؤ) کہلاتا ہے پانی کا ابخراتی دباؤ درجہ حرارت کے ساتھ بڑھتا ہے۔ اگر مندرجہ بالا تجربہ میتھائل الکوحل، ایسی ٹون اور ایتھر کے ساتھ دہرایا جائے تو یہ دیکھا گیا ہے کہ ایک ہی درجہ حرارت پر مختلف رقیق کے متوازن بخاراتی دباؤ مختلف ہوتے ہیں، اور وہ رقیق شے جس کا بخاراتی دباؤ زیادہ ہوتا ہے زیادہ طیران پذیر (Volatile) ہوتی ہے اور اس کا نقطہ جوش کم ہوتا ہے۔


اگر ہم تین واچ گلاسوں میں علیحدہ علیحدہ 1mL ایسیٹون، ایتھائل الکوحل اور پانی لے کر ہوا میں کھلا رکھ دیں اور اس تجربہ کو رقیق کے مختلف حجم کے ساتھ نسبتاً گرم کمرے میں رکھ کر دہرائیں تو یہ دیکھا گیا ہے کہ ہر حالت میں رقیق سے آخرکار غائب ہوگئی ہے اور مکمل تبخیر میں لگنے والے وقت کا انحصار (i) رقیق کی فطرت، (ii) رقیق کی مقدار اور (iii) درجہ حرارت پر ہوتا ہے۔ جب واچ گلاس فضا میں کھلی ہوئی رکھی ہے تو، تبخیر کی شرح مستقل رہتی ہے لیکن سالمات کمرے کے ایک بڑے حجم میں منتشر ہوجاتے ہیں نتیجے کے طور پر بخارات کی رقیق میں تکثیف کی شرح تبخیر کی شرح سے بہت کم ہوتی ہے۔ یہ کھلے ہوئے نظام ہیں اور کھلے ہوئے نظاموں میں توازن پر پہنچنا ممکن نہیں ہے۔

ایک بند برتن میں 100°C اور فضائی دباؤ (1.013 بار) پر پانی اور ابخرات متوازن حالت میں ہیں۔ پانی کا نقطہ جوش 1.013 بار دباؤ پر 100°C ہے۔ کسی بھی خالص رقیق کے لیے فضائی دباؤ (1.013 بار) پر وہ درجہ حرارت جس پر رقیق اور بخارات متوازن ہوں اس رقیق کا نقطہ جوش کہلاتا ہے۔ یہ فضائی دباؤ پر منحصر ہوتا ہے۔ رقیق کے نقطہ جوش مقام کی اونچائی پر منحصر ہوتے ہیں۔ بلند مقامات پر نقطہ جوش کم ہوجاتے ہیں۔

### 7.1.3 ٹھوس بخارات توازن

**(Solid – Vapour Equilibrium)**

آئیے اب ہم ایسے نظام کا مطالعہ کریں جہاں ٹھوس اشیا کی بخارات میں تصعید ہو جاتی ہے۔ اگر ہم ٹھوس آیوڈین کو ایک بند برتن میں رکھ دیں، تو کچھ دیر بعد یہ برتن وائلٹ بخارات سے بھر جائے گا اور رنگ کی شدت




**شکل 7.1** مستقل درجہ حرارت پر پانی کے متوازن ابخرات دباؤ کی پیمائش

© NCERT not to be republished

میں وقت کے ساتھ ساتھ کمی واقع ہوگی۔ کچھ وقت کے بعد رنگ کی شدت مستقل ہوجائے گی اور اس وقت توازن قائم ہو جائے گا۔ لہٰذا ٹھوس آیوڈین کی تصعید سے آیوڈین کے بخارات حاصل ہوتے ہیں اور آیوڈین کے بخارات تکثیف کے بعد ٹھوس آیوڈین دیتے ہیں۔ اس توازن کو مندرجہ ذیل طریقہ سے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

$I_2$ (ٹھوس) $\rightleftharpoons$ $I_2$ (بخارات)

دوسری مثالیں جو اس طرح کا توازن دکھاتی ہیں وہ مندرجہ ذیل ہیں:

کافور (ٹھوس) $\rightleftharpoons$ کافور (بخارات)

$NH_4Cl$ (ٹھوس) $\rightleftharpoons$ $NH_4Cl$ (بخارات)

### 7.1.4 رقیق میں ٹھوس یا گیس کے افتراق کا توازن
### (Equilibrium Involving Dissolution of Solid or Gases in Liquids)

**رقیق میں ٹھوس (Solids in Liquids)**

ہمارا اپنا ذاتی تجربہ یہ ہے کہ ہم کمرے کے درجہ حرارت پر پانی کی دی ہوئی مقدار میں نمک یا چینی کی ایک محدود مقدار ہی گھول سکتے ہیں۔ اگر ہم زیادہ درجہ حرارت پر چینی گھول کر ایک گاڑھا گھول تیار کریں تو محلول کو کمرہ کے درجہ حرارت تک ٹھنڈا کرنے پر اس میں چینی کے قلم علیحدہ ہوجاتے ہیں۔ ایک درجہ حرارت پر جب اور زیادہ منحل (Solute) حل نہیں ہوسکتا تو ہم اسے سیر شدہ محلول (Saturated Solution) کہتے ہیں۔ سیر شدہ محلول میں منحل کے ارتکاز کا انحصار درجہ حرارت پر ہوتا ہے۔ سیر شدہ محلول میں ٹھوس حالت میں منحل کے سالمات اور محلول کے درمیان ایک حرکی توازن ہوتا ہے۔

چینی (محلول) $\rightleftharpoons$ چینی (ٹھوس) اور

چینی کے حل ہونے کی شرح = چینی کے قلماؤ کی شرح

دونوں شرحوں کی مساویت اور توازن کی حرکی فطرت کو تابکار چینی کی مدد سے ثابت کیا گیا ہے۔ اگر ہم غیر تابکار چینی کے محلول میں کچھ تابکار چینی ڈال دیں، تو کچھ دیر بعد محلول اور ٹھوس چینی میں تابکاری کا عمل دیکھنے میں آئے گا۔ ابتدا میں محلول میں تابکار چینی کے سالمے نہیں تھے لیکن توازن کی حرکی فطرت کی وجہ سے دونوں ہیئتوں میں تابکار اور غیر تابکار چینی کے سالموں کا تبادلہ ہوتا ہے۔ محلول میں تابکار اور غیر تابکار سالموں کا تناسب اس وقت تک بڑھتا ہے جب تک کہ ایک مستقل مقدار حاصل نہ ہو جائے۔

**رقیق میں گیسیں (Gases in Liquids)**

جب سوڈا واٹر کی بوتل کھولی جاتی ہے تو اس میں گھلی ہوئی کاربن ڈائی آکسائڈ کی کچھ مقدار تیزی سے باہر نکلتی ہے۔ یہ عمل مختلف دباؤ پر کاربن ڈائی آکسائڈ کی حل پذیری میں فرق کی وجہ سے نظر آتا ہے۔ دباؤ کی حالت میں گیسی حالت میں سالمات اور محلول میں حل شدہ سالمات کے درمیان توازن پایا جاتا ہے؛ یعنی؛

$CO_2$ (گیس) $\rightleftharpoons$ $CO_2$ (محلول میں)

یہ توازن ہنری کے قانون کے تحت ہوتا ہے جو یہ بتاتا ہے کہ کسی بھی **درجہ حرارت پر ایک دی ہوئی مقدار کے محلل میں گھلی ہوئی گیس کی کمیت محلل کے اوپر گیس کے دباؤ کے تناسب میں ہوتی ہے۔** یہ مقدار درجہ حرارت بڑھنے پر گھٹتی ہے۔ سوڈا واٹر کی بوتل کو دباؤ کے تحت اس وقت سیل کیا جاتا ہے جب پانی میں اس کی حل پذیری زیادہ ہوتی ہے۔ جیسے ہی بوتل کو کھولا جاتا ہے، گھلی ہوئی کاربن ڈائی آکسائڈ گیس نکل کر ایک نئے توازن کی حالت کو پہنچتی ہے جو کم دباؤ یعنی اس کے فضا میں جزوی دباؤ کے لیے لازمی ہوتا ہے۔ اس لیے بوتل کے سوڈا واٹر کو جب ہوا میں کچھ دیر کے لیے کھلا چھوڑ دیا جاتا ہے تو وہ بے لطف ہو جاتی ہے۔ یہ تعمیم کیا جاسکتا ہے کہ؛

(i) ٹھوس $\rightleftharpoons$ رقیق توازن کے لیے 1 فضائی دباؤ (1.013 بار) پر صرف ایک ہی درجہ حرارت (نقطہ گداخت) ہوتا ہے جہاں دونوں ہیئت بیک وقت پائی جاتی ہیں۔ اگر اطراف سے حرارت کا تبادلہ نہ ہوتو دونوں ہیئتوں کی کمیت مستقل رہتی ہے۔

(ii) رقیق $\rightleftharpoons$ بخارات توازن میں، ایک دیے گئے درجہ حرارت پر بخارات کا دباؤ مستقل رہتا ہے۔

(iii) ٹھوس کے رقیق میں تحلیل ہونے پر دیے گئے درجہ حرارت پر حل پذیری مستقل ہوتی ہے

(iv) رقیق میں گیسوں کے تحلیل ہونے کے لیے، رقیق میں گیس کا ارتکاز رقیق کے اوپر گیس کے دباؤ (ارتکاز) کے تناسب میں ہوتا ہے۔

ان مشاہدات کو جدول 7.1 میں دکھایا گیا ہے۔

© NCERT not to be republished

### جدول 7.1 طبیعی توازن کی کچھ اہم خصوصیات

| عمل | نتیجہ |
|---|---|
| رقیق ⇌ بخارات<br>$H_2O_{(l)} \rightleftharpoons H_2O$ (g) | $P_{H_2O}$ دیے گئے درجہ حرارت پر مستقل ہوتا ہے |
| ٹھوس ⇌ رقیق<br>$H_2O(s) \rightleftharpoons H_2O$ (l) | مستقل دباؤ پر نقطہ گداخت معین ہوتا ہے |
| منحل (ٹھوس) ⇌ منحل (محلول)<br>چینی (محلل) ⇌ چینی (ٹھوس) | دیے گئے درجہ حرارت پر محلول میں منحل کا ارتکاز مستقل ہوتا ہے |
| گیس (گیس) ⇌ گیس (آبی)<br>$CO_2$(گیس) ⇌ $CO_2$(آبی) | [gas(aq)]/gas(g)] دئے گئے درجہ حرارت پر مستقل ہوتا ہے<br>$[CO_2(aq)]/[CO_2(g)]$ دئے گئے درجہ حرارت پر مستقل ہوتا ہے۔ |

### 7.1.5 طبیعی اعمال میں ہونے والے توازن کی عام خصوصیات (General Characteristics of Equilibria Involving Physical Processes)

ان طبیعی اعمال کے نظام میں جن پر اوپر بحث کی گئی ہے، توازن کے وقت مندرجہ ذیل عام خصوصیات ہوتی ہیں:

(i) ایک دیے گئے درجہ حرارت پر توازن صرف بند نظام میں ممکن ہے۔

(ii) دونوں متضاد اعمال یکساں شرح پر واقع ہوتے ہیں اور اس وقت ایک حرکی لیکن مستحکم حالت ہوتی ہے۔

(iii) نظام کی تمام قابل پیمائش خصوصیات مستقل رہتی ہیں۔

(iv) جب کسی طبیعی عمل میں توازن قائم ہو جاتا ہے، تو دیے گئے درجہ حرارت پر اس کے کسی ایک پیرا میٹر کی قدر مستقل ہوتی ہے۔ جدول 7.1 میں ایسی مقداروں کو دکھایا گیا ہے۔

(v) کس بھی مقام پر ایسی مقداروں کی وسعت اس حد کو ظاہر کرتی ہے جہاں تک وہ تعامل توازن تک پہنچنے سے پہلے جاتی ہے۔

## 7.2 کیمیائی اعمال میں توازن۔حرکی توازن (Equilibrium In Chemical Processes - Dynamic Equilibrium)

طبیعی نظام کے مماثل کیمیائی تعاملات بھی توازن کی حالت حاصل کرتے ہیں۔ یہ تعاملات بھی پیش رفت (Forward) اور پُشت رفت (Bakword) ہو سکتے ہیں۔ جب پیش رفت اور پشت رفت تعامل کی شرح برابر ہو جاتی ہے، تو متعامل اور ماحصل کی مقداریں مستقل رہتی ہیں۔ یہ کیمیاوی توازن کی حالت ہوتی ہے۔ اس توازن کی فطرت حرکی ہوتی ہے کیونکہ اس میں ایک پیش رفت تعامل ہوتا ہے جس میں متعامل ماحصل دیتا ہے اور ایک رجعتی (Reverse) تعامل ہوتا ہے جس میں ماحصل ابتدائی متعامل دیتا ہے۔


اس کو اچھی طرح سمجھنے کے لیے آیئے ہم ایک رجعتی تعامل (Reversible Reaction) کی عام مثال لیتے ہیں۔

$$A + B \rightleftharpoons C + D$$

وقت گزرنے کے ساتھ ماحصل C اور D کی مقدار میں اضافہ ہوتا ہے اور متعامل A اور B کی مقداروں میں کمی آتی ہے (شکل 7.2)۔ اس کی وجہ سے پیش رفت تعامل کی شرح میں کمی واقع ہوتی ہے اور پشت رفت تعامل کی شرح میں اضافہ ہوتا ہے۔

دو تعاملات ایک ہی شرح پر واقع ہوتے ہیں اور نظام توازن کی حالت کو پہنچ جاتا ہے۔

اس طرح، تعامل اس وقت بھی توازن کی حالت کو پہنچے گا جب ہم صرف C اور D سے تعامل کی شروعات کریں اور ابتدا میں A اور B موجود نہ ہوں، کیونکہ توازن کسی بھی سمت سے حاصل ہوسکتا ہے۔




**شکل 7.2** کیمیائی توازن کا حصول

© NCERT not to be republished

## حرکی توازن-ایک طالب علم کی سرگرمی


## (Dynamic Equilibrium – A Student's Activity)

توازن،خواہ وہ طبیعی نظام میں ہو جو یا کیمیائی نظام میں،فطرتاً ہمیشہ حرکی ہوتا ہے اس کو تابکار ہم جا کے استعمال کے ذریعہ دکھایا جا سکتا ہے۔ یہ اسکول کی تجربہ گاہ میں ممکن نہیں ہے۔ تاہم مندرجہ ذیل سرگرمی کے ذریعہ اسے آسانی سے سمجھا جا سکتا ہے۔ یہ سرگرمی 5 یا6 طالب علموں کی ایک جماعت کے ذریعہ کی جا سکتی ہے۔

100mL والے دو پیمائشی سلنڈر (ان پر 1 اور 2 لکھ دیجیے ) اور 30cm لمبائی کی دو کانچ کی نلیاں لیجیے۔ دونوں نلیوں کا نصف قطر یا تو برابر ہو یا 3-5mm کے فرق سے ہوسکتا ہے۔ پیمائشی سلنڈر 1 کو رنگین پانی سے تقریباً آدھا بھر دیجیے (اس کے لیے آپ پانی میں چند دانے پوٹاشیم پرمیگنیٹ کے ڈال سکتے ہیں) اور دوسرے پیمائشی سلنڈر نمبر 2 کو خالی رکھیے۔

ایک نلی کو سلنڈر 1 میں اور دوسری کو سلنڈر 2 میں رکھیے۔ایک ٹیوب کو سلنڈر 1 میں ڈبائیے انگلی سے اس کے اوپری سرے کو بند کیجیے اور اس میں بھری ہوئی رنگین رقیق شے کو سلنڈر 2 کے نچلے حصے میں منتقل کر دیجیے۔ سلنڈر 2 میں رکھی ہوئی نلی کا استعمال کرتے ہوئے سلنڈر 2 سے رنگین پانی اسی طرح سلنڈر 1 میں منتقل کیجیے۔ اس طریقے سے دونوں گلاس کی نلیوں کو استعمال کرتے ہوئے رنگین پانی کو سلنڈر 1 سے سلنڈر 2 اور سلنڈر 2 سے سلنڈر 1 میں منتقل کرتے رہیے یہاں تک کہ آپ دیکھیں کہ دونوں سلنڈروں میں رنگین پانی کی سطح مستقل ہوگئی ہے۔


اگر آپ دونوں سلنڈروں کے رنگین پانی کو اسی طرح ادل بدل کرتے رہیں تو دونوں سلنڈروں میں رنگین پانی کی سطح میں کوئی تبدیلی نہیں آئے گی۔ اگر ہم رنگین پانی کی 'سطح'، کو متعامل اور ماحصل کے 'ارتکاز' کے مماثل مان لیں تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ تبادلے کا عمل جو سطح کی استقامت کے بعد بھی جاری رہتا ہے عمل کی حرکی فطرت کا مظہر ہوتا ہے۔ اگر ہم اس تجربہ کو دو مختلف قطر کی نلیوں کے ساتھ دہرائیں تو ہم دیکھیں گے کہ دونوں سلنڈروں میں توازن کے وقت رنگین پانی کی سطح مختلف ہے۔ دو سلنڈروں کی سطح میں فرق کے لیے قطر کس حد تک ذمہ دار ہوتے ہیں؟ خالی سلنڈر 2 اس بات کا مظہر ہے کہ ابتدا میں کوئی ماحصل نہیں تھا۔




**شکل 7.3** توازن کی حرکی فطرت کا مظاہرہ (a) ابتدائی حالت (b) اختتامی حالت جب توازن حاصل ہو چکا ہے۔

© NCERT not to be republished

کیمیائی توازن کی حرکی فطرت کو امونیا کی ہیبر پراسیس کے ذریعہ تالیف کی مثال سے واضح کیا جاسکتا ہے۔ تجربات کے ایک سلسلے میں ہیبر نے معلوم مقدار میں ڈائی نائٹروجن اور ڈائی ہائڈروجن کو بہت زیادہ درجہ حرارت اور دباؤ پر رکھ کر تجربات کی شروعات کی اور مقررہ وقفہ اوقات پرامونیا کی دستیاب مقدار معلوم کی۔ انہوں نے غیر تعامل شدہ ڈائی ہائڈروجن اور ڈائی نائٹروجن کی مقدار معلوم کرنے میں بھی کامیابی حاصل کی۔ شکل 7.4 دکھاتی ہے کہ کچھ وقفہ کے بعد آمیزے کی ترکیب مستقل رہتی ہے حالانکہ کچھ متعامل ابھی بھی موجود ہیں۔ ترکیب میں یہ استقامت




**شکل 7.4** تعامل $N_2(g)+3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$ کے لیے توازن کا اظہار

ظاہر کرتی ہے کہ تعامل اپنے توازن پر پہنچ گیا ہے۔ تعامل کی حرکی فطرت کو سمجھنے کے لیے امونیا کی تالیف بالکل ایسے ہی حالات (جزوی دباؤ اور درجہ حرارت کے) سے شروع کی گئی لیکن $H_2$ کی جگہ $D_2$ (ڈیوٹیریم) استعمال کی گئی۔ تعاملی آمیزہ $H_2$ یا $D_2$ سے شروع ہوکر اسی ترکیب کے ساتھ توازن کو پہنچتا ہے سوائے اس کے کہ $H_2$ اور $NH_3$ کی جگہ $D_2$ اور N پائے جاتے ہیں۔ توازن قائم ہونے کے بعد یہ دونوں آمیزے ($H_2$، $N_2$، $NH_3$ اور $D_2$، $N_2$، $ND_3$) ایک ساتھ ملا کر کچھ دیر کے لیے چھوڑ دیے جاتے ہیں۔ بعد میں جب اس آمیزے کا تجزیہ کیا گیا تو یہ پایا کہ امونیا کی مقدار اتنی ہی ہے جتنی کہ پہلے تھی۔ تاہم جب اس آمیزے کا ماس اسپیکٹرومیٹر کے ذریعہ جائزہ لیا گیا تو دیکھا گیا کہ امونیا اور امونیا کی ڈیوٹیریم والی قسمیں ($NH_3$، $NH_2D$، $NHD_2$ اور $ND_3$) اور ڈائی ہائڈروجن اور اس کی ڈیوٹریٹڈ (Deutrated) قسمیں ($H_2$، HD اور $D_2$) موجود ہیں۔ اس طرح کوئی بھی یہ نتیجہ نکال سکتا ہے کہ سالمات میں H اور D کی کش مکش آمیزہ میں تعامل کے مسلسل پیش رفت اور پشت رفت تعاملات کے نتیجے میں ہوتی ہے۔ اگر تعامل اسی وقت رک جاتا جب توازن قائم ہو چکا تھا تو اس طرح آئسوٹوپس کی آمیزش نہ ہوتی۔


امونیا کی تیاری میں آئسوٹوپس (ڈیوٹیریم) کا استعمال واضح طور پر بتاتا ہے کہ **'کیمیائی تعاملات ایک حرکی توازن کی حالت کو پہنچتے ہیں جس میں پیش رفت اور پشت رفت تعاملات کی شرح برابر ہوتی ہے اور ترکیب میں کوئی تبدیلی نہیں ہوتی۔'**

توازن دونوں سمتوں سے حاصل ہوسکتا ہے خواہ ہم $H_2$ گیس اور $N_2$ گیس لے کر $NH_3$ حاصل کریں یا $NH_3$ گیس لے کر اس کو $N_2$ گیس اور $H_2$ گیس میں تحلیل کریں۔

$$N_2(g)+3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$$

$$2NH_3(g) \rightleftharpoons N_2(g)+3H_2(g)$$

اسی طرح آیئے ہم تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ پر غور کرتے ہیں۔ اگر ہم شروعات $H_2$ اور $I_2$ کی یکساں مقداروں سے کرتے ہیں تو تعامل آگے کی سمت چلے گا اور $H_2$ اور $I_2$ کی مقداریں کم ہوں گی جبکہ HI کی مقدار میں اضافہ ہوگا، جب تک کہ یہ سب توازن کے وقت مستقل نہ ہو جائیں (شکل 7.5)۔ اگر H اور I کی کل تعداد ایک دیئے




**شکل 7.5** تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ میں کیمیائی توازن دونوں سمتوں سے حاصل ہو سکتا ہے۔

© NCERT not to be republished

ہوئے حجم میں برابر ہے تو بالکل ایسا ہی متوازن آمیزہ حاصل ہوگا خواہ ہم اسے خالص متعامل سے شروع کریں یا خالص ماحصل سے۔

## 7.3 کیمیائی توازن کا قانون اور توازن مستقلہ (Law Of Chemical Equilibrium And Equilibrium Constant)

توازن کی حالت میں متعامل اور ماحصل کا آمیزہ توازن آمیزہ (Equilibrium Mixture) کہلاتا ہے۔ اس حصہ میں ہم توازن آمیزہ کی ترکیب سے متعلق اہم سوالات کو موضوع بنائیں گے۔ توازن آمیزے میں متعامل اور ماحصل کے ارتکاز کے درمیان کیا تعلق ہے؟ ابتدائی ارتکاز سے ہم توازن ارتکاز کیسے معلوم کر سکتے ہیں؟ توازن آمیزے کی ترکیب کو بدلنے کے لیے ہم کون کون سے عوامل کو کام میں لا سکتے ہیں؟ آخری سوال خاص طور پر اس وقت اہم ہے کہ جب ہم صنعتی کیمیکل جیسے $H_2$، $NH_3$، CaO وغیرہ کی تالیف کے لیے حالات کا انتخاب کرتے ہیں۔

ان سوالات کا جواب دینے کے لیے آئیے ہم ایک عمومی رجعتی تعامل پر غور کرتے ہیں۔

$$A + B \rightleftharpoons C + D$$

جہاں متوازن کیمیائی مساوات میں A اور B متعامل اور C اور D ماحصل ہیں۔ بہت سے رجعتی تعاملات پر کیے گئے تجرباتی مطالعہ کی بنیاد پر ناروے کے کیمیا داں کیٹو میکسی ملن گلبرگ اور پیٹر واگ نے 1864 میں یہ تجویز پیش کی کہ ایک توازن آمیزے میں ارتکاز مندرجہ ذیل توازن مساوات کے مطابق تعلق رکھتے ہیں۔

$$K_c = \frac{[C][D]}{[A][B]} \qquad (7.1)$$

جہاں $K_C$ ایک توازن مستقلہ ہے اور دائیں سمت کی علامات توازن مستقلہ علامات کہلاتی ہیں۔

توازن مساوات 'عمل کمیت کا کلیہ' (Law of Mass Action) بھی کہلاتی ہے کیونکہ علم کیمیا کے ابتدائی ایام میں ارتکاز ''سرگرم کمیت'' (Active Mass) کہلاتا تھا۔ ان کے کام کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے ہم 731K پر ایک سیل بند برتن میں $H_2$ اور $I_2$ گیسوں کے درمیان تعامل کی مثال لیتے ہیں۔

$$H_2(g) \;+\; I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$$
$$1\ mol \quad 1\ mol \qquad 2\ mol$$

تجربات کے چھ سیٹ متبدل ابتدائی حالات میں انجام دیے گئے پہلے چار تجربات (1، 2، 3) کی شروعات $H_2$ اور $I_2$ گیسوں کو سیل بند برتنوں میں لے کر اور باقی دو تجربات (5 اور 6) میں صرف HI لے کر کی گئی۔ تجربات 1، 2، 3، 4 میں $H_2$ اور / یا $I_2$ کی مختلف مقداریں لی گئیں اور وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ یہ دیکھا گیا کہ کاسنی رنگ کی شدت قائم رہتی ہے اور توازن قائم ہو جاتا ہے۔ اسی طرح تجربات 5 اور 6 میں مختلف سمت سے توازن قائم ہوتا ہے۔

جدول 7.2 $H_2$، $I_2$ اور HI کی ابتدائی اور توازن مقداریں

| توازن ارتکاز $mol\ L^{-1}$ | | | ابتدائی ارتکاز / $mol\ L^{-1}$ | | | تجربہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| [HI (g)] | [$I_2$ (g)] | [$H_2$ (g)] | [HI (g)] | [$I_2$ (g)] | [$H_2$ (g)] | |
| $2.52 \times 10^{-2}$ | $0.12 \times 10^{-2}$ | $1.14 \times 10^{-2}$ | 0 | $1.38 \times 10^{-2}$ | $2.4 \times 10^{-2}$ | 1 |
| $2.96 \times 10^{-2}$ | $0.20 \times 10^{-2}$ | $0.92 \times 10^{-2}$ | 0 | $1.68 \times 10^{-2}$ | $2.4 \times 10^{-2}$ | 2 |
| $3.34 \times 10^{-2}$ | $0.31 \times 10^{-2}$ | $0.77 \times 10^{-2}$ | 0 | $1.98 \times 10^{-2}$ | $2.44 \times 10^{-2}$ | 3 |
| $3.08 \times 10^{-2}$ | $0.22 \times 10^{-2}$ | $0.92 \times 10^{-2}$ | 0 | $1.76 \times 10^{-2}$ | $2.46 \times 10^{-2}$ | 4 |
| $2.35 \times 10^{-2}$ | $0.345 \times 10^{-2}$ | $0.345 \times 10^{-2}$ | $3.04 \times 10^{-2}$ | 0 | 0 | 5 |
| $5.86 \times 10^{-2}$ | $0.86 \times 10^{-2}$ | $0.86 \times 10^{-2}$ | $7.58 \times 10^{-2}$ | 0 | 0 | 6 |

© NCERT not to be republished

تجربات کے ان چھ سیٹوں سے حاصل کردہ اعداد وشمار جدول 7.2 میں دکھائے گئے ہیں۔

تجربات 1، 2، 3 اور 4 سے یہ صاف ظاہر ہے کہ ڈائی ہائڈروجن کے تعامل کرنے والے مولوں کی تعداد = آیوڈین کے تعامل کرنے والے مولوں کی تعداد ½ (HI مولوں کی تعداد) تجربات 5 اور 6 بھی دکھاتے ہیں کہ

$$[H_2(g)]_{eq} = [I_2(g)]_{eq}$$

مندرجہ بالا حقائق جانتے ہوئے متعامل اور ماحصل کے ارتکاز میں تعلق قائم کرنے کے لیے مختلف اتحاد (Combination) بنائے جا سکتے ہیں۔ آیئے ایک مثال پر غور کرتے ہیں۔

$$[HI(g)]_{eq} / [H_2(g)]_{eq} [I_2(g)]_{eq}$$

جدول 7.3 سے دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر ہم متعامل اور ماحصل کے لیے توازن مستقلوں کی قیمت رکھ دیں تو مندرجہ بالا علامت مستقل سے بہت دور ہے۔ تاہم اگر ہم مندرجہ ذیل علامت دیکھیں تو

$$[HI(g)]^2_{eq} / [H_2(g)]_{eq} [I_2(g)]_{eq}$$

ہم دیکھتے ہیں کہ یہ علامت تمام چھ سیٹوں میں مستقل قیمت دکھاتی ہے۔ (جیسا کہ جدول 7.3 میں دکھایا گیا ہے)۔

**جدول 7.3 تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ کے لیے متعامل کے توازن ارتکاز کو ظاہر کرنے والی علامت**

| $\frac{[HI(g)]^2_{eq}}{[H_2(g)]_{eq}[I_2(g)]_{eq}}$ | $\frac{[HI(g)]_{eq}}{[H_2(g)]_{eq}[I_2(g)]_{eq}}$ | تجربہ نمبر |
|---|---|---|
| 46.4 | 1840 | 1 |
| 47.6 | 1610 | 2 |
| 46.7 | 1400 | 3 |
| 46.9 | 1520 | 4 |
| 46.4 | 1970 | 5 |
| 46.4 | 790 | 6 |

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ اس علامت میں متعامل اور ماحصل کی ارتکاز کی قوت دراصل کیمیائی تعامل کے لیے مساوات میں تناسب پیمائی کی شرح (Stoichiometric Coefficient) ہیں لہٰذا تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ کے لیے مساوات 7.1 کے مطابق توازن مستقلہ $K_C$ اس طرح لکھا جا سکتا ہے۔

$$K_c = [HI(g)]^2_{eq} / [H_2(g)]_{eq} [I_2(g)]_{eq} \quad (7.2)$$

عام طور پر زیریں علامت 'eq' (توازن کے لیے استعمال ہوتی ہے) کو ارتکاز کی اصطلاح سے خارج کر دیا جاتا ہے۔ یہ مان کر چلتے ہیں کہ علامت میں $K_C$ کے لیے ارتکاز توازن قدریں ہیں۔ لہٰذا ہم لکھتے ہیں۔

$$K_c = [HI(g)]^2 / [H_2(g)] [I_2(g)] \quad (7.3)$$

زیریں علامت 'c' ظاہر کرتا ہے کہ $K_C$ کو $mol\ L^{-1}$ کے ارتکاز میں ظاہر کیا گیا ہے۔

**''کسی دیے ہوئے درجہ حرارت پر ایک متوازن کیمیائی مساوات میں تعامل کے ماحصل کے اپنے تناسب پیمائی ضربیہ تک اٹھائے گئے ارتکاز کے ماحصل کو اپنے متعلقہ تناسب پیمائی ضربیہ تک اٹھائے گئے متعامل کے ارتکاز کے ماحصل سے تقسیم کرنے پر ایک مستقل قدر حاصل ہوتی ہے یہ توازن کا قانون یا کیمیائی توازن کا قانون کہلاتا ہے۔**

ایک عام تعامل

$$aA + bB \rightleftharpoons cC + dD$$

کے لیے توازن مستقلے کو اس طرح ظاہر کریں گے

$$K_c = [C]^c[D]^d / [A]^a[B]^b \quad (7.4)$$

جہاں [A]، [B]، [C] اور [D] متعامل اور ماحصل کے توازن ارتکاز ہیں

مندرجہ ذیل تعامل $4NH_3(g) + 5O_2(g) \rightleftharpoons 4NO(g) + 6H_2O(g)$ کے لیے توازن مستقلہ اس طرح لکھا جائے گا

$$K_c = [NO]^4[H_2O]^6 / [NH_3]^4 [O_2]^5$$

مختلف اشیا کا مولر ارتکاز مربع بریکٹ میں بند کر کے ظاہر کیا جاتا ہے، جیسا کہ اوپر دکھایا گیا ہے۔ توازن مستقلہ کے لیے جب ہم علامت لکھتے ہیں تو حالت کے لیے علامات (S. l. g) کو عام طور پر نظر انداز کر دیتے ہیں۔

آیئے ہم تعامل

$$H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g) \quad (7.5)$$

کے لیے توازن مستقلہ ایسے لکھیں:

$$K_c = [HI]^2 / [H_2] [I_2] = x \quad (7.6)$$

اسی درجہ حرارت پر رجعتی تعامل $2HI(g) \rightleftharpoons H_2(g) + I_2(g)$ کے لیے توازن مستقلہ

© NCERT not to be republished

(7.7) $K'_c = [H_2]\,[I_2] / [HI]^2 = 1/x = 1/K_c$

اس طرح

(7.8) $K'_c = 1/K_c$

**''پشت رفت تعامل کے لیے توازن مستقلہ پیش رفت تعامل کے توازن مستقلے کے مقلوب تناسب میں ہوتا ہے۔**

اگر ہم کسی کیمیائی مساوات کو اوّل سے آخرت تک ایک ضریب سے ضرب کر کے تناسب پیا ضربیہ کو تبدیل کر دیں تو ہمیں اس بات کو بھی یقینی بنانا ہوگا کہ توازن مستقلہ کا اظہار بھی اس تبدیلی کو ظاہر کرے۔ مثال کے طور پر اگر مساوات 7.5 کو اس طرح لکھیں

(7.9) $\frac{1}{2} H_2(g) + \frac{1}{2} I_2(g) \rightleftharpoons HI(g)$

تو مندرجہ بالا تعامل کے لیے توازن مستقلہ اس طرح دیا جا سکتا ہے:

$K''_c = [HI] / [H_2]^{1/2}[I_2]^{1/2} = \{[HI]^2 / [H_2][I_2]\}^{1/2}$

(7.10) $= x^{1/2} = K_c^{1/2}$

مساوات 7.5 کو n سے ضرب کرنے پر ہمیں:

7.11 $nH_2(g) + nI_2(g) \rightleftharpoons 2nHI(g)$

حاصل ہوتی ہے۔

لہٰذا تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K_c^n$ کے برابر ہوگا۔ یہ نتائج جدول 7.4 میں دکھائے گئے ہیں۔

**جدول 7.4 ایک عمومی تعامل کے لیے توازن مستقلوں اور اس کے اضعاف کے مابین تعلق**

| توازن مستقلے | کیمیائی مساوات |
|---|---|
| $K$ | $aA + bB \rightleftharpoons cC + D$ |
| $K'_c = (1/K_c)$ | $cC + dD \rightleftharpoons aA + bB$ |
| $K''_c = (K_n^c)$ | $naA + nbB \rightleftharpoons ncC + ndD$ |

یہ قابل غور ہے کہ توازن مستقلوں $K_C$ اور $K'_C$ کی عددی قدریں مختلف ہیں۔ یہ اہم ہے کہ توازن مستقلے کی قیمت کے اظہار کے وقت متوازن کیمیائی مساوات کی شکل کو واضح کیا جائے۔

**مسئلہ 7.1**

500K درجہ حرارت پر $[N_2]$ اور $H_2$ سے $[NH_3]$ بننے میں توازن کے وقت مندرجہ ذیل ارتکاز حاصل ہوتے ہیں $[N_2] = 1.5\times10^{-2}M$ ، $[H_2] = 3.0\times10^{-2}$ M اور $[NH_3] = 1.2\times10^{-2}M$ توازن مستقلہ کی قیمت معلوم کیجیے۔

**حل**

تعامل $N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$ کے لیے توازن مستقلہ اس طرح لکھا جا سکتا ہے۔

$$K_c = \frac{[NH_3(g)]^2}{[N_2(g)][H_2(g)]^3}$$

$$= \frac{(1.2\times10^{-2})^2}{(1.5\times10^{-2})(3.0\times10^{-2})^3}$$

$$= 0.106\times10^4 = 1.06\times10^3$$

**مسئلہ 7.2**

تعامل $N_2(g) + O_2(g) \rightleftharpoons 2NO(g)$ کے لیے ایک سیل بند برتن 800K پر توازن کے وقت ارتکاز $N_2 = 3.0\times10^{-3}M$، $O_2 = 4.2\times10^{-3}M$ اور $NO = 2.8\times10^{-3}M$ پائے گئے۔ تعامل کے لیے $K_C$ کی قیمت کیا ہوگی؟

**حل**

تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K_c$ اس طرح لکھا جا سکتا ہے

$$K_c = \frac{[NO]^2}{[N_2][O_2]}$$

$$= \frac{[2.8\times10^{-3}M]^2}{[3.0\times10^{-3}M][4.2\times10^{-3}M]}$$

$$= 0.622$$

## 7.4 متجانس توازن

## (Homogeneous Equilibria)

ایک متجانس نظام میں تمام متعال اور ماحصل ایک ہی ہیئت میں ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک گیسی تعامل $N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$

© NCERT not to be republished

میں متعامل اور ماحصل ایک متجانس ہیئت میں ہوتے ہیں۔اسی طرح تعاملات،

$$CH_3COOC_2H_5\ (aq) + H_2O\ (l) \rightleftharpoons CH_3COOH(aq) + C_2H_5OH\ (aq)$$

اور $Fe^{3+}\ (aq) + SCN^-(aq) \rightleftharpoons Fe(SCN)^{2+}\ (aq)$ کے لیے تمام متعامل اور ماحصل متجانس محلول ہیئت (Homogeneous Solution Phase) میں ہیں اب ہم کچھ متجانس ہیئت تعاملات کے لیے توازن مستقلے دیکھیں گے

## 7.4.1 گیسی نظام کے لیے توازن مستقلہ (Equilibrium Constant in Gaseous Systems)

اب تک ہم نے تعاملات کے توازن مستقلے مولر ارتکاز کی اصطلاح میں ظاہر کیے ہیں اور اس کے لیے علامت $K_C$ کا استعمال کیا ہے۔ ان تعاملات کی لیے جن میں عام طور پر گیسیں شامل ہوتی ہیں توازن مستقلہ کو جزوی دباؤ (Partial Pressure) کی اصطلاح میں ظاہر کرنا زیادہ آسان ہوتا ہے۔

مثالی گیس مساوات اس طرح لکھی جاتی ہے

$$pV = nRT$$

$$\Rightarrow p = \frac{n}{V}RT$$

یہاں $p$ دباؤ Pa میں ظاہر کیا گیا ہے، $n$ گیس کے مولوں کی تعداد ہے حجم جو کہ $m^3$ میں ظاہر کیا گیا ہے اور $T$ درجہ حرارت کیلون میں ہے۔ لہٰذا، $n/V$، $mol/m^3$ میں ظاہر کیا گیا ارتکاز ہے۔

اگر ارتکاز $mol/L$ یا $mol/dm^3$ میں اور $p$ بار میں ہے تو

$$p = cRT$$

اسے ہم اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں: $p = [gas]\ RT$

یہاں $R = 0.0831$ bar litre/mol K ہے۔

مستقل درجہ حرارت پر کسی گیس کا دباؤ اس کے ارتکاز کے تناسب میں ہوتا ہے، یعنی $p \propto [gas]$

تعامل کے توازن پر ہونے پر

$$H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$$

ہم لکھ سکتے ہیں:

$$K_c = \frac{[HI(g)]^2}{[H_2(g)][I_2(g)]}$$

یا

$$K_c = \frac{(p_{HI})^2}{(p_{H_2})(p_{I_2})} \quad (7.12)$$

مزید: چونکہ

$$p_{HI} = [HI(g)]RT$$

$$p_{I_2} = [I_2(g)]RT$$

$$p_{H_2} = [H_2(g)]RT$$

لہٰذا

$$K_p = \frac{(p_{HI})^2}{(p_{H_2})(p_{I_2})} = \frac{[HI(g)]^2[RT]^2}{[H_2(g)]RT.[I_2(g)]RT}$$

$$= \frac{[HI(g)]^2}{[H_2(g)][I_2(g)]} = K_c \quad (7.13)$$

اس مثال میں $K_p = K_C$ یعنی دونوں توازن مستقلے برابر ہیں تاہم ہمیشہ ہی ایسا نہیں ہوتا۔ مثال کے طور پر تعامل

$$N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$$

$$K_p = \frac{(p_{NH_3})^2}{(p_{N_2})(p_{H_2})^3}$$

$$= \frac{[NH_3(g)]^2[RT]^2}{[N_2(g)]RT.[H_2(g)]^3(RT)^3}$$

$$= \frac{[NH_3(g)]^2[RT]^{-2}}{[N_2(g)][H_2(g)]^3} = K_c(RT)^{-2}$$

$$\text{or } K_p = K_c(RT)^{-2}$$

اسی طرح ایک عام تعامل

$$aA + bB \rightleftharpoons cC + dD$$

کے لیے

$$K_p = \frac{(p_C^c)(p_D^d)}{(p_A^a)(p_B^b)} = \frac{[C]^c[D]^d(RT)^{(c+d)}}{[A]^a[B]^b(RT)^{(a+b)}}$$

$$= \frac{[C]^c[D]^d}{[A]^a[B]^b}(RT)^{(c+d)-(a+b)}$$

$$= \frac{[C]^c[D]^d}{[A]^a[B]^b}(RT)^{\Delta n} = K_c(RT)^{\Delta n} \quad (7.15)$$

© NCERT not to be republished

جہاں ایک متوازن کیمیائی مساوات میں $\Delta n$= (گیسی ماحصلات کے مولوں کی تعداد)۔ (گیسی متعاملوں کے مولوں کی تعداد) (یہ ضروری ہے کہ جب $K_p$ کی قیمت معلوم کریں تو دباؤ کا اظہار بار اکائی میں ہو کیونکہ معیاری حالت 1bar ہے)۔ باب 1 سے ہم جانتے ہیں کہ

1 پاسکل، $Pa = 1Nm^{-2}$ اور 1 بار = $10^5$ Pa

کچھ چنندہ تعاملات کے لیے مختلف درجہ حرارت پر $K_p$ کی قیمتیں جدول 7.5 میں دکھائی گئی ہیں۔

**جدول 7.5 کچھ چنندہ تعاملات کے لیے توازن مستقلے $k_p$**

| $K_p$ | درجہ حرارت/K | تعامل |
|---|---|---|
| $6.8 \times 10^5$ | 298 | $N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3$ |
| 41 | 400 | |
| $3.6 \times 10^{-2}$ | 500 | |
| $4.0 \times 10^{24}$ | 298 | $2SO_2(g) + O_2(g) \rightleftharpoons 2SO_3(g)$ |
| $2.5 \times 10^{10}$ | 500 | |
| $3.0 \times 10^4$ | 700 | |
| 0.98 | 298 | $N_2O_4(g) \rightleftharpoons 2NO_2(g)$ |
| 47.9 | 400 | |
| 1700 | 500 | |

**مسئلہ 7.3**

500 K پر $PCl_5$, $PCl_3$ اور $Cl_2$ توازن کی حالت میں ہیں اور ان کے ارتکاز 1.59 M $PCl_3$، 1.59M $Cl_2$ اور 1.41 M $PCl_5$ ہیں تعامل $PCl_5 \rightleftharpoons PCl_3 + Cl_2$ کے لیے $K_C$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

**حل**

مندرجہ بالا تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K_C$ اس طرح لکھا جاسکتا ہے،

$$K_c = \frac{[PCl_3][Cl_2]}{[PCl_5]} = \frac{(1.59)^2}{(1.41)} = 1.79$$

**مسئلہ 7.4**

مندرجہ ذیل تعامل

$$CO(g) + H_2O(g) \rightleftharpoons CO_2(g) + H_2(g)$$

کے لیے 800 K پر $K_p = 4.24$ ہے۔ 800K پر $CO_2$، $H_2$، CO اور $H_2O$ کے توازن ارتکاز معلوم کیجیے اگر شروع میں صرف CO اور $H_2O$ کے ارتکاز 0.10M ہوں۔

**حل**

تعامل

$$CO(g) + H_2O(g) \rightleftharpoons CO_2(g) + H_2(g)$$

کے لیے ابتدائی ارتکاز ہیں۔

0.1M    0.1M    0    0

مان لیجیے کہ ہر ایک ماحصل کے x مول بن رہے ہیں۔

توازن کے وقت

(0.1-x) M    (0.1-x) M    x M    x M

جہاں x توازن کے وقت $CO_2$ اور $H_2$ کی مقداریں ہیں۔ لہٰذا توازن مستقلہ کو اس طرح لکھا جاسکتا ہے۔

$K_C = x^2/(0.1-x)^2 = 4.24$

$x^2 = 4.24(0.01 + x^2 - 0.2x)$

$x^2 = 0.0424 + 4.24x^2 - 0.848x$

$3.24x^2 - 0.848x + 0.0424 = 0$

$a = 3.24,\ b = -0.848,\ c = 0.0424$

دو درجی مساوات $ax^2 + bx + c = 0$ کے لیے

$$x = \frac{\left(-b \pm \sqrt{b^2 - 4ac}\right)}{2a}$$

$x = 0.848 \pm \sqrt{(0.848)^2 - 4(3.24)(0.0424)} / (3.24 \times 2)$

$x = (0.848 \pm 0.4118)/ 6.48$

$x_1 = (0.848 - 0.4118)/6.48 = 0.067$

$x_2 = (0.848 + 0.4118)/6.48 = 0.194$

قدر 0.194 کو نظر انداز کیا جاسکتا ہے کیونکہ یہ متعامل کے ارتکاز کو بتاتی ہے جو ابتدائی ارتکاز سے زیادہ ہے۔

لہٰذا توازنی ارتکاز مندرجہ ذیل ہوں گے:

$[CO_2] = [H_{2-}] = x = 0.067$ M

$[CO] = [H_2O] = 0.1 - 0.067 = 0.033$ M

**مسئلہ 7.5**

توازن $2NOCl(g) \rightleftharpoons 2NO(g) + Cl_2(g)$ کے لیے توازن $K_c$ درجہ حرارت 1069K پر $3.75 \times 10^{-6}$ ہے۔ اس درجہ حرارت پر تعامل کے لیے $K_p$ معلوم کیجیے؟

**حل**

ہم جانتے ہیں کہ

$$K_p = K_c (RT)^{\Delta n}$$

مندرجہ بالا مساوات کے لیے

$$\Delta n = (2+1) - 2 = 1$$

$$K_p = 3.75 \times 10^{-6} \ (0.0831 \times 1069)$$

$$K_p = 0.033$$

## 7.5 غیر متجانس توازن

## (Heterogeneous Equilibria)

ایک سے زیادہ ہیئت والے نظاموں کے توازن غیر متجانس توازن (Heterogeneous Equilibrium) کہلاتے ہیں۔ ایک بند برتن میں ابخرات اور پانی کے درمیان توازن، غیر متجانس توازن کی مثال ہے۔

$$H_2O(l) \rightleftharpoons H_2O(g)$$

اس مثال میں ایک گیس ہیئت ہے اور دوسری رقیق ہیئت ہے۔ اس طرح ایک ٹھوس اور اس کے سیر شدہ محلول کے درمیان توازن ایک غیر متجانس توازن ہے۔

$$Ca(OH)_2 \ (s) + (aq) \rightleftharpoons Ca^{2+} \ (aq) + 2OH^- (aq)$$

غیر متجانس توازن میں عام طور پر خالص ٹھوس یا رقیق شامل ہوتے ہیں۔ خالص رقیق یا خالص ٹھوس والے غیر متجانس توازن کے لیے ہم توازن کے اظہار کو آسان کر سکتے ہیں کیونکہ خالص ٹھوس یا رقیق کے مولر ارتکاز مستقل ہوتے ہیں۔ (یعنی مقدار سے مبرّا ہوتے ہیں)۔ دوسرے الفاظ میں اگر شے 'X' شامل ہے تو [X(s)] اور [X(l)] مستقل ہوں گے خواہ 'X' کی مقدار کچھ بھی ہو، اس کے برعکس [X(g)] اور [X(aq)] میں فرق ہوگا کیونکہ ایک دیے ہوئے حجم میں X کی مقدار تبدیل ہوجاتی ہے۔ آیئے ہم کیلشیم کاربونیٹ کے حراری افتراق کو لیتے ہیں جو متجانس کیمیائی توازن کی ایک دلچسپ اور اہم مثال ہے۔

$$CaCO_3(s) \overset{\Delta}{\rightleftharpoons} CaO(s) + CO_2(g) \quad (7.16)$$

تناسب پیمائی مساوات کی بنیاد پر ہم لکھ سکتے ہیں۔

$$K_c = \frac{[CaO(s)][CO_2(g)]}{[CaCO_3(s)]}$$

چونکہ [CaCO₃(s)] اور [CaO(s)] دونوں مستقل ہیں، لہٰذا، کیلشیم کاربونیٹ کے حراری افتراق کے لیے تبدیل شدہ توازن مستقلہ اس طرح ہوگا۔

$$K_c = [CO_2(g)] \quad (7.17)$$

یا

$$K_p = p_{CO_2} \quad (7.18)$$

### توازن مستقلہ کی اکائیاں

### (Units of Equilibrium Constant)

توازن مستقلہ $K_C$ کی قدر ارتکازی ارکان کو mol/L میں تبدیل کر کے معلوم کی جا سکتی ہے اور $K_p$ کے لیے جزوی دباؤ کو Pa، kPa، bar یا atm میں تبدیل کر کے معلوم کر سکتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں توازن مستقلہ کی اکائیاں حاصل ہوتی ہیں جن کا انحصار مولاریت یا دباؤ پر ہوتا ہے جب تک کہ شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کے قوت نما یکساں نہ ہوں۔

مندرجہ ذیل تعاملات $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI$ کے $K_c$ کے لیے اور $K_p$ کی کوئی اکائی نہیں ہے۔ $N_2O_4(g) \rightleftharpoons 2NO_2(g)$ $K_C$ کی اکائی mol/L اور $K_p$ کی اکائی بار ہے۔

توازن مستقلوں کو بغیر جسامت کی مقداروں کی شکل میں بھی ظاہر کیا جاسکتا ہے اگر متعامل اور ماحصل کی معیاری حالتیں بتائی گئی ہوں۔ ایک خالص گیس کے لیے معیاری حالت 1 bar ہے۔ لہٰذا خالص حالت میں 4 bar کو اس طرح ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ 4bar/1bar=4 جو ایک غیر جسامتی (Dimensionless) عدد ہے۔ ایک منحل کے لیے معیاری حالت ($C_0$) 1 مولر محلول ہے اور تمام ارتکاز اسی حوالے سے ناپے جا سکتے ہیں۔ توازن مستقلہ کی عددی قیمت منتخب معیاری حالت پر منحصر ہوتی ہے۔ لہٰذا اس نظام میں $K_p$ اور $K_C$ دونوں ہی بغیر جسامت کی مقداریں ہیں لیکن مختلف معیاری حالتوں کی وجہ سے ان کی عددی قیمتیں مختلف ہوتی ہیں۔

© NCERT not to be republished

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ایک خاص درجہ حرارت پر $CO_2$ کا مستقل ارتکاز یا دباؤ $CaO(s)$ اور $CaCO_3(s)$ کے ساتھ توازن میں ہوتا ہے۔ تجربہ کے ذریعہ یہ پایا گیا کہ 1100K پر $CO_2$ کا دباؤ جو $CaO(s)$ اور $CaCO_3(s)$ کے ساتھ توازن میں ہے $2.0 \times 10^5$ Pa ہے۔ لہٰذا 1100K پر مندرجہ بالا تعامل کا توازن مستقلہ مندرجہ ذیل ہوگا:

$$K_p = p_{CO_2} = 2\times10^5\,\text{Pa}/10^5\,\text{Pa} = 2.00$$

اسی طرح نِکل، کاربن مونو آکسائڈ اور نِکل کاربونِل (نکل کی تخلیص میں استعمال کیا گیا) کے درمیان توازن میں،

$$Ni\,(s) + 4\,CO\,(g) \rightleftharpoons Ni(CO)_4\,(g)$$

توازن مستقلہ اس طرح لکھا جا سکتا ہے،

$$K_c = \frac{[Ni(CO)_4]}{[CO]^4}$$

یہ یاد رکھنا چاہیے کہ غیر متجانس توازن میں توازن قائم کرنے کے لیے خالص ٹھوس یا رقیق موجود ہونا چاہیے (خواہ وہ کتنے ہی کم کیوں نہ ہوں)، لیکن ان کے ارتکاز یا جزوی دباؤ توازن مستقلہ کی عبادت میں ظاہر نہیں ہوتے۔ مندرجہ ذیل تعامل میں:

$$Ag_2O(s) + 2HNO_3(aq) \rightleftharpoons 2AgNO_3(aq) + H_2O(l)$$

$$K_c = \frac{[AgNO_3]^2}{[HNO_3]^2}$$

**مسئلہ 7.6**

تعامل $CO_2\,(g) + C\,(s) \rightleftharpoons 2CO\,(g)$ کے لیے $K_p$ کی قدر 1000 K پر 3.0 ہے۔ اگر شروع میں $p_{CO_2} = 0.48$ bar اور $p_{CO} = 0$ bar اور خالص گریفائٹ موجود ہو تو CO اور $CO_2$ کے توازن جزوی دباؤ معلوم کیجیے۔

**حل**

تعامل کے لیے

مان لیجیے کہ $CO_2$ کی x مقدار نے تعامل کیا، تب

$$CO_2(g) + C(s) \rightleftharpoons 2CO(g)$$

| | | |
|---|---|---|
| ابتدائی دباؤ | 0.48 bar | 0 |
| توازن کے وقت | (0.48–x) bar | 2x bar |

$$K_p = \frac{p_{CO}^2}{p_{CO_2}}$$

$K_p = (2x)^2/(0.48 - x) = 3$

$4x^2 = 3(0.48 - x)$
$4x^2 = 1.44 - x$
$4x^2 + 3x - 1.44 = 0$
$a = 4,\ b = 3,\ c = -1.44$

$$x = \frac{\left(-b \pm \sqrt{b^2 - 4ac}\right)}{2a}$$

$= [-3 \pm \sqrt{(3)^2 - 4(4)(-1.44)}]/2 \times 4$

$= (-3 \pm 5.66)/8$

$= (-3 + 5.66)/8$

(چونکہ x کی قیمت منفی نہیں ہو سکتی لہٰذا ہم اسے نظر انداز کر دیتے ہیں)

$x = 2.66/8 = 0.33$

توازن جزوی دباؤ مندرجہ ذیل ہوں گے۔

$p_{co} = 2x = 2 \times 0.33 = 0.66$ bar

$p_{co_2} = 0.48 - x = 0.48 - 0.33 = 0.15$ bar

## 7.6 توازن مستقلوں کے استعمال (Applications Of Equilibrium Constants)

توازن مستقلوں کے استعمال کو سمجھنے سے پہلے آیئے ہم توازن مستقلہ کی اہم خصوصیات کا خلاصہ کرتے ہیں:

1۔ توازن مستقلہ اس وقت استعمال ہوتا ہے جب متعامل اور ماحصل کے ارتکاز اپنی حالتِ توازن کو پہنچ جاتے ہیں۔

2۔ توازن مستقلہ کی قدر متعامل اور ماحصل کے ابتدائی ارتکاز سے آزاد ہوتی ہے۔

3۔ توازن مستقلہ درجہ حرارت پر منحصر ہوتا ہے۔ کسی خاص تعامل کے لیے جس کا اظہار دیے ہوئے درجہ حرارت پر متوازن مساوات کے ذریعہ کیا جاتا ہے، اس کی قدر ایک منفرد اور مخصوص ہوتی ہے۔

© NCERT not to be republished

4۔ پشت رفت تعامل کے لیے توازن مستقلہ کی قدر پیش رفت تعامل کے توازن مستقلہ کے مقلوب کے برابر ہوتی ہے۔

5۔ کسی تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K$ اس نظیری تعامل کے توازن مستقلہ سے تعلق رکھتا ہے جس کی مساوات اصل تعامل کو کسی چھوٹے صحیح عدد سے ضرب یا تقسیم کر کے حاصل کی جاتی ہے۔

آیئے ہم مندرجہ ذیل کے لیے توازن مستقلہ کے استعمال پر غور کرتے ہیں:

- قدر کی بنیاد پر کسی تعامل کی حد کی پیشین گوئی کرنے میں،
- تعامل کی سمت کی پیشین گوئی کرنے میں اور
- توازن ارتکاز کی تحسیب میں۔

### 7.6.1 تعامل کی حد کی پیشین گوئی کرنا (Predicting the Extent of a Reaction)

کسی تعامل کے توازن مستقلہ کی عددی قدر (Numerical Value) تعامل کی حد کو ظاہر کرتی ہے۔ لیکن یہ قابل غور ہے کہ توازن ایسی کوئی معلومات فراہم نہیں کرتا جس سے یہ اندازہ ہو کہ تعامل کی شرح کیا ہے جس پر توازن پہنچا ہے۔ $K_c$ یا $K_p$ کی قدر ماحصل کے ارتکاز کے براہ راست تناسب میں (جیسا کہ توازن مستقلہ کی عبادت میں شمار کنندہ سے ظاہر ہوتی ہیں) اور متعامل کے مقلوب تناسب میں (یہ نسب نما میں ظاہر ہوتی ہیں) ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ K کی بہت زیادہ قدر ماحصل کے بہت زیادہ ارتکاز کو ظاہر کرتی ہے اور اس کے برعکس بھی۔

توازن آمیزے کی ترکیب سے متعلق ہم مندرجہ ذیل تعمیمات قائم کر سکتے ہیں۔

- اگر $K_c > 10^3$ ہے تو ماحصل متعامل پر سبقت حاصل کر لیں گے، یعنی اگر $K_c$ بہت زیادہ ہے تو تعامل تقریباً اختتام کو پہنچے گا۔ مندرجہ ذیل مثالوں کا مطالعہ کیجیے:

(a) 500 K پر $H_2$ کا $O_2$ کے ساتھ تعامل ہونے پر توازن مستقلہ بہت زیادہ ہے: $K_c = 2.4 \times 10^{47}$

(b) 300 K پر تعامل $H_2(g) + Cl_2(g) \rightleftharpoons 2HCl(g)$ کے لیے $K_c = 4.0 \times 10^{31}$ ہے۔

(c) 300 K پر تعامل $H_2(g) + Br_2(g) \rightleftharpoons 2HBr(g)$ کے لیے $K_c = 5.4 \times 10^{18}$ ہے۔

- اگر $K_c < 10^{-3}$ ہو تو متعامل ماحصل پر سبقت حاصل کر لیں گے: یعنی اگر $K_c$ کی قیمت بہت کم ہے تو تعامل آگے بڑھے گا۔ مندرجہ ذیل مثالوں کا مطالعہ کیجیے:


(a) 500 K پر $H_2O$ کی $H_2$ اور $O_2$ میں تحلیل کے لیے توازن مستقلہ بہت کم ہے: $K_c = 4.1 \times 10^{-48}$

(b) $N_2(g) + O_2(g) \rightleftharpoons 2NO(g)$ کے لیے 298K پر $K_c = 4.8 \times 10^{-31}$ ہے

- اگر $K_c$ $10^3$ سے $10^{-3}$ کی رینج میں ہے تو متعامل اور ماحصل دونوں کی مقداریں موجود ہوں گی۔ مندرجہ ذیل مثالیں دیکھئے:

(a) HI بنانے کے لیے $H_2$ اور $I_2$ کا 700 K پر تعامل $K_c = 57.0$

(b) $N_2O_2$ کی $NO_2$ میں تحلیل گیس حالت کے تعامل کی دوسری مثال ہے جس میں 25°c پر $K_c = 4.64 \times 10^{-3}$ ہے جو نہ تو بہت زیادہ ہے اور نہ بہت کم۔ اس لیے توازن آمیزے میں $NO_2$ اور $NO_2N_2O_2$ دونوں ہی پائے جاتے ہیں۔ یہ تعمیمات مندرجہ ذیل شکل 7.6 میں ظاہر کی گئی ہیں۔




**شکل 7.6** تعامل کی حد کا $K_c$ پر انحصار

### 7.6.2 تعامل کی سمت کی پیشین گوئی کرنا (Predicting the Direction of the Reaction)

توازن مستقلہ کسی دیے ہوئے تعامل کی کسی بھی سطح پر جاری رہنے والی سمت کی پیشین گوئی کرنے میں مدد کرتا ہے۔ اس کے لیے ہم **تعامل خارج قسمت Q** (Reaction Quotient) معلوم کرتے ہیں تعامل خارج قسمت ($Q_c$ مولر ارتکاز کے ساتھ اور $Q_p$ جزوی دباؤ کے ساتھ) کی تعریف اسی طرح بیان کی جاتی ہے جس طرح کے توازن مستقلہ $K$ کی

کرتے ہیں، سوائے اس کے کہ $Q_c$ میں ضروری نہیں ہے کہ ارتکاز توازن قیمتیں ہوں۔ ایک عام تعامل کے لیے:

$$a\,A + b\,B \rightleftharpoons c\,C + d\,D \qquad (7.19)$$

$$Q_c = [C]^c[D]^d \;/\; [A]^a[B]^b \qquad (7.20)$$

اگر $Q_c > K_c$ تو تعامل متعامل کی سمت بڑھے گا (پشت رفت تعامل)۔

اگر $Q_c > K_c$ تو تعامل ماحصل کی سمت بڑھے گا (پیش رفت تعامل)۔

اگر $Q_c = K_c$ تو تعامل آمیزہ پہلے سے ہی توازن میں ہے۔

$H_2$ کا $I_2$ کے ساتھ گیسی تعامل پر غور کیجیے۔

$H2(g) + I2(g)\ \ 2HI(g)$؛ 700 K پر $K_c = 57.0$ ہے۔ مان لیجیے کہ ہمارے پاس مولر ارتکاز $[H_2]_t = 0.10M$ ، $[I_2]_t = 0.20$ M اور $[HI]_t = 0.40$ M (زیریں علامت t جو ارتکاز کی علامات کے ساتھ ہے یہ بتاتی ہے کہ ارتکاز کسی من مانے (Arbitary) وقت پر لیا گیا ہے اور یہ ضروری نہیں ہے کہ یہ توازن میں ہو)۔


لہٰذا، تعامل کی اس اسٹیج پر تعامل خارج قسمت کو اس طرح دیا جاسکتا ہے؛

$$Q_c = [HI]_t^2 \;/\; [H_2]_t\,[I_2]_t = (0.40)^2/\,(0.10)\times(0.20) = 8.0$$

اب، اس کیس میں $K_c$ (8.0)، $K_c$ (57.0) کے برابر ہے، لہٰذا $H_2(g)$، $I_2(g)$ اور $HI(g)$ کا آمیزہ توازن میں نہیں ہے: یعنی مزید $H_2$ گیس $I_2$ گیس سے تعامل کر کے زیادہ HI تیار کرے گی $Q_c = K_c$ ہونے تک اور ان کے ارتکاز میں کمی واقع ہوگی۔

$Q_c$ اور $K_c$ کی قدروں کا موازنہ کرتے ہوئے تعامل خارج قسمت $Q_c$ تعامل کی سمت کی پیشین گوئی کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

لہٰذا تعامل کی سمت سے متعلق ہم مندرجہ ذیل تعمیمات قائم کر سکتے ہیں:




**شکل 7.7** تعامل کی سمت کی پیشین گوئی کرنا

- اگر $Q_c < K_c$ تعامل بائیں سے دائیں سمت جائے گا۔
- اگر $Q_c > K_c$ تو تعامل دائیں سے بائیں سمت جائے گا۔
- اگر $Q_c = K_c$ تو کوئی نیٹ تعامل نہیں ہوگا۔

**مسئلہ 7.7**

تعامل $2A \rightleftharpoons B + C$ کے لیے $K_c$ کی قیمت $2 \times 10^{-3}$ ہے۔ ایک دیے ہوئے وقت پر توازن آمیزے کی ترکیب $[A] = [B] = [C] = 3 \times 10^{-4}$ M ہے۔ تعامل کس سمت میں آگے بڑھ رہا ہے۔

**حل**

تعامل کے لیے تعامل خارج قسمت $Q_c$ اس طرح دیا جاسکتا ہے۔

$$Q_c = [B][C]/\,[A]^2$$

چونکہ

$[A] = [B] = [C] = 3 \times 10^{-4}$M ہے، تو

$$Q_c = (3 \times 10^{-4})(3 \times 10^{-4})\;/\;(3 \times 10^{-4})^2 = 1$$

چونکہ $Q_c > K_c$ ہے لہٰذا تعامل پشت رفت ہوگا۔

### 7.6.3 توازن ارتکاز کی تحسیب (Calculating Equilibrium Concentrations)

ایسے کیس میں جہاں ہمیں ابتدائی ارتکاز معلوم ہوں لیکن ہم کسی بھی توازن ارتکاز کو نہیں جانتے تو ہمیں مندرجہ ذیل اقدامات کرنے ہوں گے۔

**قدم 1۔** تعامل کے لیے متوازن مساوات لکھیے

**قدم 2۔** متوازن مساوات کے نیچے ایک جدول بنائیے جس میں تعامل میں حصہ لینے والے مادّوں کے لیے فہرست بنائیں جس میں:

(a) ابتدائی ارتکاز لکھے جائیں،

(b) توازن کی سمت بڑھتے وقت ارتکاز میں تبدیل لکھی جائے اور

(c) توازن ارتکاز لکھے جائیں۔

جدول بناتے وقت توازن کی سمت بڑھتے ہوئے کسی ایک متعامل کے ارتکاز (mol/L) کو x سے ظاہر کیجیے، اس کے بعد تعامل کی تناسب پیمائی کا استعمال کرتے ہوئے دوسرے مادّوں کے ارتکاز x کے حوالے سے معلوم کیجیے۔

© NCERT not to be republished

**قدم 3**۔ تعامل کی توازن مساوات میں توازن ارتکاز کی قیمت رکھ کر x کی قیمت معلوم کیجیے۔ اگر آپ ایک دو درجی مساوات حل کر رہے ہیں تو ایسے ریاضیاتی حل کا انتخاب کیجیے جس کا کوئی کیمیائی مطلب ہو۔

**قدم 4** ۔ x کے لیے معلوم کی گئی قیمت کی مدد سے توازن ارتکاز معلوم کیجیے۔

**قدم 5**۔ اپنے جوابات کی جانچ توازن مساوات میں ان نکالی گئی قیمتوں کو رکھ کر کیجیے۔

### مسئلہ 7.8

13.8g $N_2O_4$ کو 400K پر 1L والے تعاملی برتن میں رکھا گیا ہے اور توازن کی حالت کو پہنچنے دیا جاتا ہے۔

$$N_2O_4\ (g) \rightleftharpoons 2NO_2\ (g)$$

توازن کے وقت کل دباؤ 9.15 bar پایا گیا۔ توازن کے وقت $K_c$، $K_p$ اور جزوی دباؤ معلوم کیجیے۔

### حل

ہم جانتے ہیں کہ $pV = nRT$

کل حجم $(V) = 1\ L$

$N_2O_4$ کی سالماتی کمیت $92\ g$

مولوں کی تعداد $0.15 = 13.8g/92\ g$ گیس $(n)$

گیس مستقلہ $(R) = 0.083\ bar\ L\ mol^{-1}K^{-1}$

درجہ حرارت $(T) = 400\ K$

$$pV = nRT$$

$$p \times 1L = 0.15\ mol \times 0.083\ bar\ L\ mol^{-1}K^{-1} \times 400\ K$$

$$p = 4.95\ bar$$

| | $N_2O_4$ | $\rightleftharpoons$ | $2NO_2$ |
|---|---|---|---|
| ابتدائی دباؤ | 4.98 bar | | 0 |
| توازن کے وقت | (4.98–x) bar | | 2x bar |

لہٰذا

توازن کے وقت $p_{total} = p_{N_2O_4} + p_{NO_2}$

$$9.15 = (4.98 - x) + 2x$$

$$9.15 = 4.98 + x$$

$$x = 9.15 - 4.98 = 4.17 bar$$

توازن کے وقت جزوی دباؤ

$p_{N_2O_4} = 4.98 - 4.17 = 0.81 bar$

$p_{NO_2} = 2x = 2 \times 4.17 = 8.34\ bar$

$K_p = (p_{NO_2})^2 / p_{N_2O_4}$

$= (8.34)^2/0.81 = 85.87$

$K_p = K_c(RT)^{\Delta n}$

$85.87 = K_c(0.083 \times 400)^1$

$K_c = 2.586 = 2.6$

### مسئلہ 7.9

3.0 مول $PCl_5$ کو 300 K پر 1L والے بند تعاملی برتن میں توازن قائم کرنے کے لیے چھوڑا گیا۔ توازن کے وقت آمیزے کی ترکیب کا حساب لگائیے۔ $K_c = 1.80$

### حل

| | $PCl_5$ | $\rightleftharpoons$ | $PCl_3$ | + | $Cl_2$ |
|---|---|---|---|---|---|
| ابتدائی ارتکاز | 3.0 | | 0 | | 0 |

مان لیجیے $PCl_5$ کے X مول کا افتراق ہوا

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| توازن کے وقت | (3–X) | | X | | X |

$K_c = [PCl_3][Cl_2]/[PCl_5]$

$1.8 = x^2/(3 - x)$

$x^2 + 1.8x - 5.4 = 0$

$x = [-1.8 \pm \sqrt{(1.8)^2 - 4(-5.4)}]/2$

$x = [-1.8 \pm \sqrt{3.24 + 21.6}]/2$

$x = [-1.8 \pm 4.98]/2$

$x = [-1.8 + 4.98]/2 = 1.59$

$[PCl_5] = 3.0 - x = 3 - 1.59 = 1.41\ M$

$[PCl_3] = [Cl_2] = x = 1.59\ M$

© NCERT not to be republished

## 7.7 توازن مستقلہ K، تعامل خارج قسمت Q اور گبس توانائی G میں تعلق (Relationship Between Equilibrium Constant K, Reaction Quotient Q And Gibbs Energy G)

کسی تعامل کے لیے $K_c$ کی قیمت اس کی تعامل کی شرح پر منحصر نہیں ہوتی۔ تاہم جیسا کہ آپ نے باب 6 میں پڑھا ہے یہ تعامل کی حرحرکیات پر، اور خاص طور پر گبس توانائی میں تبدیلی $\Delta G$ پر براہ راست منحصر ہوتی ہے اگر:

- $\Delta G$ منفی ہے، تو تعامل ازخود ہوگا اور آگے کی سمت بڑھے گا۔
- $\Delta G$ مثبت ہے، تو تعامل ازخود نہیں ہوگا۔ بلکہ رجعت پذیر تعامل کے طور پر منفی $\Delta G$ ہوگی، پیش رفت تعامل کے ماحصل متعامل میں تبدیل ہو جائیں گے۔
- $\Delta G$ صفر ہے تو تعامل نے توازن حاصل کر لیا ہے: اس مقام پر کوئی آزاد توانائی موجود نہیں ہے جو تعامل کو آگے بڑھا سکے۔

توازن کے اس حرحرکیاتی نظریے کے لیے ایک ریاضیاتی عبارت مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کی جا سکتی ہے:

$$\Delta G = \Delta G^{\ominus} + RT \ln Q \quad (7.21)$$

جہاں $G^{\ominus}$ معیار گبس توانائی ہے

توانائی کی حالت میں جب $\Delta G = 0$ اور $Q = K_c$ ہوگا تب مساوات 7.21 اس طرح ہوگی۔

$$\Delta G = \Delta G^{\ominus} + RT \ln K = 0$$

$$\Delta G^{\ominus} = - RT \ln K \quad (7.22)$$

$$\ln K = - \Delta G^{\ominus}/RT$$

دونوں جانب کا اینٹی لوگارتم لینے کے بعد ہمیں حاصل ہوتا ہے،

$$K = e^{-\Delta G^{\ominus}/RT} \quad (7.23)$$

لہٰذا مساوات (7.23) کا استعمال کرتے ہوئے، تعامل کی ازخود کاری کو $\Delta G^{\ominus}$ کی اصطلاح میں بیان کیا جا سکتا ہے۔

- اگر $\Delta G^{\ominus} < 0$، تو $\Delta G^{\ominus}/RT$ مثبت ہوگا اور $e^{-\Delta G^{\ominus}/RT}$ ہوگا جو $K > 1$ بنائے گا۔ جس کا مطلب ہے کہ ازخود تعامل یا وہ تعامل جو اس حد تک پیش رفت ہوگا کہ ماحصل کی مقدار کافی ہوگی۔
- اگر $\Delta G^{\ominus} > 0$، تو $-\Delta G^{\ominus}/RT$ منفی ہوگا اور $e^{-\Delta G^{\ominus}/RT} < 1$ یعنی $K < 1$ جس کا مطلب ہے کہ غیر ازخود تعامل یا وہ تعامل جو آگے کی سمت ہوگا اتنا کم ہوگا کہ نہایت کم مقدار میں ماحصل تیار ہوگا۔

**مسئلہ 7.10**

گلائیکولسس (Glycolysis) میں گلوکوز کے فاسفوریلیشن (Phosphorylation) کے لیے $\Delta G^{\ominus}$ کی قیمت 13.8kJ/mol ہے۔ 298 K پر $K_c$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

**حل**

$$\Delta G^{\ominus} = 13.8 \text{ kJ/mol} = 13.8 \times 10^3 \text{J/mol}$$

اور یہ بھی کہ $\Delta G^{\ominus} = -RT \ln K_c$

تو پھر $\ln K_c = \dfrac{-13.8 \times 10^3 \text{J/mol}}{(8.314 \text{ J mol}^{-1}\text{K}^{-1} \times 298 \text{ K})}$

$$\ln K_c = -5.569$$

$$K_c = e^{-5.569}$$

$$K_c = 3.81 \times 10^{-3}$$

**مسئلہ 7.11**

سوکروز کی آپ پاشیدگی (Hydrolysis) سے ہمیں حاصل ہوتا ہے۔

$$\text{Sucrose} + H_2O \rightleftharpoons \text{Glucose} + \text{Fructose}$$

مساوات کے لیے 300 K پر توازن مستقلہ $K_c$ $2\times10^{13}$ ہے $\Delta G^{\ominus}$ معلوم کیجیے۔

**حل**

$$\Delta G^{\ominus} = - RT \ln K_c$$

$$\Delta G^{\ominus} = - 8.314 \text{J mol}^{-1}\text{K}^{-1} \times 300\text{K} \times \ln(2\times10^{13})$$

$$\Delta G^{\ominus} = - 7.64 \times 10^4 \text{ J mol}^{-1}$$

© NCERT not to be republished

## 7.8 توازن کو متاثر کرنے والے عوامل (Factors Affecting Equilibria)

کیمیائی تالیف کے اہم مقاصد میں سے ایک اہم مقصد یہ ہے کہ متعامل زیادہ سے زیادہ مقدار میں ماحصل میں تبدیل ہوں جبکہ خرچ کی گئی توانائی کمترین ہو۔ اس کا مطلب معتدل درجہ حرارت اور دباؤ پر ماحصل کی زیادہ سے زیادہ مقدار کو حاصل کرنا۔ اگر یہ نہیں ہوتا ہے تو تجرباتی حالات کو موافق بنانے کی ضرورت ہے۔ مثال کے طور پر، ہیبر عمل کے ذریعہ $N_2$ اور $H_2$ سے $NH_3$ کی تالیف کے لیے تجرباتی حالات کا انتخاب حقیقی معاشی اہمیت کا حامل ہے۔ امونیا کی عالمی سالانہ پیداوار تقریباً ایک کروڑ ٹن ہے۔ کیمیائی کھاد کے بطور اس کا سب سے زیادہ استعمال ہے۔

توازن مستقلہ $K_c$، ابتدائی ارتکاز پر منحصر نہیں ہے۔ لیکن اگر توازن کے وقت نظام میں کسی ایک یا زیادہ متعامل مادّے کے ارتکاز میں تبدیلی کر دی جائے تو نظام توازن میں قائم نہیں رہے گا، اور کل تعامل کسی بھی سمت میں اس وقت تک جائے گا جب تک کہ توازن دوبارہ قائم نہ ہو جائے۔ اسی طرح نظام کے درجہ حرارت یا دباؤ میں تبدیلی توازن کو بدل سکتی ہے۔ یہ طے کرنے کے لیے کہ تعامل کون سی راہ اختیار کرے گا یا ایک مقداری پیشین گوئی کے لیے کہ حالات میں تبدیلی کا توازن پر کیا اثر ہوگا، ہم لی-چیٹلیئر کے اصول کا استعمال کرتے ہیں۔ یہ بتاتا ہے کہ **”کسی ایسے جُز میں تبدیلی جو کسی نظام کی توازن حالت طے کرتی ہو، نظام میں اس طرح کی تبدیلی پیدا کر دیتی کہ وہ اس جُز کے اثرات کو کم یا زائل کر دیتا ہے۔“ اس کا اطلاق تمام طبیعی اور کیمیائی توازن پر ہوتا ہے۔** اب ہم ان عوامل سے بحث کریں گے جو توازن کو متاثر کر سکتے ہیں۔

### 7.8.1 ارتکاز میں تبدیلی کا اثر (Effect of Concentration Change)

عام طور پر جب توازن میں کسی متعامل / ماحصل کے اضافہ / اخراج سے خلل پیدا ہوتا ہے، تو لی چیٹلیئر اصول پیشین گوئی کرتا ہے کہ۔

- داخل کیے گئے متعامل / ماحصل کا ارتکازی دباؤ کل تعامل کی اس سمت سے راحت حاصل کرے گا جو داخل کیے گئے مادے کا اسراف کرتی ہے۔
- اخراج کیے گئے متعامل / ماحصل کا ارتکازی دباؤ کل تعامل کی اس سمت سے راحت حاصل کرے گا جو اخراج کیے گئے مادہ کو پُر کرتی ہے۔


دوسرے الفاظ میں

”جب کبھی کسی متعامل یا ما حصل کے ارتکاز کو تعامل کے توازن کے دوران تبدیل کیا جاتا ھے، تو توازن آمیزے کی ترکیب اس انداز میں تبدیل ھوتی ھے کہ ارتکاز کی تبدیلیوں کے اثرات کمترین ھو سکیں۔“

آیئے ایک تعامل لیتے ہیں:

$H_2(g) + I_2(g)\ 2HI(g)$

اگر توازن کے وقت تعامل آمیزے میں $H_2$ کی مقدار بڑھائی جائے، تو تعامل کے توازن میں خلل پیدا ہوگا۔ اس کو قائم رکھنے کے لیے تعامل اس سمت میں بڑھے گا جہاں $H_2$ استعمال ہو رہی ہے، یعنی زیادہ $H_2$ اور $I_2$ تعامل کر کے HI بنائیں گے اور آخر کار تعامل داہنی سمت (پیش رفت) میں بڑھے گا (شکل 7.8)۔ یہ لی چیٹلیئر کے اصول کے مطابق ہے جس کے مطابق کسی متعامل / ماحصل کے اضافہ کرنے پر ایک نیا توازن قائم ہوگا جس میں متعامل / ماحصل کا ارتکاز اس سے کم ہوگا جتنا کہ اضافہ کے بعد ہوا لیکن اس سے کم ہوگا جو ابتدائی آمیزے میں تھا۔




**شکل 7.8** تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ میں $H_2$ کے اضافہ کا متعامل اور ما حصل کے ارتکا پر اثر

$Q_c = [HI]^2 / [H_2][I_2]$

© NCERT not to be republished

توازن کے وقت ہائڈروجن کے اضافہ سے $Q_c$ کی قیمت $K_c$ سے کم ہو جائے گی۔ لہٰذا توازن کو دوبارہ قائم کرنے کے لیے تعامل آگے کی سمت بڑھے گا۔ اسی طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ ماحصل کا اخراج بھی پیش رفت تعامل کو بڑھائے گا اور ماحصل کی مقدار میں اضافہ ہوگا اور اس کا تجارتی استعمال ان تعاملات میں زیادہ ہے جہاں ماحصل گیس یا طیران پذیر مادّے ہوتے ہیں۔ امونیا کی صنعت میں بھی امونیا کو رقیق کیا جاتا ہے اور مسلسل تعامل آمیزے سے علیحدہ کیا جاتا رہتا ہے جس کی وجہ سے تعامل آگے کی سمت جاری رہتا ہے۔ اس طرح CaO (عمارتی مادّے کی طرح استعمال ہونے والا اہم مادّہ) کی $CaCO_3$ سے بڑے پیمانے پر تیاری میں بھٹی سے لگاتار $CO_2$ نکالنے سے اختتام کی سمت تعامل تیز ہوتا ہے۔ یہ یاد رکھنا چاہئے کہ ماحصل کا لگاتار اخراج $Q_c$ کی قیمت کو $K_c$ سے کم قیمت پر برقرار رکھتا ہے اور تعامل پیش رفت سمت میں جاری رہتا ہے۔

### ارتکاز کے اثرات. ایک تجربہ (Effect of Concentration – An Experiment)

اس کو مندرجہ ذیل تعامل سے ظاہر کیا جا سکتا ہے:

$$Fe^{3+}(aq) + SCN^-(aq) \rightleftharpoons [Fe(SCN)]^{2+}(aq) \quad (7.24)$$

پیلا    بے رنگ    گہرا سُرخ

$$K_c = \frac{\left[Fe(SCN)^{2+}(aq)\right]}{\left[Fe^{3+}(aq)\right]\left[SCN^-(aq)\right]} \quad (7.25)$$

0.2M 1mL آئرن (III) نائیٹریٹ محلول میں دو قطرے 0.002M پوٹاشیم تھائیوسائینیٹ محلول ڈالنے سے سرخ رنگ ظاہر ہوتا ہے جو $[Fe(SCN)]^{2+}$ بننے کی وجہ سے ہے۔ سرخ رنگ کی شدت توازن قائم ہونے کے بعد برقرار رہتی ہے۔ اس توازن کو آگے یا پیچھے کی سمت تبدیل کرنے کا انحصار اس بات پر ہے کہ ہم متعامل یا ماحصل میں سے کسی کا اضافہ کر رہے ہیں ایسے متعامل کا اضافہ کر کے جو $Fe^{3+}$ یا $SCN^-$ آین کو ہٹا سکیں۔ تعامل کو مخالف سمت میں بھی تبدیل کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر آگزیلک ایسڈ $Fe^{3+}$ آین سے تعامل کر کے ایک مستحکم پیچیدہ آین $[Fe(C_2O_4)_3]^{3-}$ بناتا ہے اس طرح آزاد $Fe^{3+}$ آین کا ارتکاز کم ہو جاتا ہے لی-چیٹلیئر اصول کے مطابق ہٹائے گئے $Fe^{3+}$ کے ارتکازی دباؤ کو $[Fe(SCN)]^{2+}$ کے افتراق سے حاصل ہونے والے $Fe^{3+}$ کے دوبارہ بننے سے راحت ملتی ہے۔ کیونکہ $[Fe(SCN)]^{2+}$ کا ارتکاز کم ہو رہا ہے لہٰذا سرخ رنگ کی شدت میں بھی کمی واقع ہوتی ہے۔

$HgCl_2$ ملانے سے بھی سرخ رنگ میں کمی آتی ہے کیونکہ $Hg^{2+}$، $SCN^-$ آین سے تعامل کر کے مستحکم پیچیدہ آین $[Hg(SCN)_4]^{2-}$ بناتا ہے۔ آزاد $SCN^-(aq)$ آین کا اخراج مساوات (7.24) میں توازن کو دائیں سے بائیں سمت شفٹ کرتا ہے کہ $SCN^-$ آین دوبارہ بن سکیں دوسری طرف پوٹاشیم تھائیوسائنائڈ ڈالنے سے محلول کے رنگ کی شدت میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ وہ توازن کو داہنی سمت میں شفٹ کرتا ہے۔

### 7.8.2 دباؤ میں تبدیلی کے اثرات (Effect of Pressure Change)

گیسی تعاملات میں حجم میں تبدیلی کرنے سے حاصل ہونے والی دباؤ کی تبدیلی ماحصل کی پیداوار کو متاثر کر سکتی ہے جہاں گیسی متعاملوں کے مولوں کی تعداد گیسی ماحصل کے مولوں کی تعداد سے مختلف ہوتی ہے۔ غیر متجانس توازن کے لیے لی-چیٹلیئر اصول کا استعمال کرنے سے ٹھوس اور رقیق پر دباؤ کی تبدیلی کے اثرات کو نظر انداز کیا جا سکتا ہے کیونکہ محلول / رقیق کا حجم (اور ارتکاز) دباؤ کے اثرات سے تقریباً آزاد ہے۔

مندرجہ ذیل تعامل دیکھیے

$$CO(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons CH_4(g) + H_2O(g)$$

یہاں گیسی متعاملوں کے 4 مول $(CO + 3H_2)$ گیسی ماحصل کے 2 مول $(CH_4 + H_2O)$ میں تبدیل ہو رہے ہیں۔ مان لیجیے کہ تعامل آمیزہ (مندرجہ بالا تعامل کے لیے) ایک سلنڈر میں رکھا گیا ہے جس میں مستقل درجہ حرارت پر ایک پسٹن لگا ہوا ہے۔ گیس کو اس کے ابتدائی حجم کے آدھے حصے تک دبایا گیا تو کل دباؤ دُگنا ہو جائے گا ($pV$ = constant کے مطابق)۔ جزوی دباؤ، متعامل اور ماحصل کے ارتکاز تبدیل ہو جائیں گے اور آمیزہ اب توازن میں نہیں رہے گا۔ دوبارہ توازن قائم کرنے کے لیے تعامل کس سمت میں بڑھے گا اس کی پیشین گوئی لی چیٹلیئر اصول کے مطابق کی جا سکتی ہے۔ چونکہ دباؤ دگنا ہو گیا ہے لہٰذا اب توازن آگے کی سمت شفٹ ہوگا۔ ایک سمت جس میں گیس کے مولوں کی تعداد یا دباؤ گھٹتا ہے (ہم جانتے ہیں کہ دباؤ گیس کے مولوں کے تناسب میں ہوتا ہے)۔ اس کو تعامل خارج قسمت $Q_c$ استعمال کر کے بھی

© NCERT not to be republished

سمجھا جا سکتا ہے۔ مان لیجیے $[CO]$، $[H_2]$، $[CH_4]$ اور $[H_2O]$ میتھانیشن تعامل کے لیے توازن کے وقت مولر ارتکاز ہیں۔ جب تعامل آمیزے کا حجم آدھا ہو جاتا ہے تو جزوی دباؤ اور ارتکاز دگنے ہو جاتے ہیں۔ ہم ہر توازن ارتکاز کو اس کی قیمت کا دُگنا رکھ کر تعامل خارج قسمت حاصل کرتے ہیں۔

$$Q_c = \frac{[CH_4(g)][H_2O(g)]}{[CO(g)][H_2(g)]^3}$$

چونکہ $Q_c < K_c$ ہے تو تعامل آگے کی سمت بڑھے گا۔

تعامل $C(s) + CO_2(g) \rightleftharpoons 2CO(g)$ میں جب دباؤ بڑھایا جاتا ہے تو تعامل الٹی سمت میں چلتا ہے کیونکہ گیس کے مولوں کی تعداد آگے کی سمت میں بڑھتی ہے۔

### 7.8.3 غیر عامل گیس کی شمولیت کے اثرات (Effect of Inert Gas Addition)

اگر حجم کو قائم رکھا جائے اور ایک غیر عامل گیس جیسے کہ آرگن کو جو تعامل میں حصہ نہیں لیتی، داخل کیا جائے تو توازن پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مستقل حجم پر غیر عامل گیس کی شمولیت جزوی دباؤ یا تعامل میں حصہ لینے والی اشیا کے مولر ارتکاز کو تبدیل نہیں کرتی۔ تعامل خارج قسمت صرف اسی وقت تبدیل ہوگا جب داخل کی جانے والی گیس تعامل میں حصہ لینے والی متعامل یا ماحصل گیس ہو۔

### 7.8.4 درجہ حرارت میں تبدیلی کا اثر (Effect of Temperature Change)

جب کبھی بھی توازن میں ارتکاز، دباؤ یا حجم کی تبدیلی سے خلل پیدا ہوتا ہے تو توازن آمیزے کی ترکیب بدل جاتی ہے کیونکہ تعامل خارج قسمت $Q_c$ توازن مستقلہ $K_c$ کے برابر نہیں رہتا۔ تاہم جب درجہ حرارت میں تبدیلی واقع ہوتی ہے تو توازن مستقلہ $K_c$ تبدیل ہو جاتا ہے۔

عام طور پر توازن مستقلہ کا درجہ حرارت پر انحصار، تعامل کے لیے $\Delta H$ کے نشان پر منحصر ہوتا ہے۔

- حرارت زا تعامل (منفی $\Delta H$) کے لیے درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ توازن مستقلہ میں کمی واقع ہوتی ہے۔
- حرارت خور تعامل (مثبت $\Delta H$) کے لیے درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ توازن مستقلہ میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

درجہ حرارت کی تبدیلی توازن مستقلہ اور تعاملات کی شرح کو متاثر کرتی ہے۔

$$N_2(g) + 3H_2(g) \quad 2NH_3(g)\ ;$$
$$\Delta H = -92.38\ kJ\ mol^{-1}$$


مذکورہ بالا تعامل کے مطابق امونیا کی پیداوار ایک حرارت زا عمل ہے۔ لی چیٹلیئر کے اصول کے مطابق درجہ حرارت بڑھانے سے توازن بائیں سمت شفٹ ہو جاتا ہے اور امونیا کا توازن ارتکاز کم ہو جاتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں امونیا کی زیادہ پیداوار کے لیے کم درجہ حرارت موزوں ہے، لیکن عملی طور پر بہت کم درجہ حرارت تعامل کو دھیما کر دیتا ہے اور اس لیے ایک وسیط (Catalyst) استعمال کیا جاتا ہے۔

### درجہ حرارت کا اثر–ایک تجربہ (Effect of Temperature – An Experiment)

توازن پر درجہ حرارت کا اثر دکھانے کے لیے $NO_2$ گیس (بھورے رنگ کی گیس) کا مظاہرہ کیا جا سکتا ہے جو $N_2O_2$ (بے رنگ گیس) میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

$$2NO_2(g) \rightleftharpoons N_2O_4(g);\ \Delta H = -57.2\ kJ\ mol^{-1}$$

$NO_2$ گیس، جس کی تیاری مرتکز $HNO_3$ میں Cu کی چھیلن ڈال کر کی جاتی ہے، 5mL کی دو جانچ نلیوں میں اکٹھا کی جاتی ہے (ہر نلی میں گیس کے رنگ کی شدت ایک جیسی ہونی چاہیے) اور ڈھکن کو ایرلڈائٹ سے سیل کر دیا جاتا ہے۔ 250mL کے تین بیکر 1,2,3 جن میں بالترتیب انجمادی آمیزہ، کمرہ کے درجہ حرارت پر پانی اور گرم پانی (363K) لیے جاتے ہیں (شکل 7.9)۔ دونوں جانچ نلیوں کو 8-10 منٹ کے لیے بیکر نمبر 2 میں رکھ دیتے ہیں۔ اس کے بعد ان میں سے ایک کو بیکر نمبر 1 اور دوسری کو بیکر نمبر 3 میں رکھتے ہیں۔ اس تجربہ میں درجہ حرارت کا تعامل کی سمت پر اثر بہت اچھی طرح واضح ہوتا ہے۔ بیکر 1 میں کم درجہ حرارت پر پیش رفت تعامل $N_2O_4$ کو سبقت حاصل ہے، چونکہ تعامل حرارت زا ہے لہٰذا $NO_2$ کی وجہ سے ہونے والے بھورے رنگ کی شدّت میں کمی آتی ہے۔ جبکہ بیکر 3 میں بہت زیادہ درجہ حرارت پر رجعتی تعامل کو سبقت حاصل ہوتی ہے اور $NO_2$ بنتا ہے۔ لہٰذا بھورے رنگ میں شدت آ جاتی ہے۔




270K پر انجمادی پانی سے بھرا ہوا بیکر — کمرہ درجہ حرارت 298 K پر پانی — 363 K پر پانی

**شکل 7.9** تعامل $2NO_2\ (g) \rightleftharpoons N_2O_4\ (g)$ کے لیے درجہ حرارت کا توازن پر اثر

حرارت خور تعامل میں بھی درجہ حرارت کا اثر دیکھا جا سکتا ہے

$$[Co(H_2O)_6]^{3+}(aq) + 4Cl^-(aq) \rightleftharpoons [CoCl_4]^{2-}(aq) + 6H_2O(l)$$

گلابی    بے رنگ    نیلا

کمرہ کے درجہ حرارت پر توازن آمیزہ کا رنگ $[CoCl_4]^{2-}$ کی وجہ سے نیلا ہے۔ جب اسے انجمادی آمیزے میں ٹھنڈا کیا جاتا ہے تو آمیزے کا رنگ $[CO(H_2O)_6]^{3+}$ کی وجہ سے گلابی ہو جاتا ہے۔

### 7.8.5 وسیط کا اثر (Effect of a Catalyst)

ایک وسیط (Catalyst) متعامل کے ماحصل میں تبدیل ہونے کے لیے ایک نیا اور کم توانائی والا راستہ فراہم کر کے کیمیائی تعامل کی شرح کو بڑھا دیتا ہے۔ یہ پیش رفت اور پشت رفت تعاملوں کی شرح کو بڑھا دیتا ہے جو ایک ہی عبوری حالت سے گزرتے ہیں اور توازن پر اثر نہیں ڈالتا۔ وسیط پیش رفت اور پشت رفت دونوں کی ایکٹیویشن توانائی (Activation Energy) کو بالکل ایک جیسی مقدار میں کم کرتا ہے۔ وسیط تعامل آمیزے کی توازن ترکیب کو بالکل نہیں بدلتا۔ یہ متوازن کیمیائی مساوات میں ظاہر نہیں ہوتا اور نہ ہی توازن مستقلہ کے علامت میں ظاہر ہوتا ہے۔

آئیے ہم ڈائی نائٹروجن اور ڈائی ہائڈروجن سے بننے والی امونیا کا مطالعہ کریں جو ایک زبردست حرارت زا تعامل ہے اور جو اس طرح آگے بڑھتا ہے کہ بننے والے مولوں کی کل تعداد میں متعامل کے مقابلے میں کمی واقع ہوتی ہے۔ درجہ حرارت میں اضافے کے ساتھ توازن مستقلہ گھٹتا ہے۔ کم درجہ حرارت پر تعامل کی شرح کم ہوتی ہے کیونکہ توازن تک پہنچنے میں زیادہ وقت لگتا ہے جبکہ بہت زیادہ درجہ حرارت زیادہ بہتر شرح لیکن کم پیداوار دیتا ہے۔

جرمن کیمیاداں فرٹز ہیبر نے دریافت کیا کہ ایک وسیط جس میں آئرن ہے مختلف درجہ حرارت پر تسلی بخش شرح کے لیے تعامل کو کیٹلائز کرتا ہے جہاں $NH_3$ کے توازنی ارتکاز کافی حد تک مناسب ہوتے ہیں۔ چونکہ تعامل میں بننے والے مولوں کی تعداد متعاملوں کی تعداد سے کم ہوتی ہے $NH_3$ کی پیداوار کو دباؤ بڑھا کر بہتر بنایا جا سکتا ہے۔

وسیط کا استعمال کرتے ہوئے $NH_3$ کی تالیف میں درجہ حرارت اور دباؤ کی مناسب ترین حالت 500°C اور 200 atm کے قریب ہوتی ہے۔

اس طرح کانٹیکیٹ پراسس کے ذریعہ سلفیورک ایسڈ کی بڑے پیمانے پر تیاری میں،

$$2SO_2(g) + O_2(g)\ 2SO_3(g);\ K_c = 1.7 \times 10^{26}$$

حالانکہ $K_c$ کی قدر محض مجوزہ قدر ہے لیکن عملی طور پر $SO_2$ سے $SO_3$ کی تکسید بہت دھیمی ہوتی ہے۔ لہٰذا پلیٹینم یا ڈائی وینیڈیم پینٹا آکسائڈ ($V_2O_5$) تعامل کی شرح بڑھانے کے لیے وسیط کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

نوٹ: اگر تعامل میں $K$ کی قیمت بہت کم ہے تو وسیط زیادہ کارگر ثابت نہیں ہوتا۔

## 7.9 محلول میں آئنی توازن (Ionic Equilibrium In Solution)

توازن کی سمت پر ارتکاز میں تبدیلی کے اثرات دیکھنے کے دوران آپ نے اتفاقاً مندرجہ ذیل توازن کو دیکھا ہے جس میں آئن موجود ہیں:

$$Fe^{3+}(aq) + SCN^-(aq) \rightleftharpoons [Fe(SCN)]^{2+}(aq)$$

ایسے بے شمار توازن ہیں جن میں صرف آئن شامل ہوتے ہیں۔ یہ سبھی کو معلوم ہے کہ چینی کا آبی محلول برقی ایصال نہیں کرتا۔ لیکن جب پانی میں سادہ نمک (سوڈیم کلورائڈ) ملایا جاتا ہے تو برق کا ایصال ہوتا ہے مزید یہ بھی کہ سادہ نمک کی مقدار بڑھانے سے برقی ایصال بھی بڑھ جاتا ہے۔ مائیکل فیراڈے نے اشیا کو ان کی برقی ایصالیت کی بنیاد پر دو زمروں میں تقسیم کیا تھا۔ اشیا کا ایک زمرہ اپنے آبی محلول میں برق

© NCERT not to be republished

کا ایصال کرتا ہے اور الیکٹرو لائٹ (Electrolyte) کہلاتا ہے۔ جبکہ وہ جو برق کا ایصال نہیں کرتے الیکٹرولائٹ نہیں ہیں۔ فیراڈے نے الیکٹرولائٹ کو مزید قوی اور کمزور الیکٹرولائٹ میں تقسیم کیا ہے۔قوی الیکٹرولائٹ پانی میں گھلنے پر تقریباً پوری طرح آیونائز ہو جاتے ہیں جبکہ کمزور الیکٹرولائٹ کا افتراق جزوی طور پر ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر سوڈیم کلورائڈ کے آبی محلول میں مکمل طور پر سوڈیم اور کلورائڈ آین ہی ہوتے ہیں جبکہ ایسیٹک ایسڈس غیر آئیونائیز ایسیٹک ایسڈ کے سالمات اور کچھ ایسیٹک آین اور پروٹان ہوتے ہیں یہ اس وجہ سے ہوتا ہے کہ سوڈیم کلورائڈ میں 100% آیونائزیشن ہوتا ہے جبکہ ایسیٹک ایسڈ میں اس کے مقابلے میں 5% سے بھی کم آیونائزیشن ہوتا ہے کیونکہ وہ ایک کمزور الیکٹرولائٹ ہے۔ یہ نوٹ کرنا چاہیے کہ کمزور الیکٹرولائٹ میں توازن آین اور غیر آیونائز سالموں کے درمیان قائم ہوتا ہے۔ آبی محلول میں اس قسم کا توازن **آینی توازن** (Ionic Equilibrium) کہلاتا ہے۔ تیزاب، اساس اور نمک الیکٹرولائٹ کی اس جماعت میں آتے ہیں اور وہ قوی یا کمزور الیکٹرولائٹ کی طرح عمل کر سکتے ہیں۔

## 7.10 تیزاب اساس اور نمک (Acids, Bases And Salts)

تیزاب اساس اور نمک قدرتی ماحول میں بڑے پیمانے پر پائے جاتے ہیں ہائڈروکلورک ایسڈ جو کہ گیسٹرک رس (Gastric Juice) ہے میں موجود ہمارے معدہ کے استر کے ذریعہ روزانہ 1.5-2-1 لیٹر کے حساب سے افراز ہوتا ہے جو عمل ہضم کے لیے لازمی ہوتا ہے ایسیٹک ایسڈ سرکہ کا اہم جُز ہوتا ہے۔ نیبو اور سنترہ کے رس میں سٹرک ایسڈ (Citric Acid) اور اسکاربک ایسڈ (Ascorbic Acid) پائے جاتے ہیں، لفظ ایسڈ لاطینی لفظ 'ایسڈس' (Acidus) سے ماخوذ ہے جس کے معنی ہیں کھٹا۔ تیزاب نیلے لٹمس کاغذ کو لال رنگ میں تبدیل کرتے ہیں اور دھاتوں سے تعامل کرنے پر ہائڈروجن گیس دیتے ہیں اسی طرح اساس (Base) لال لٹمس کاغذ کو نیلے رنگ میں تبدیل کرتے ہیں، ان میں کڑواہٹ ہوتی ہے اور یہ صابن کی طرح چکنے ہوتے ہیں اساس کی ایک عام مثال کپڑے دھونے کا سوڈا ہے جو دھونے کے کام میں آتا ہے۔ جب تیزاب اور اساس صحیح تناسب میں ملائے جاتے ہیں تو وہ ایک دوسرے کے ساتھ تعامل کر کے نمك بناتے ہیں۔نمکوں کی کچھ عام مثالیں سوڈیم کلورائڈ، بیریم سلفیٹ، سوڈیم نائٹریٹ وغیرہ ہیں۔ سوڈیم کلورائڈ (عام نمک) ہماری غذا کا ایک اہم حصہ ہے اور ہائڈروکلورک ایسڈ اور سوڈیم ہائڈروآکسائڈ کے تعامل سے بنتا ہے۔ یہ ٹھوس حالت میں مثبت چارج والے سوڈیم آین اور منفی چارج والے کلورائڈ آین کے گچھے کی شکل میں پایا جاتا ہے جو مخالف چارج والی انواع کے درمیان کام کرنے والے برقی سکونی باہمی عمل کے ذریعہ ایک دوسرے سے جڑے رہتے ہیں (شکل 7.10)۔ چارجوں کے درمیان برق سکونی قوتیں میڈیم کے ڈائی الیکٹرک مستقلہ کے مقلوب تناسب میں ہوتی ہیں۔ پانی ایک آفاقی محلل ہے جس کا ڈائی الیکٹرک مستقلہ بہت زیادہ ہوتا ہے جو کہ 80 ہے۔ اس طرح جب نمک پانی میں گھولا جاتا ہے برقی سکونی باہمی عمل 80 کے فیکٹر سے کم ہو جاتا ہے اور یہ آین کے محلول میں آزاد گھومنے میں مدد کرتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ پانی کے سالموں کے ساتھ ہائڈریشن کی وجہ سے بھی کافی علیحدہ رہتے ہیں۔

شکل **7.10** سوڈیم کلورائڈ کا پانی میں گھلنا۔ $Na^+$ اور $Cl^-$ پانی کے قطبی سالموں کے ساتھ ہائڈریشن کے سبب مستحکم ہو گئے ہیں۔

پانی میں ہائڈروکلورک ایسڈ اور ایسیٹک ایسڈ کے آیونائزیشن کا مقابلہ کرنے پر ہم دیکھتے ہیں کہ اگر چہ دونوں ہی قطبی شریک گرفت سالمے ہیں لیکن پہلا والا اپنے ترکیبی آینوں میں پوری طرح آیونائز ہو جاتا ہے جبکہ بعد والا صرف جُزوی طور پر (< 5%) آیونائز ہوتا ہے۔ جس حد تک


مائیکل فراڈے
(1791-1867)

فیراڈے کی پیدائش لندن کے قریب ایك گھرانے میں ھوئی جس کے پاس بھت کم اساسه تھا۔ 14 سال کی عمر میں انھوں نے ایك جلد ساز کے یھاں کام کرنا شروع کیا جس نے فیراڈے کو اجازت دی که وہ ان کتابوں کو پڑہ سکتا ھے جن کی وہ جلد سازی کرتا ھے۔ خوش قسمتی سے اسے ڈیوی کی تجربه گاہ میں بطور اسسٹینٹ کام کرنے کا موقع ملا، اور 14-1813 میں وہ ان کے ساتھ کونٹینینٹ گیا۔ اس سفر کے دوران کئی نمایاں سائنس دانوں سے اس کا رابطه قائم ھوا جس سے اس نے بھت کچھ سیکھا۔ 1825 میں اس نے ڈیوی کے بعد رائل انسٹی ٹیوٹ کی تجربه گاھوں کے ڈائریکٹر کا عھدہ سنبھالا اور 1833 میں وہ کیمیا کا پھلا فُلیرین پروفیسر بنا۔ فیراڈے کا پھلا اھم کام تحلیلی کیمیا (Analytical Chemistry) پر تھا۔ 1821 کے بعد اس کا زیادہ تر کام برقیات، مقناطیسیت اور مختلف برقی مقناطیسی اعمال پر تھا۔ اس کے خیالات نے جدید فیلڈ تھیوری کی بنیاد ڈالی۔ 1834 میں اس نے اپنے الیکٹرولسس کے دو کُلّیه دریافت کیے۔ فیراڈے بھت سادہ اور نرم دل انسان تھے۔ انھوں نے اعزازات کو قبول کرنے سے انکار کیا اور کسی سائنسی تنازع سے اپنے آپ کو علیحدہ رکھا۔ انھوں نے ھمیشه اکیلے ھی کام کرنا پسند کیا اور کبھی اسسٹینٹ نھیں رکھا۔ انھوں‌نے سائنس کی اشاعت مختلف طریقوں سے کی جس میں ان کی جمعه کی شام کا خطبه بھی شامل تھا جو انھوں نے رائل انسٹی ٹیوٹ میں قائم کیا تھا۔ وہ اپنے کرسمس کے خطبه' شمع کی کیمیائی تاریخ (Chemical History of a Candle) کے لیے بھت مشھور ھیں۔ انھوں نے تقریباً 450 سائنسی مضامین شائع کیے۔

یہ آیونائز ہوسکتا ہے وہ بند کی قوت پر منحصر ہوتی ہے اور اس حد پر بھی جہاں تک حاصل شدہ آینو کی سولویشن ہوسکتی ہے۔ افتراق اور آیونائزیشن کی اصطلاحات کا استعمال مختلف معنی میں پہلے بھی کیا گیا ہے۔ افتراق پانی میں آینوں کی علیحدگی کے اس عمل کو بتاتا ہے جو پہلے سے ہی منحل کی ٹھوس حالت میں موجود ہوتے ہیں اس طرح جیسے کہ سوڈیم کلورائڈ میں پائے جاتے ہیں۔ دوسری طرف آیونائزیشن وہ عمل ہے جس میں ایک تعدیلی سالمہ محلول میں چارج شدہ آینوں میں ٹوٹ جاتا ہے۔ یہاں ہم ان دونوں اصطلاحات میں فرق نہیں کریں گے اور دونوں کو ادل بدل کر استعمال کریں گے۔

## 7.10.1 تیزاب اور اساس کا آرہینس تصور (Arrhenius Concept of Acids and Bases)

آرہینس کے نظریہ کے مطابق تیزاب وہ مادّے ھوتے ھیں جو پانی میں ٹوٹ کر $H^+(aq)$ ھائڈروجن آین دیتے ھیں اور اساس وہ مادّے ھوتے ھیں جو پانی میں ٹوٹ کر $OH^-(aq)$ ھائڈرو کسل آین دیتے ھیں۔" ایک ایسڈ HX (aq) کا آیونائزیشن مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

$$HX(aq) \rightarrow H^+(aq) + X^-(aq)$$

یا

$$HX(aq) + H_2O(l) \rightarrow H_3O^+(aq) + X^-(aq)$$

ایک خالی پروٹان $H^+$ بہت زیادہ تعامل پذیر ہوتا ہے اور آبی محلول میں آزاد نہیں رہ سکتا لہٰذا وہ محلل پانی کے سالمہ کے آکسیجن ایٹم کے ساتھ بند بنا کر ٹرائی گونل بائی پیرامڈل ہائڈرونیم آین $H_3H^+$ بناتا ہے $\{[H(H_2O)]^+\}$ (دیکھئے باکس)۔

اسی طرح ایک اساس MOH آبی محلول میں مندرجہ ذیل مساوات کے مطابق آیونائز ہوتا ہے۔

$$MOH(aq) \rightarrow M^+(aq) + OH^-(aq)$$

ہائڈروکسل آین بھی آبی محلول میں آبیدہ شکل میں پایا جاتا ہے۔ تیزاب اور اساس کے آرہینس کے تصور کی بہت سی حدود ہیں چونکہ یہ صرف آبی محلول کے لیے ہی کارگر ہے اور امونیا جیسے ماڈوں کی اساسی نوعیت کی وضاحت نہیں کرتا جس میں ہائڈروکسل گروپ نہیں ہوتے۔


## 7.10.2 برونسٹڈ لاری تیزاب اور اساس (The Brönsted-Lowry Acids and Bases)

ڈینیش کیمیاداں، جونس برونسٹڈ اور انگریز کیمیا داں، تھامس ایم۔ لاری نے تیزاب اور اساس کی ایک زیادہ عمومی تعریف پیش کی۔ برونسٹڈ لاری نظریے کے مطابق "ایسڈ وہ اشیا ہوتی ہیں جو ایک ہائڈروجن $H^+$ عطیہ کر سکتی ہیں اور اساس وہ ہوتے ہیں جو ہائڈروجن آین قبول کرتے ہیں: مختصر طور پر تیزاب پروٹان معطی (Donar) اور اساس پروٹان قبول کار ہوتے ہیں۔

© NCERT not to be republished

### ہائڈرونیم اور ہائڈروکسل آین
### (Hydronium and Hydroxyl Ions)

ہائڈروجن آین بذات خود صرف ایک پروٹان ہے جس کی جسامت بہت کم ہوتی ہے ($10^{15}$~ نصف قطر) اور برقی میدان بہت زیادہ۔ یہ اپنے آپ کو پانی کے سالمہ کے ساتھ دو لون پیئر میں سے ایک سے متحد ہوکر $H_3O^+$ دیتا ہے۔ یہ نوع ٹھوس حالت میں بہت سے مرکبات میں پائی گئی ہے (مثلاً $H_3O^+Cl^-$)۔ آبی محلول میں ہائڈرونیم آین مزید ہائڈریٹ ہوکر $H_5O_2^+$, $H_7O_3^+$ اور $H_9O_4^+$ جیسی انواع دیتا ہے۔ اسی طرح ہائڈروکسل آین بھی آبیدہ ہوکر $H_3O_2^-$ $H_5O_3^-$ اور $H_7O_4^-$ وغیرہ جیسی انواع دیتا ہے۔




$H_9O_4^+$

مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ دکھائے گئے امونیا کے پانی میں افتراق کی مثال پر غور کیجیے:

پروٹان کا اضافہ ہوا

$$NH_3(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons NH_4^+(aq) + OH^-(aq)$$

تیزاب    اساس    جفتی تیزاب    جفتی اساس

ایک پروٹان ضائع ہوا

ہائڈروکسل آین کے سبب ایک اساسی محلول بنتا ہے۔ اس تعامل میں پانی کے سالمے پروٹان معطی کے طور پر کام کرتے ہیں اور امونیا کے سالمے پروٹان قبول کار کے طور پر۔ لہٰذا یہ بالترتیب لاری۔ برونسٹڈ تیزاب اور اساس کہلاتے ہیں۔ پشت رفت تعامل میں $H^+$ آین $NH_4^+$ سے $OH^-$ کو منتقل ہو جاتا ہے۔ اس حالت میں $NH_4^+$ برونسٹڈ اساس کے طور پر کام کرتے ہیں۔ تیزاب اساس کا جوڑا جس میں صرف ایک پروٹان کا فرق ہوتا ہے وہ **جفتی تیزاب اساس جوڑا** (Conjugate Acid-base Pair) کہلاتا ہے۔ لہٰذا $OH^-$ تیزاب $H_2O$ کا جفتی اساس کہلائے گا اور $NH_4^+$ اساس $NH_3$ کا جفتی تیزاب کہلاتا ہے۔ اگر برونسٹڈ تیزاب ایک قوی تیزاب ہے تو **اس کا جفتی اساس کمزور اساس ہوگا اور اس کے بر خلاف بھی**۔ یہ قابل غور ہے کہ جفتی تیزاب کے پاس ایک اضافی پروٹان ہوتا ہے اور ہر جفتی اساس کے پاس ایک پروٹان کم ہوتا ہے۔

ہائڈروکلورک ایسڈ کے پانی میں آیونائزیشن کی مثال لیجیے۔ $HCl(aq)$ پانی کے سالمے کو ایک پروٹان دے کر ایک تیزاب کی طرح کام کرتا ہے جبکہ پانی ایک اساس ہوتا ہے

پروٹان کا اضافہ

$$HCl(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + Cl^-(aq)$$

تیزاب    اساس    جفتی تیزاب    جفتی اساس

loses proton

مندرجہ بالا مساوات میں یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ پانی ایک اساس کی طرح کام کرتا ہے۔ نوع $H_3O^+$ پیدا ہوتی ہے جب پانی ایک پروٹان HCl سے قبول کرتا ہے۔ لہٰذا $Cl^-$، HCl کا جفتی اساس ہوتا ہے اور HCl اساس $Cl^-$ کا جفتی تیزاب ہوا۔ اسی طرح پانی $H_3O^+$ تیزاب کا جفتی اساس اور $H_3O^+$ اساس $H_2O$ کا جفتی تیزاب ہوتا ہے۔

یہاں یہ مشاہدہ دلچسپ ہے کہ پانی ایک تیزاب اور اساس کا دوہرا کردار نبھا رہا ہے۔ HCl کے ساتھ تعامل میں پانی ایک اساس کی طرح کام کرتا ہے جبکہ امونیا کے ساتھ تعامل میں وہ ایک پروٹان دے کر تیزاب کا کام کرتا ہے۔

**مسئلہ 7.12**

مندرجہ ذیل برونسٹڈ تیزابوں کے لیے جفتی اساس کیا ہوں گے: HF، $H_2SO_4$ اور $HCO_3^-$؟

**حل**

جفتی اساس کے پاس ایک پروٹان کم ہونا چاہیے لہٰذا ان کے بالترتیب جفتی اساس ہوں گے: $F^-$، $HSO_4^-$ اور $CO_3^{2-}$۔



ساونتے آرھینئیس
(1859-1927)

آرھینئیس سویڈن میں اپسالا کے پاس پیدا ھوئے۔ انھوں نے 1884 میں اپسالا یونیورسٹی میں اپنا تحقیقی مقالہ الیکٹرولائٹ محلول کی ایصالیت" (Conductivities of Electrolyte Solution) پیش کیا۔ اگلے پانچ سالوں میں وسیع پیمانے پر سفر کیے اور یوروپ کے بت سے تحقیقی مراکز کا دورہ کیا۔ 1895 میں وہ یونیورسٹی آف اسٹاکھوم میں طبیعیات کے پروفیسر کے عھدے پر فائز ھوئے۔ جھاں 1897 سے 1902 تك آپ اس کے ریکٹر رھے۔ 1905 سے انتقال کے وقت تك نوبل انسٹی ٹیوٹ آف اسٹاك ھوم میں فزیکل کیمسٹری کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کیا۔ کئی برسوں تك آپ برقی محلول پر کام کرتے رھے۔ 1899 میں آپ نے ایك مساوات کی بنیاد پر تعامل کی شرح پر درجہ حرارت کے انحصار پر بحث کی جو اب عام طور پر آرھینیس کی مساوات کھلاتی ھے۔

انھوں نے مختلف شعبوں میں کام کیا ھے اور امّیو نو کیمسٹری (Immunochemistry)، علم کائنات (Cosomolgy)، زندگی کی ابتدا (Origin of Life) اور دور برفانی (Ice Age) کی وجوھات وغیرہ میں ان کا اھم تعاون رھا ھے۔ وہ پھلے سائنسداں تھے جنھوں نے 'سبزگھر اثر پر اسی نام سے بحث کی۔ انھیں 1903 میں علم کیمیا میں برق پاشی افتراق (Electrolytic Dissociation) اور علم کیمیا کے ارتقاء میں اس کے استعمال پر نوبل پرائز ملاتھا۔

**مسئلہ 7.13**

مندرجہ ذیل برونسٹڈ اساسوں کے لیے جفتی تیزاب لکھیے:
$NH_3$, $NH_2^-$ اور $HCOO^-$ ؟

**حل**

جفتی تیزاب کے پاس ہرایک میں ایک پروٹان زائد ہونا چاہیے لہٰذا ان کے مطابق جفتی تیزاب بالترتیب $NH_4^+$, $NH_3$ اور $HCOOH$ ہیں۔

**مسئلہ 7.14**

انواع $H_2O$, $HCO_3^-$, $HSO_4^-$ اور $NH_3$ برونسٹڈ تیزاب اوراساس دونوں طرح کام کرسکتی ہیں۔ان میں سے ہرایک کے لیے جفتی تیزاب اور جفتی اساس بتایئے

**حل**

جواب مندرجہ ذیل جدول میں دیا گیا ہے:

| نوع | جفتی تیزاب | جفتی اساس |
|---|---|---|
| $H_2O$ | $H_3O^+$ | $OH^-$ |
| $HCO_3^-$ | $H_2CO_3$ | $CO_3^{2-}$ |
| $HSO_4^-$ | $H_2SO_4$ | $SO_4^{2-}$ |
| $NH_3$ | $NH_4^+$ | $NH_2^-$ |

### 7.10.3 لیوئس تیزاب اوراساس
### (Lewis Acids and Bases)

جی۔این لیوئس نے 1923 میں تیزاب کی تعریف بیان کرتے ہوئے کہا تھا کہ یہ وہ نوع ہے جو الیکٹران کے جوڑے کو قبول کرے اور اساس وہ نوع ہے جو الیکٹران جوڑے کا عطیہ دے۔ جہاں تک اساس کا تعلق ہے برونسٹڈ لاری اور لیوئس کے تصورات میں کوئی فرق نہیں ہے کیونکہ دونوں حالتوں میں اساس الیکٹران کا ایک تنہا جوڑا مہیا کرتے ہیں۔ تاہم لیوئس کے نظریہ میں بہت سے تیزابوں میں پروٹان نہیں ہوتے۔ ایک مخصوص مثال الیکٹران کی کمی والے $BF_3$ کا $NH_3$ سے تعامل ہے۔

$BF_3$ میں کوئی پروٹان نہیں ہے لیکن اس کے باوجود یہ تیزاب کی طرح کام کرتا ہے اور $NH_3$ کے الیکٹران کا تنہا جوڑا قبول کر کے اس کے ساتھ تعامل کرتا ہے۔ اس تعامل کو مندرجہ ذیل مساوات سے ظاہر کرتے ہیں۔

$$BF_3 + :NH_3 \rightarrow BF_3:NH_3$$

الیکٹران کی کمی والی انواع جیسے $AlCl_3$ ، $Co^{3+}$ ، $Mg^{2+}$ وغیرہ لیوئس تیزاب کی طرح کام کرتی ہیں جبکہ $H_2O$، $NH_3$، $OH^-$ وغیرہ جو الیکٹران جوڑا دے سکتے ہیں لیوئس اساس کی طرح کام کرتے ہیں۔

**مسئلہ 7.15**

مندرجہ ذیل انواع کو لیوئس تیزاب اور لیوئس اساس کے طور پر تقسیم کیجیے اور بتایئے کہ یہ ایسے کس طرح کام کرتے ہیں:

© NCERT
not to be republished

(a) $HO^-$ (b) $F^-$ (c) $H^+$ (d) $BCl_3$

**حل**

(a) ہائڈروکسل آین ایک لیوئس اساس ہے اور وہ ایک الیکٹران کا جوڑا دے سکتا ہے ($OH^-$)۔

(b) فلورائڈ آین لیوئس اساس کی طرح کام کرتا ہے اور وہ اپنے چار الیکٹران تنہا جوڑوں میں سے ایک دے سکتا ہے۔

(c) ایک پروٹان لیوئس تیزاب ہے کیونکہ وہ اساس جیسے ہائڈروکسل آین اور فلورائڈ آین سے الیکٹران کے جوڑے کو قبول کرسکتا ہے۔

(d) $BCl_3$ ایک لیوئس تیزاب کی طرح کام کرتا ہے اور وہ امونیا یا امین (Amine) جیسی انواع سے الیکٹران کا ایک تنہا جوڑا قبول کرسکتا ہے۔

## 7.11 تیزاب اور اساس کا آیونائزیشن
## (Ionization Of Acids And Bases)

آرہینیس کا تیزاب اور اساس کا تصور وہاں زیادہ فائدہ مند ہے جہاں تیزاب اور اساس کا آیونائزیشن ہوتا ہے کیونکہ زیادہ ترکیمیائی اور حیاتیاتی اعمال میں آیونائزیشن آبی وسیلے میں ہوتا ہے۔قوی تیزاب جیسے پرکلورک ایسڈ ($HClO_4$)، ہائڈروکلورک ایسڈ (HCl)، ہائڈرو برومک ایسڈ (HBr) ہائڈروآیوڈک ایسڈ (HI) نائٹرک ایسڈ ($HNO_3$) اور سلفیورک ایسڈ ($H_2SO_4$) قوی اس لیے کہلاتے ہیں کیونکہ یہ آبی محلول میں تقریباً پوری طرح اپنے ترکیبی آینوں میں تحلیل ہو جاتے ہیں، اور اس طرح پروٹان ($H^+$) معطی بن جاتے ہیں۔ اسی طرح قوی اساس جیسے لیتھیم ہائڈرواکسائڈ (LiOH)، سوڈیم ہائڈرو آکسائڈ (NaOH)، پوٹاشیم ہائڈرواکسائڈ (KOH) سیزیم ہائڈرواکسائڈ (CsOH) اور بیریم ہائڈرواکسائڈ $Ba(OH)_2$ آبی محلول میں مکمل طور پر افتراق کرنے کے بعد $OH^-$ دیتے ہیں۔ آرہینیس کے تصور کے مطابق یہ قوی تیزاب اور اساس ہیں اور یہ مکمل طور پر افتراق کر کے میڈیم میں بالترتیب $H_3O^+$ اور $OH^-$ دیتے ہیں۔ بصورت دیگر کسی تیزاب یا اساس کی قوت برونسٹڈ لاری تصور کی اصطلاح میں بھی ناپی جا سکتی ہے جہاں قوی تیزاب کا مطلب ہے ایک اچھا پروٹان معطی اور قوی اساس کا مطلب ہے ایک اچھا پروٹان قبول کار۔ ایک کمزور تیزاب HA میں تیزاب اساس افتراق توازن دیکھئے۔

$$HA(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + A^-(aq)$$

تیزاب — اساس — جفتی تیزاب — جفتی اساس

سیکشن 7.10.2 میں ہم نے دیکھا کہ تیزابی (یا اساسی) افتراق توازن حرکی نوعیت کا ہے جس میں پروٹان کی منتقلی پیش اور پشت سمت میں ہوتی ہے۔ اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اگر توازن حرکی ہے تو وقت گزرنے کے ساتھ کون سی سمت موافق ہوگی؟ اس کے پیچھے کون سی قوت کارفرما ہے؟ ان سوالات کا جواب دینے کے لیے افتراق توازن میں شامل دو تیزابوں (یا اساسوں) کی قوت کا مقابلہ کرنے کے سوال پر بحث کریں گے۔ مذکورہ بالا تیزابی افتراق توازن میں موجود دو تیزابوں HA اور $H_3O^+$ اور محلول میں زیادہ تر $A^-$ اور $H_3O^+$ آین ہوں گے۔توازن کمزور تیزاب اور کمزور اساس کی تشکیل کی سمت آگے بڑھے گا۔ کیونکہ قوی تیزاب قوی اساس کو پروٹان دیتے ہیں۔

اس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ قوی تیزاب کا پانی میں مکمل افتراق ہوتا ہے اور بننے والا اساس بہت کمزور ہوتا ہے یعنی، **قوی تیزابوں کے جفتی اساس بہت کمزور ہوتے ہیں**۔ قوی تیزاب جیسے پرکلورک ایسڈ ($HClO_4$)، ہائڈروکلورک ایسڈ (HCl) ہائڈرو برومک ایسڈ (HBr) ہائڈرو آیوڈک ایسڈ (HI)، نائٹرک ایسڈ ($HNO_3$) اور سلفیورک ایسڈ ($H_2SO_4$) جفتی اساس آین $ClO_4^-$، Cl، $Br^-$، $I^-$، $NO_3^-$ اور $HSO_4^-$ دیں گے جو پانی ($H_2O$) کے مقابلے میں کمزور اساس ہیں۔ اسی طرح ایک بہت قوی اساس کمزور جفتی تیزاب دے گا۔ دوسری طرف ایک کمزور تیزاب مان لیجیے HA آبی وسیلے میں صرف جزوی طور پر افتراق کرتا ہے لہٰذا، محلول میں خاص کر غیر افتراق شدہ HA سالمے ہوں گے۔ عام کمزور تیزاب نائٹرس ایسڈ ($HNO_2$) ہائڈروفلورک ایسڈ (HF) اور ایسیٹک ایسڈ ($CH_3COOH$) ہیں۔ یہ قابل غور ہے کہ کمزور تیزابوں کے بہت قوی جفتی اساس ہوتے ہیں مثال کے طور پر $NH_2^-$، $O_2^-$ اور $H^-$ بہت اچھے پروٹان قبول کار ہیں لہٰذا یہ $H_2O$ کے مقابلے میں زیادہ قوی اساس ہیں۔

© NCERT not to be republished

پانی میں حل پذیر کچھ نامیاتی مرکبات جیسے فنالفتھلین (Phenolphthalein) اور بروموتھائی مول بلو (Bromothymol Blue) کمزور تیزاب کی طرح عمل کرتے ہیں اور اپنی تیزابی شکل (HIn) اور جفتی اساسی شکل ($In^-$) میں مختلف رنگ ظاہر کرتے ہیں۔

$$HIn(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + In^-(aq)$$

تیزاب کا اڈیکٹر رنگA ـــ جفتی تیزاب ـــ جفتی اساس رنگB

ایسے مرکبات تیزاب۔اساس ٹائٹریشن میں انڈیکیٹر کے طور پر مفید ہوتے ہیں۔

### 7.11.1 پانی اور اس کے آینی ماحصل کا آیونائزیشن مستقلہ (The Ionization Constant of Water and its Ionic Product)

کچھ اشیا جیسے پانی میں مخصوص صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ تیزاب اور اساس دونوں کی طرح کام کرسکتی ہیں۔ یہ ہم سیکشن 7.10.2 میں پانی کے ساتھ دیکھ چکے ہیں۔ تیزاب HA کی موجودگی میں یہ پروٹان لیتا ہے اور ایک اساس کی طرح کام کرتا ہے، جبکہ اساس $B^-$ کی موجودگی میں یہ پروٹان دے کر تیزاب کی طرح کام کرتا ہے۔ شفاف پانی میں، ایک $H_2O$ سالمہ پروٹان دیتا ہے اور تیزاب کی طرح کام کرتا ہے جبکہ دوسرا سالمہ اسی وقت پروٹان قبول کر کے ایک اساس کی طرح کام کرتا ہے اور توازن قائم ہوتا ہے

$$H_2O(l) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + OH^-(aq)$$

تیزاب ـــ اساس ـــ جفتی تیزاب ـــ جفتی اساس

افتراقی مستقلہ کو اس طرح ظاہر کرتے ہیں۔

$$K = [H_3O^+]\,[OH^-] / [H_2O] \quad (7.26)$$

نسب نما میں سے پانی کے ارتکاز کو نکال دیتے ہیں کیونکہ پانی ایک خالص شے ہے اور اس کا ارتکاز مستقل رہتا ہے۔ $[H_2O]$ کو توازن مستقلہ میں شامل کر لیتے ہیں جو ایک نیا مستقلہ $K_w$ دیتا ہے جو پانی کا آینی ماحصل (Ionic Product of Water) کہلاتا ہے۔

$$K_w = [H^+][OH^-] \quad (7.27)$$

298K پر $H^+$ کا ارتکاز تجرباتی طور پر $1.0 \times 10^{-7}$ M پایا گیا ہے۔ اور چونکہ پانی کا افتراق $H^+$ اور $OH^-$ آینوں کی برابر مقدار فراہم کرتا ہے۔ لہٰذا ہائڈروکسل آین $[OH^-]$ کا ارتکاز $[H^+] = [OH^-] = 1.0 \times 10^{-7}$ M ہوتا ہے لہٰذا 298 K پر $K_w$ کی قیمت،

$$K_w = [H_3O^+][OH^-] = (1 \times 10^{-7})^2 = 1 \times 10^{-14}\ M^2 \quad (7.28)$$

$K_w$ کی قیمت درجہ حرارت منحصر ہوتی ہے کیونکہ یہ ایک توازن مستقلہ ہوتا ہے۔

خالص پانی کی کثافت 1000g/L ہوتی ہے اور اس کی مولر کمیت 18.0g/ mol ہوتی ہے۔ اس سے شفاف پانی کی مولارتی مندرجہ ذیل طریقہ سے دی جاسکتی ہے:

$$[H_2O] = (1000\ g/L)(1\ mol/18.0\ g) = 55.55\ M$$

لہٰذا افتراق شدہ پانی کا غیر افتراق شدہ پانی سے تناسب اس طرح لکھا جاسکتا ہے۔ $10^{-7}/(55.55) = 1.8 \times 10^{-9}$ یا ~ 2 in $10^{-9}$

(لہٰذا توازن خاص طور پر غیر افتراق شدہ پانی کی سمت رہتا ہے)

ہم تیزابی، تعدیلی اور اساسی آبی محلولوں کو $H_3O^+$ اور $OH^-$ کے ارتکاز کی نسبتی قدروں سے پہچان سکتے ہیں۔

تیزابی: $[H_3O^+] > [OH^-]$

تعدیلی: $[H_3O^+] = [OH^-]$

اساسی: $[H_3O^+] < [OH^-]$

### 7.11.2 pH پیمانہ (The pH Scale)

مولاریت میں ہائڈرونیم آین کے ارتکاز کو زیادہ آسانی سے لوگارتم پیمانے پر ظاہر کیا جاتا ہے جسے pH پیمانہ کہتے ہیں۔ کسی محلول کی pH ہائڈروجن آین ایکٹیوٹی ($a_{H^+}$) کا 10 کے اساس پر منفی لوگارتم ہے۔ ڈائی لیوٹ محلول (< 0.01m) میں ہائڈروجن آین $[H^+]$ کی ایکیوٹی کے ذریعہ ظاہر کی گئی مولاریت کی قدر کے برابر ہوتی ہے یہ نوٹ کیا جانا چاہئے کہ عمل (ایکٹوٹی) کی کوئی اکائی نہیں ہوتی اور اس کی مندرجہ ذیل طریقہ سے تعریف کی جاسکتی ہے۔

$$a_{H^+} = [H^+] / mol\ L^{-1}$$

pH کی تعریف سے مندرجہ ذیل لکھا جاسکتا ہے۔

$$pH = -\log a_{H^+} = -\log \{[H^+] / mol\ L^{-1}\}$$

لہٰذا HCl کے تیزابی محلول ($10^{-2}$ M) کی pH = 2 ہوگی۔ اسی طرح NaOH کے اساسی محلول جس کے لیے $[OH^-] = 10^{-4}$ M اور $[H_3O^+] = 10^{-10}$ M ہے pH=10 ہوگی۔ 25°C پر شفاف پانی

© NCERT not to be republished

کا ہائڈروجن آین ارتکاز $[OH^-] = 10^{-7}$ M ہوتا ہے، لہٰذا شفاف پانی کی pH کو اس طرح دکھایا جاسکتا ہے۔

$$pH = -\log(10^{-7}) = 7$$

تیزابی محلولوں کے ہائڈروجن آین ارتکاز $[H^+] > 10^{-7}$ M ہوتے ہیں جبکہ اساسی محلولوں کے ہائڈروجن آین ارتکاز $[H^+] < 10^{-7}$ M ہوتے ہیں۔ اس طرح ہم خلاصہ کر سکتے ہیں کہ:

تیزابی محلول میں $pH < 7$

اساسی محلول میں $pH > 10$

تعدیلی محلول میں $pH = 7$

اب دوبارہ مساوات (7.28) کو 298 K پر دیکھیے

$$K_w = [H_3O^+]\,[OH^-] = 10^{-14}$$


مساوات کی دونوں سمتوں کے منفی لوگارتم لینے پر، ہمیں ملے گا۔

$$\begin{aligned} -\log K_w &= -\log\{[H_3O^+]\,[OH^-]\} \\ &= -\log[H_3O^+] - \log[OH^-] \\ &= -\log 10^{-14} \\ pK_w &= pH + pOH = 14 \end{aligned}$$

غور کیجیے کہ اگرچہ $K_w$ درجہ حرارت میں تبدیلی کے ساتھ بدل سکتا ہے درجہ حرارت کے ساتھ pH میں تبدیلی بہت معمولی ہوتی ہے اور ہم اسے نظرانداز کر سکتے ہیں۔

آبی محلولوں کے لیے $pK_w$ بہت اہم مقدار ہے جو ہائڈروجن آین اور ہائڈروکسل آین کے نسبتی ارتکاز کو کنٹرول کرتا ہے جبکہ ان کا ماحصل مستقل ہوتا ہے۔ یہ نوٹ کیا جانا چاہیے کہ چونکہ pH پیمانہ لوگارتمی ہے، pH میں صرف ایک اکائی کی تبدیلی کا مطلب یہ بھی ہے کہ $H^+$ فیکٹر 10 سے تبدیل ہوتا ہے تو pH کی قیمت دو اکائیوں سے تبدیل ہوتی ہے۔ اب آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ درجہ حرارت کے ساتھ pH کی تبدیلی کو اکثر کیوں نظرانداز کیا جاتا ہے۔

کسی محلول کی pH کی پیمائش لازمی ہے کیونکہ حیاتیاتی اور کاسمیٹک استعمال کے لیے اس کا معلوم ہونا ضروری ہے۔ کسی محلول کی pH کا اندازہ ایک pH کاغذ کی مدد سے لگایا جاسکتا ہے جس کا رنگ مختلف pH کے محلولوں میں کاغذ مختلف ہوتا ہے۔ آج کل ایسے pH کاغذ دستیاب ہیں جن میں چار پٹیاں ہوتی ہیں ایک ہی pH پر الگ الگ پٹیوں کے رنگ الگ ہوتے ہیں (شکل 7.11)۔ pH کاغذ کا استعمال کرکے 14-1 کی رینج میں 0.5~ کی درستگی تک pH معلوم کی جاسکتی ہے۔




شکل **7.11** چار پٹیوں کے ساتھ pH کاغذ جس میں یکساں pH پر مختلف رنگ ہو سکتے ہیں۔

زیادہ درستی (Accuracy) کے لیے pH میٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ pH میٹر ایک ایسا آلہ ہوتا ہے جس سے جانچ محلول کا pH پر منحصر برقی مضمر 0.001 درستگی صحت تک ناپا جاسکتا ہے۔ قلم کی جسامت کے pH پیمانے اب بازار میں دستیاب ہیں۔ کچھ عام اشیا کی pH جدول 7.5 میں دی گئی ہیں۔

**جدول 7.5 کچھ عام اشیاء کی pH**

| سیال کا نام | pH | سیال کا نام | pH |
|---|---|---|---|
| NaOH کا سیر شدہ محلول | ~15 | سیاہ کافی | 5.0 |
| NaOH، 0.1M محلول | 13 | ٹماٹر کا رس | ~4.2 |
| چونے کا پانی | 10.5 | سوفٹ ڈرنک اور سرکہ | ~3.0 |
| ملک آف میگنیشیا | 10 | نیبو کا رس | ~2.2 |
| انڈے کی سفیدی، سمندر کا پانی | 7.8 | گیسٹرک جوس | ~1.2 |
| انسانی خون | 7.4 | HCl IM محلول | ~0 |
| دودھ | 6.8 | مرتکز HCl | ~-1.0 |
| انسانی لعاب | 6.4 | | |

© NCERT not to be republished

**مسئلہ 7.16**

ایک سوفٹ ڈرنک کے نمونے میں ہائڈروجن آین کا ارتکاز $3.8\times10^{-3}$M ہے۔اس کی pH کیا ہوگی؟

**حل**

$$pH = -\log[3.8\times10^{-3}]$$
$$= -\{\log[3.8] + \log[10^{-3}]\}$$
$$= -\{(0.58) + (-3.0)\} = -\{-2.42\} = 2.42$$

سوفٹ ڈرنک کا pH 2.42 ہے اور یہ اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ وہ تیزابی ہے

**مسئلہ 7.17**

$1.0\times10^{-8}$M HCl محلول کی pH معلوم کیجیے۔

**حل**

$$2H_2O\,(l) \rightleftharpoons H_3O^+\,(aq) + OH^-\,(aq)$$
$$K_w = [OH^-][H_3O^+] = 10^{-14}$$

مان لیجیے $H_2O$ سے $H_3O^+$ ۔ $X=[OH^-]=H_2O^+$ کا ارتکاز پیدا ہوگا (i) گھلنے والے HCl کے آیونائزیشن سے یعنی:

$$HCl(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+\,(aq) + Cl^-(aq)$$

اور (ii) $H_2O$ کے آیونائزیشن سے۔ بہت زیادہ ڈائی لیوٹ ان محلولوں میں $H_3O^+$ کے دونوں ذرائع پر غور کرنا چاہیے۔

$$[H_3O^+] = 10^{-8} + x$$
$$K_w = (10^{-8} + x)(x) = 10^{-14}$$

یا

$$x^2 + 10^{-8}\,x - 10^{-14} = 0$$
$$[OH^-] = x = 9.5\times10^{-8}$$

لہٰذا pH=6.98 اور pOH=7.02

## 7.11.3 کمزور تیزابوں کے آیونائزیشن مستقلے

**(Ionization Constants of Weak Acids)**

ایک کمزور تیزاب کی مثال لیجیے جو آبی محلول میں جزوی طور پر آیونائز ہوتا ہے اس کا توازن اس طرح دکھایا جاسکتا ہے۔

$$HX(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + X^-(aq)$$

| | | | |
|---|---|---|---|
| ابتدائی ارتکاز (M) | | | |
| | c | 0 | 0 |
| مان لیجیے آیونائزیشن تبدیل کی (M) کی حد α ہے | | | |
| | $-c\alpha$ | $+c\alpha$ | $+c\alpha$ |
| توازنی ارتکاز (M) | | | |
| | $c-c\alpha$ | $c\alpha$ | $c\alpha$ |

یہاں c= غیر افتراقی تیزاب HX کا ابتدائی ارتکاز ہے، جبکہ t =o ہے۔ α = وہ حد ہے جس حد تک HX اپنے آینوں میں آیونائز ہوسکتا ہے۔ ان ترسیموں کا استعمال کر کے ہم مذکورہ بالا تیزاب آیونائز توازن کے لیے توازن مستقلہ معلوم کرسکتے ہیں۔

$$K_a = c^2\alpha^2/c(1-\alpha) = c\alpha^2\ /\ 1-\alpha$$

HX $K_a$ کا **افتراقی یا آیونائزیشن مستقلہ** کہلاتا ہے۔ یہ مولر ارتکاز میں اس طرح بھی واضح کیا جاسکتا ہے۔

$$K_a = [H^+][X^-]\ /\ [HX] \qquad (7.30)$$

**"دیے گئے درجہ حرارت T پر $K_a$ تیزاب HX کی قوت کی پیائش ہے یعنی جتنی زیادہ $K_a$ کی قیمت ہوگی اتنا ہی قوی وہ تیزاب ہوگا۔ $K_a$ غیر جسامتی مقدار ہے اس سمجھ کے ساتھ کہ تمام انواع کی معیاری ارتکاز کی حالت 1M ہوتی ہے۔"**

کچھ چنندہ کمزور تیزابوں کے آیونائزیشن مستقلے جدول 7.6 میں دیے گئے ہیں۔

ہائڈروجن آین ارتکاز کے لیے pH پیمانہ اتنا مفید ہے کہ $pK_w$ کے علاوہ اس کا استعمال دوسری انواع اور مقداروں کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ لہٰذا ہمارے پاس ہے

$$pK_a = -\log\,(K_a) \qquad (7.31)$$

اگر ہم کسی تیزاب کا آیونائزیشن مستقلہ $K_a$ اور اس کا ابتدائی ارتکاز c جانتے ہیں تو ہم تمام انواع کے لیے توازن ارتکاز اور تیزاب کے آیونائزیشن کی ڈگری اور محلول کی pH معلوم کرسکتے ہیں۔

کمزور الیکٹرولائٹ کی pH کا اندازہ لگانے کے لیے ہم اقدامات کا ایک سلسلہ بروئے کار لاتے ہیں:

**جدول 7.6 کچھ چنندہ کمزور تیزابوں کے برق پاش مستقلے (298K پر)**

| تیزاب (Acid) | آیونائزیشن مستقلے $K_a$ |
|---|---|
| ہائڈروفلورک ایسڈ (HF) | $3.5 \times 10^{-4}$ |
| نائٹرس ایسڈ ($HNO_2$) | $4.5\times10^{-4}$ |
| فارمک اسیڈ (HCOOH) | $1.8 \times 10^{-4}$ |
| نیاسین ($C_5H_4NCOOH$) | $1.5 \times 10^{-5}$ |
| ایسٹیک ایسڈ ($CH_3COOH$) | $1.74 \times 10^{-5}$ |
| بینزوئک ایسڈ ($C_6H_5COOH$) | $6.5 \times 10^{-5}$ |
| ہائپوکلورس ایسڈ (HCIO) | $3.0 \times 10^{-8}$ |
| ہائڈروسائنک ایسڈ (HCN) | $4.9 \times 10^{-10}$ |
| فینول ($C_6H_5OH$) | $1.3 \times 10^{-10}$ |

**قدم 1** افتراق سے پہلے موجود انواع کی برونسٹڈ۔ لاری تیزاب / اساس کے طور پر شناخت کیجیے۔

**قدم 2** تمام ممکنہ تعاملات کے لیے متوازن مساوات لکھیے یعنی یہ انواع تیزاب اور اساس دونوں طرح سے حصہ لیتے ہوئے لکھے جائیں گے۔

**قدم 3** وہ تعامل جس میں $K_a$ کی قیمت سب سے زیادہ ہوگی وہ ابتدائی تعامل کے طور پر لیا جائے گا جبکہ دیگر ثانوی تعامل ہوگا۔

**قدم 4** ابتدائی تعامل میں ہر ایک نوع کے لیے مندرجہ ذیل قدروں کو جدول کی شکل میں لکھئے۔

(a) ابتدائی ارتکاز C

(b) آیونائزیشن کی ڈگری α کی اصطلاح میں توازن کی سمت بڑھتے وقت ارتکاز میں تبدیلی

(c) توازنی ارتکاز

**قدم 5** پرنسپل تعامل کے لیے توازن مستقلہ مساوات میں α کی قیمت نکالنے کے لیے توازن ارتکاز کی قیمت رکھیے۔

**قدم 6** پرنسپل تعامل میں انواع کے ارتکاز کی قیمت نکالیے۔

**قدم 7** $pH = -\log[H_3O^+]$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

مذکورہ بالا طریقہ کی وضاحت مندرجہ ذیل مثالوں کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔

### مسئلہ 7.18

HF کا آیونائزیشن مستقلہ $3.2 \times 10^{-4}$ ہے۔ 0.02M محلول میں HF کی افتراق کی ڈگری معلوم کیجیے۔ محلول میں موجود تمام انواع ($H_3O^+$, $F^-$ اور HF) کے ارتکاز اور اس کی pH معلوم کیجیے۔

### حل

مندرجہ ذیل پروٹان منتقلی تعاملات ممکن ہیں۔

1) $HF + H_2O \rightleftharpoons H_3O^+ + F^-$ ؛ $K_a = 3.2\times10^{-4}$

2) $H_2O + H_2O \rightleftharpoons H_3O^+ + OH^-$

$$K_w = 1.0 \times 10^{-14}$$

چونکہ $K_a >> K_w$ لہٰذا تعامل (1) پرنسپل تعامل ہوگا۔

$$HF + H_2O \rightleftharpoons H_3O^+ + F^-$$

ابتدائی ارتکاز (M)

$0.02 \qquad 0 \qquad 0$

تبدیل شدہ (M)

$-0.02\alpha \qquad +0.02\alpha \qquad +0.02\alpha$

توازن ارتکاز (M)

$0.02 - 0.02\alpha \qquad 0.02\alpha \qquad 0.02\alpha$

پرنسپل تعامل کے لیے تعامل میں توازن ارتکاز کی قیمتیں رکھنے پر

$$K_a = (0.02\alpha)^2/(0.02 - 0.02\alpha)$$

$$= 0.02\alpha^2/(1-\alpha) = 3.2 \times 10^{-4}$$

اس سے ہمیں مندرجہ ذیل دودرجی مساوات حاصل ہوتی ہے۔

$$\alpha^2 + 1.6 \times 10^{-2}\alpha - 1.6 \times 10^{-2} = 0$$

α میں دودرجی مساوات کو حل کیا جاسکتا ہے اور جذر کی دو قدریں مندرجہ ذیل ہوں گی $\alpha = +0.12$ اور $-0.12$

منفی جذر قابل قبول نہیں ہے لہٰذا،

$$\alpha = 0.12$$

اس کا مطلب ہے کہ آیونائزیشن کی ڈگری، $\alpha = 0.12$ پھر دوسری انواع، جیسے HF، $F^-$ اور $H_3O$ کے توازن ارتکاز دیے جاسکتے ہیں:

$$[H_3O^+] = [F^-] = c\alpha = 0.02 \times 0.12$$

$$= 2.4 \times 10^{-3}\ M$$

$$[HF] = c(1 - \alpha) = 0.02\ (1 - 0.12)$$

© NCERT not to be republished

$= 17.6 \times 10^{-3}$ M

$pH = -\log[H^+] = -\log(2.4 \times 10^{-3}) = 2.62$

**مسئلہ 7.19**

0.1M مونوبیسک ایسڈ کا pH 4.50 ہے۔ توازن کے وقت انواع $H^+$، $A^-$ اور HA کے ارتکاز معلوم کیجیے۔ مونوبیسک ایسڈ کے لیے $K_a$ اور $pK_a$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

**حل**

$pH = -\log[H^+]$

لہٰذا $[H^+] = 10^{-pH} = 10^{-4.50} = 3.16 \times 10^{-5}$

$[H^+] = [A^-] = 3.16 \times 10^{-5}$

$K_a = [H^+][A^-]/[HA]$

$[HA]_{eqlbm} = 0.1 - (3.16 \times 10^{-5}) \simeq 0.1$

$K_a = (3.16 \times 10^{-5})^2 / 0.1 = 1.0 \times 10^{-8}$

$pK_a = -\log(10^{-8}) = 8$

متبادل طور پر ''فی صد افتراق، کمزور تیزاب کی قوت ناپنے کا ایک دوسرا مفید طریقہ ہے اور اسے مندرجہ ذیل طریقہ سے دیا جاسکتا ہے۔

(7.32) $= [HA]_{dissociated}/[HA]_{initial} \times 100\%$

**مسئلہ 7.20**

0.08M ہائپوکلورس ایسڈ، HOCl کی pH معلوم کیجیے۔ ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $2.5 \times 10^{-5}$ ہے۔ HOCl کا فیصد افتراق معلوم کیجیے۔

**حل**

$HOCl(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + ClO^-(aq)$

ابتدائی ارتکاز

0.08    0    0

توازن ارتکاز پر پہنچنے پر تبدیلی (M)

$-x$    $+x$    $+x$

توازن ارتکاز (M)

$0.08 - x$    $x$    $x$

$K_a = \{[H_3O^+][ClO^-]/[HOCl]\}$

$= x^2/(0.08 - x)$

$x \ll 0.08$ اس لیے $0.08 - x \simeq 0.08$

$x^2/0.08 = 2.5 \times 10^{-5}$

$x^2 = 2.0 \times 10^{-6}$ لہٰذا $x = 1.41 \times 10^{-3}$

$[H^+] = 1.41 \times 10^{-3}$ M

فی صد افتراق

$= \{[HOCl]_{dissociated}/[HOCl]_{undissociated}\} \times 100$

$= 1.41 \times 10^{-3} \times 10^2 / 0.08 = 1.76\%$

$pH = -\log(1.41 \times 10^{-3}) = 2.85.$

## 7.11.4 کمزور اساسوں کا آیونائزیشن (Ionization of Weak Bases)

ایک اساس MOH کا آیونائزیشن مندرجہ ذیل مساوات سے ظاہر کیا جاسکتا ہے۔

$$MOH(aq) \rightleftharpoons M^+(aq) + OH^-(aq)$$

کمزور اساس میں MOH کا $M^+$ اور $OM^-$ میں جزوی آیونائزیشن ہوتی ہے۔ یہ معاملہ تیزاب افتراق توازن کی طرح ہے۔ اساسی آیونائزیشن کے لیے توازن مستقلہ **اساسی آیونائزیشن مستقلہ** کہلاتا ہے اور اسے $K_b$ سے ظاہر کرتے ہیں۔ اسے توازن کی حالت میں مختلف انواع کے ارتکاز کو مولاریت میں دکھاتے ہوئے مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کرسکتے ہیں۔

(7.33) $K_b = [M^+][OH^-] / [MOH]$

متبادل طور پر اگر c = اساس کا ابتدائی ارتکاز اور α = اساس کی آیونائزیشن کی ڈگری یعنی، جس حد تک اساس آیونائز ہوتا ہے۔ جب توازن قائم ہوجاتا ہے تو توازن مستقلہ کو اس طرح لکھ سکتے ہیں۔

(7.33) $K_b = (c\alpha)^2 / c(1-\alpha) = c\alpha^2 / (1-\alpha)$

کچھ چنندہ کمزور اساسوں کے آیونائزیشن مستقلوں $K_b$ کی قیمتیں جدول 7.7 میں دی گئی ہیں

© NCERT not to be republished

جدول 7.7 298 K پر کچھ کمزور اساسوں کے آیونائزیشن مستقلوں کی قیمتیں

| اساس | $K_b$ |
|---|---|
| ڈائی میتھائل امین $(CH_3)_2NH$ | $5.4 \times 10^{-4}$ |
| ٹرائی ایتھائل امین $(C_2H_5)_3N$ | $6.45 \times 10^{-5}$ |
| امونیا $NH_3$ یا $NH_4OH$ | $1.77 \times 10^{-5}$ |
| کیونین (ایک نباتاتی ماحصل) | $1.10 \times 10^{-6}$ |
| پائریڈین $C_5H_5N$ | $1.77 \times 10^{-9}$ |
| اینیلین $C_6H_5NH_2$ | $4.27 \times 10^{-10}$ |
| یوریا $CO(NH_2)_2$ | $1.3 \times 10^{-14}$ |

بہت سے نامیاتی مرکبات جیسے کہ امین کمزور اساس ہوتے ہیں۔ امین، امونیا کے مشتق ہیں جن میں ایک یا زیادہ ہائڈروجن ایٹم کسی دوسرے گروپ سے تبدیل کیے جاتے ہیں۔ مثال کے طور پر میتھائل امین، کوڈین، کیونین اور نکوٹین سب کمزور اساسوں کی طرح کام کرتے ہیں کیونکہ ان کے $K_b$ بہت کم ہوتے ہیں۔ امونیا آبی محلول میں $OH^-$ دیتی ہے۔

$$NH_3(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons NH_4^+(aq) + OH^-(aq)$$

ہائڈروجن آین ارتکاز کے لیے pH پیمانے کی توسیع کرکے مندرجہ ذیل کو حاصل کر سکتے ہیں۔

$$pK_b = -\log(K_b) \qquad (7.34)$$

**مسئلہ 7.21**

0.004M ہائڈرازین محلول کی pH 9.7 ہے۔ اس کے آیونائزیشن مستقلے $K_b$ اور $pK_b$ معلوم کیجیے۔

**حل**

$$NH_2NH_2 + H_2O \rightleftharpoons NH_2NH_3^+ + OH^-$$

pH سے ہم ہائڈروجن آین ارتکاز نکال سکتے ہیں۔ ہائڈروجن آین ارتکاز اور پانی کے آینی ماحصل کو جانتے ہوئے ہم ہائڈروکسل آین کا ارتکاز معلوم کر سکتے ہیں لہذا ہمارے پاس ہے؛

$$[H^+] = \text{antilog}(-pH)$$

$$K_b = \text{antilog}(-9.7) = 1.67 \times 10^{-10}$$

$$[OH^-] = K_w / [H^+] = 1 \times 10^{-14} / 1.67 \times 10^{-10}$$

$$= 5.98 \times 10^{-5}$$

متعلقہ ہائڈرازنیم آین کا ارتکاز بھی وہی ہوگا جو کہ ہائڈراکسل کا ہے۔ ان دونوں آینوں کے ارتکاز بہت کم ہیں۔ لہذا غیر افتراقی اساس کے ارتکاز 0.004M کے برابر لیے جا سکتے ہیں۔

لہذا $K_b = [NH_2NH_3^+][OH^-] / [NH_2NH_2]$

$$= (5.98 \times 10^{-5})^2 / 0.004 = 8.96 \times 10^{-7}$$

$$pK_b = -\log K_b = -\log(8.96 \times 10^{-7}) = 6.04$$

**مسئلہ 7.22**

0.1M $NH_3$ اور 0.2M $NH_4Cl$ کی آمیزش سے بننے والے محلول کی pH معلوم کیجیے امونیا محلول کی pOH 4.75 ہے۔

**حل**

$$NH_3 + H_2O \rightleftharpoons NH_4^+ + OH^-$$

$NH_3$ کا آیونائزیشن مستقلہ $K_b = \text{antilog}(-pK_b)$ یعنی

$$K_b = 10^{-4.75} = 1.77 \times 10^{-5}\ M$$

$$NH_3 + H_2O \rightleftharpoons NH_4^+ + OH^-$$

ابتدائی ارتکاز

0.10    0.20    0

توازن پر پہنچنے کے لیے تبدیلی

–x    +x    +x

توازن کے وقت (M)

–0.10    0.20 + x    x

$$K_b = [NH_4^+][OH^-] / [NH_3]$$

$$= (0.20 + x)(x) / (0.1 - x) = 1.77 \times 10^{-5}$$

چونکہ $K_b$ بہت کم ہے لہذا ہم 0.1M اور 0.2M کے مقابلے میں x کو نظر انداز کر سکتے ہیں۔

اس طرح: $[OH^-] = x = 0.88 \times 10^{-5}$

لہذا $[H^+] = 1.12 \times 10^{-9}$

$$pH = -\log[H^+] = 8.95$$

© NCERT not to be republished

### 7.11.5 $K_a$ اور $K_b$ میں تعلق (Relation between $K_a$ and $K_b$)

جیسا کہ اس باب میں پہلے دیکھا جا چکا ہے، $K_a$ اور $K_b$ بالترتیب تیزاب اور اساس کی قوت کو ظاہر کرتے ہیں۔ جفتی تیزاب۔ اساس کے جوڑے بہت سادہ طریقہ سے تعلق رکھتے ہیں یعنی اگر ان میں سے ایک کی قیمت معلوم ہو تو دوسرے کی قیمت معلوم کی جا سکتی ہے۔

$$NH_4^+(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + NH_3(aq)$$

$$K_a = [H_3O^+][NH_3] / [NH_4^+] = 5.6 \times 10^{-10}$$

$$NH_3(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons NH_4^+(aq) + OH^-(aq)$$

$$K_b = [NH_4^+][OH^-] / NH_3 = 1.8 \times 10^{-5}$$

کُل

$$2\,H_2O(l) \rightleftharpoons H_3O^+(aq) + OH^-(aq)$$

$$K_w = [H_3O^+][OH^-] = 1.0 \times 10^{-14} M$$

جہاں $K_a$ ایک تیزاب کی حیثیت سے $NH_4^+$ کی قوت کو اور $K_b$ ایک اساس کی حیثیت سے $NH_3$ کی قوت کو ظاہر کرتے ہیں۔

نیٹ تعامل سے یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ تعامل کے لیے توازن مستقلہ، $K_a$ اور $K_b$ توازن مستقلوں کے ماحصل ضرب کے برابر ہوتا ہے، لہٰذا:

$$K_a \times K_b = \{[H_3O^+][NH_3] / [NH_4^+]\} \times \{[NH_4^+][OH^-] / [NH_3]\}$$

$$= [H_3O^+][OH^-] = K_w$$

$$= (5.6x10^{-10}) \times (1.8 \times 10^{-5}) = 1.0 \times 10^{-14}\ M$$

ایک تعمیم کے لیے اس کی توسیع کی جا سکتی ہے۔ دو (یا زیادہ) تعاملات کو جمع کر کے حاصل کیے گئے نیٹ تعامل کے لیے توازن مستقلہ انفرادی تعاملات کے توازن مستقلوں کے حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے۔''

$$K_{NET} = K_1 \times K_2 \times \ldots\ldots \quad (7.35)$$

اسی طرح جفتی تیزاب اساس جوڑے میں

$$K_a \times K_b = K_w \quad (7.36)$$

ایک کی قیمت معلوم ہونے پر دوسرے کی قیمت معلوم کی جا سکتی ہے۔ یہ قابل غور ہے کہ قوی تیزاب کے جفتی اساس کمزور ہوں گے اور قوی اساس کے جفتی تیزاب کمزور ہوں گے۔

دوسری طرف مندرجہ بالا علامت $K_w = K_a \times K_b$ کو اساس۔ افتراق توازن تعامل کی مدد سے بھی حاصل کیا جا سکتا ہے۔

$$B(aq) + H2O(l) \rightleftharpoons BH^+(aq) + OH^-(aq)$$

$$K_b = [BH^+][OH^-] / [B]$$

چونکہ پانی کا ارتکاز مستقل ہوتا ہے لہٰذا اسے نسب نما سے نکال دیتے ہیں اور افتراقی مستقلے میں شامل کر لیتے ہیں۔ اس کے بعد مندرجہ بالا مساوات کو $[H^+]$ سے ضرب اور تقسیم کر کے ہمیں حاصل ہوتا ہے:

$$K_b = [BH^+][OH^-][H^+] / [B][H^+]$$

$$= \{[OH^-][H^+]\}\{[BH^+] / [B][H^+]\}$$

$$= K_w / K_a$$

یا

$$K_a \times K_b = K_w$$

یہ بھی غور کیا جا سکتا ہے کہ اگر ہم مساوات کی دونوں سمتوں کے منفی لوگارتم لیں، تو جفتی تیزاب اور اساس کی $pK$ قدروں کا ایک دوسرے سے تعلق مندرجہ ذیل مساوات کے مطابق ہوگا۔

$$pK_a + pK_b = pK_w = 14 \quad (298\ K \text{ پر})$$

**مسئلہ 7.23**

0.05M امونیا محلول کی آیونائزیشن کی ڈگری اور pH معلوم کیجیے۔ امونیا کا آیونائزیشن مستقلہ جدول 7.7 سے لیا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ امونیا کے جفتی تیزاب کا آئنی مستقلہ بھی معلوم کیجیے۔

**حل**

پانی میں امونیا کی آیونائزیشن کو مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کیا جا سکتا ہے۔

$$NH_3 + H_2O \rightleftharpoons NH_4^+ + OH^-$$

ہائڈروکسل آین کا ارتکاز معلوم کرنے کے لیے ہم مساوات (7.33) کا استعمال کر سکتے ہیں

$$[OH^-] = c\,\alpha = 0.05\,\alpha$$

$$K_b = 0.05\,\alpha^2 / (1-\alpha)$$

$\alpha$ کی قیمت کم ہے لہٰذا دو درجی مساوات کو مساوات کے داہنی سمت نسب نما میں 1 کے مقابلے $\alpha$ کو نظر انداز کر کے آسان بنایا جا سکتا ہے۔ اس طرح

© NCERT not to be republished

$K_b = c\alpha^2$ or $\alpha = \sqrt{(1.77 \times 10–5/0.05)}$

$= 0.018.$

$[OH^-] = c\,\alpha = 0.05 \times 0.018 = 9.4 \times 10^{-4}M.$

$[H^+] = K_w/[OH^-] = 10^{-14}/(9.4 \times 10^{-4})$

$= 1.06 \times 10^{-11}$

$pH = -\log(1.06 \times 10^{-11}) = 10.97$

اب جفتی تیزاب اساس جوڑے کے تعلق کو استعمال کرتے ہوئے

$K_a \times K_b = K_w$

جدول 7.7 سے $NH_3$ کے لیے $K_b$ کی قیمت لیتے ہوئے ہم جفتی تیزاب $NH_4^+$ کا ارتکاز معلوم کر سکتے ہیں۔

$K_a = K_w \ / \ K_b = 10^{-14} \ / \ 1.77 \times 10^{-5}$

$= 5.64 \times 10^{-10}$

## 7.11.6 ڈائی- اور کثیر اساسی تیزاب اور ڈائی- اور کثیر تیزابی اساس (Di- and Polybasic Acids and Di- and Polyacidic Bases)

کچھ تیزاب جیسے کہ آکسائڈ ایسڈ، سلفیورک ایسڈ اور فاسفورک ایسڈ میں ایسڈ کے ہر ایک سالمے میں ایک سے زیادہ آیونائزیشن کے قابل پروٹان موجود ہوتے ہیں۔ ایسے تیزاب کثیر اساسی (Polybasic) یا کثیر پروٹک (Polyprotic) تیزاب کہلاتے ہیں مثال کے طور پر ایک ڈائی بیسك تیزاب $H_2X$ کے لیے آیونائزیشن تعامل کو مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کیا جاتا ہے۔

$$H_2X(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + HX^-(aq)$$

$$HX^-(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + X^{2-}(aq)$$

اور اسی کے مطابق توازن مستقلہ مندرجہ ذیل ہیں۔

$$K_a = \{[H^+][HX^-]\} \ / \ [H_2X]$$

اور $K_a = \{[H^+][X2^-]\} \ / \ [HX^-]$

یہاں $K_a$ اور $K_{a_2}$ تیزاب $H_2X$ کے بالترتیب پہلے اور دوسرے آیونائزیشن مستقلے ہیں۔ اسی طرح سہ اساسی تیزاب جیسے $H_3PO_4$ کے لیے ہمارے پاس تین آیونائزیشن مستقلے ہوں گے۔ کچھ چنندہ کثیر پروٹک تیزابوں کے لیے آیونائزیشن مستقلے جدول 7.8 میں دیے گئے ہیں۔

**جدول 7.8 کچھ چنندہ کثیر پروٹک تیزابوں کے آیونائزیشن مستقلے (298K)**

| تیزاب | $K_{a_1}$ | $K_{a_2}$ | $K_{a_3}$ |
|---|---|---|---|
| آکزیلک | $5.9\times10^{-2}$ | $6.4\times10^{-3}$ | |
| ایسکوربک ایسڈ | $7.4\times10^{-4}$ | $1.6\times10^{-12}$ | |
| سلفیورس ایسڈ | $1.7\times10^{-2}$ | $6.7\times10^{-8}$ | |
| سلفیورک ایسڈ | بہت زیادہ | $1.2\times10^{-12}$ | |
| کاربونک ایسڈ | $4.3\times10^{-7}$ | $5.6\times10^{-11}$ | |
| سٹرک ایسڈ | $7.4\times10^{-4}$ | $1.7\times10^{-5}$ | $4.0\times10^{-7}$ |
| فاسفورک ایسڈ | $7.5\times10^{-3}$ | $6.2\times10^{-8}$ | $4.2\times10^{-13}$ |

یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ کثیر پروٹک ایسڈ میں اعلیٰ درجے کے آیونائزیشن مستقلے $(K_{a_2}, K_{a_3})$ نچلے درجے کے آیونائزیشن مستقلے $K_a$ سے کم ہوتے ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک منفی چارج شدہ آین سے مثبت چارج والے پروٹان کو برقی سکونی قوت کی وجہ سے نکال پانا زیادہ مشکل ہوتا ہے۔ اسے منفی چارج شدہ $HCO_3^-$ کے مقابلے میں غیر چارج شدہ $H_2CO_3$ میں سے ایک پروٹان علیحدہ کر کے دیکھا جا سکتا ہے۔ اسی طرح ایک دوہرے منفی چارج شدہ $HPO_4^-$ این آین میں سے پروٹان کو نکالنا $HPO_4^{2-}$ کی بہ نسبت زیادہ مشکل ہوتا ہے۔

کثیر پروٹک تیزابی محلول میں $H_2A$، $HA^-$ کے آمیزے اور ڈائی پروٹک تیزاب میں $A^{2-}$ ہوتے ہیں۔ $H_2A$ ایک قوی تیزاب ہونے کی وجہ سے اس کے ابتدائی تعامل میں $H_2A$ کا افتراق ہوتا ہے اور محلول میں $H_3O^+$ خاص طور پر پہلے افتراقی مرحلے سے آتا ہے۔

## 7.11.7 تیزاب کی قوت کو متاثر کرنے والے عوامل (Factors Affecting Acid Strength)

مقداری طور پر تیزاب اور اساس کی قوت پر بحث کرنے کے بعد ہم اس مقام پر آجاتے ہیں جہاں ہم ایک دیے ہوئے محلول کی pH نکال سکتے ہیں۔ لیکن ہم یہ جاننے کے لیے متجسس رہتے ہیں کہ کچھ تیزاب دوسروں کے مقابلے میں زیادہ قوی کیوں ہوتے ہیں؟ وہ کون سے عوامل ہیں جو ان کو قوی بناتے ہیں؟ اس کا جواب ہے کہ یہ ایک بے حد پیچیدہ عمل ہے۔

© NCERT not to be republished

وسیع طور پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ تیزاب کے افتراق کی حد H–A بند کی قوت اور قطبیت پر منحصر ہوتی ہے۔

عام طور پر جب HA بند کی قوت کم ہوتی ہے، یعنی بند کو توڑنے کے لیے درکار توانائی کم ہوتی ہے۔ HA قوی تیزاب ہو جاتا ہے۔ یہ بھی کہ جب H–A بند زیادہ قطبی ہوتا ہے، یعنی ایٹم H اور A کے درمیان برقی منفیت کا فرق بڑھتا ہے اور چارج کی علیحدگی واضح ہو تو بند کا ٹوٹنا آسان ہو جاتا ہے لہٰذا تیزابیت بڑھ جاتی ہے۔

لیکن یہ غور کرنا چاہیے کہ جب دوری جدول کے ایک ہی گروپ کے عناصر کا مقابلہ کیا جاتا ہے، H–A بند توانائی اس کی قطبی فطرت کے مقابلے میں زیادہ اہم عوامل ہوتی ہے۔ گروپ میں نیچے کی سمت جاتے وقت جیسے جیسے A کی جسامت بڑھتی جاتی ہے H–A کی بندش کم ہو جاتی ہے اور تیزابی قوت بڑھ جاتی ہے۔ مثال کے طور پر

بڑھتی ہوئی جسامت →

HF << HCl << HBr << HI

تیزابی قوت میں اضافہ →

اسی طرح $H_2S$، $H_2O$ کے مقابلے میں زیادہ قوی تیزاب ہے۔

لیکن جب ہم دوری جدول کی ایک ہی قطار کے عناصر پر بحث کرتے ہیں تو H–A بند قطبیت تیزابی قوت کو متعین کرنے والا عامل بن جاتی ہے جیسے جیسے A کی برقی منفیت بڑھے گی، تیزاب کی قوت بھی بڑھتی ہے۔ مثال کے طور پر

بڑھتی ہوئی A کی الیکٹرونگیٹوٹی →

$CH_4 < NH_3 < H_2O < HF$

تیزابی قوت میں اضافہ →

### 7.11.8 تیزابوں اور اساسوں کے آیونائزیشن میں مشترک آین اثر (Common Ion Effect in the Ionization of Acids and Bases)

مندرجہ ذیل ایسیٹک ایسڈ افتراق توازن کی مثال پر غور کیجیے:

$$CH_3COOH(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + CH_3COO^-(aq)$$

یا

$$HAc(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + Ac^-(aq)$$

$$K_a = [H^+][Ac^-] / [HAc]$$

ایسیٹک ایسڈ کے محلول میں ایسی ٹیٹ آین کے اضافہ سے ہائڈروجن آین $[H^+]$ کا ارتکاز کم ہو جاتا ہے۔ یہ بھی کہ اگر $H^+$ آین کسی خارجی ماخذ سے داخل کیے جائیں تو توازن غیر افتراق شدہ ایسیٹک ایسڈ کی سمت میں جائے گا، یعنی اس سمت میں جہاں ہائڈروجن آین کے ارتکاز میں کمی آئے۔ یہ عمل **مشترک آین اثر** (Common Ion Effect) کی ایک مثال ہے۔ اس کی تعریف توازن میں تبدیلی کی شکل میں کی جاتی ہے جو اس شے کے اضافے کے سبب ہوتی ہے جس سے افتراق توازن میں پہلے سے موجود آینی نوع میں اضافہ ہوتا ہے۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ مشترک آین اثر ایک ایسا عمل ہے جو سیکشن 7.8 میں زیر بحث لی چیٹلئر کے اصول کی بنیاد پر ہوتا ہے۔

0.05M ایسیٹک ایسڈ محلول میں 0.05M ایسی ٹیٹ آینوں کو داخل کرنے پر محلول کی pH میں ہونے والی تبدیلی کو جانچنے کے لیے ہم ایک بار پھر ایسیٹک ایسڈ کے افتراق توازن کا مطالعہ کریں گے۔

$$HAc(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + Ac^-(aq)$$

ابتدائی ارتکاز (M)

0.05    0    0.05

مان لیجیے ایسیٹک ایسڈ کے آیونائزیشن کی حد X ہے۔

ارتکاز میں تبدیلی

−x    +x    +x

توازنی ارتکاز

0.05-x    x    0.05+x

لہٰذا،

$$K_a = [H^+][Ac^-]/[H\,Ac] = \{(0.05+x)(x)\}/(0.05-x)$$

چونکہ بہت کمزور تیزاب کے لیے $K_a$ بہت چھوٹا ہوتا ہے $X << 0.05$

لہٰذا $(0.05 + x) \approx (0.05 - x) \approx 0.05$

اس طرح

$$1.8 \times 10^{-5} = (x)(0.05 + x) / (0.05 - x)$$

$$= x(0.05) / (0.05) = x = [H^+] = 1.8 \times 10^{-5}M$$

$$pH = -\log(1.8 \times 10^{-5}) = 4.74$$

© NCERT not to be republished

**مسئلہ 7.24**

0.10M امونیا محلول کی pH معلوم کیجیے۔ جب اس محلول کے 50.0mL کا تعامل 0.10MHCl کے 25mL محلول کے ساتھ کرایا جاتا ہے تو پھر pH کیا ہوگا۔امونیا کے لیے افتراق مستقلہ $K_b = 1.77 \times 10^{-5}$ ہے

**حل**

$$NH_3 + H_2O \rightarrow NH_4^+ + OH^-$$
$$K_b = [NH_4^+][OH^-] / [NH_3] = 1.77 \times 10^{-5}$$

تعدیلی عمل سے پہلے

$$[NH_4^+] = [OH^-] = x$$
$$[NH_3] = 0.10 - x \simeq 0.10$$
$$x^2 / 0.10 = 1.77 \times 10^{-5}$$

اس طرح $x = 1.33 \times 10^{-3} = [OH^-]$

لہٰذا $[H^+] = K_w/[OH^-] = 10^{-14}/$
$(1.33 \times 10^{-3}) = 7.51 \times 10^{-12}$

$$pH = -\log(7.5 \times 10^{-12}) = 11.12$$

0.1M امونیا محلول (یعنی 5m mol امونیا) کے 50mL میں 0.1M HCl محلول کے 25mL امونیا کا اضافہ کرنے کے بعد (یعنی HCl کا 2.5m mol)،امونیا کے 2.5m mol سالمے تعدیل ہو جائیں گے۔ حاصل ہونے والے 75mL محلول میں باقی ماندہ امونیا سالموں کے 2.5m mol اور $NH_4^+$ کے 2.5m mol غیر تعدیل شدہ سالمے رہ جائیں گے۔

$$NH_3 + HCl \rightarrow NH_4^+ + Cl^-$$

| | | | |
|---|---|---|---|
| 2.5 | 2.5 | 0 | 0 |

توازن کے وقت

| | | | |
|---|---|---|---|
| 0 | 0 | 2.5 | 2.5 |

حاصل شدہ 75mL محلول میں غیر تعدیل شدہ $NH_4^+$ آین کے 2.5m mol (یعنی 0.033M) اور $NH_3$ سالموں کے 2.5m mol (یعنی 0.033M) ہوں گے۔ یہ $NH_3$ مندرجہ ذیل توازن میں ہوگا۔

$$NH_4OH \rightleftharpoons NH_4^+ + OH^-$$

| | | |
|---|---|---|
| 0.033M – y | y | y |

جہاں $y = [OH^-] = [NH_4^+]$

تعدیل کے بعد اختتامی 75mL محلول میں پہلے سے ہی $NH_4^+$ 2.5m mol آین (0.033M) ہیں، لہٰذا $NH_4^+$ کا کل ارتکاز ایسے دیا جا سکتا ہے کہ:

$$[NH_4^+] = 0.033 + y$$

چونکہ Y کی قیمت بہت کم ہے $[NH_4OH] \simeq 0.033\ M$ اور

$$[NH_4^+] \simeq 0.033\ M$$

ہم جانتے ہیں کہ

$$K_b = [NH_4^+][OH^-] / [NH_4OH]$$
$$= y(0.033)/(0.033) = 1.77 \times 10^{-5}\ M$$

اس طرح $y = 1.77 \times 10^{-5} = [OH^-]$

$$[H^+] = 10^{-14} / 1.77 \times 10^{-5} = 0.56 \times 10^{-9}$$

لہٰذا $pH = 9.24$

## 7.11.9 نمکوں کی آب پاشیدگی (Hydrolysis of Salts and the pH of their Solutions)

تیزاب اور اساس کے درمیان ایک مستقل تناسب میں ہونے والے تعامل سے بننے والے نمکوں کی پانی میں آب پاشیدگی ہو جاتی ہے۔نمکوں کی آب پاشیدگی سے بننے والے کیٹ آین/ این آین آبی محلول میں یا تو آبیدہ آینوں کی طرح پائے جاتے ہیں یا پانی سے باہمی عمل کر کے نمکوں کی نوعیت کے مطابق تیزاب/اساس بناتے ہیں۔نمکوں کے این آین کیٹ آین یا دونوں کا پانی کے ساتھ تعامل کرنے کا آخر الذکر عمل آب پاشیدگی کہلاتا ہے۔ اس باہمی عمل سے محلول کی pH متاثر ہوتی ہے۔قوی اساسوں کے کیٹ آین (مثلاً $Na^+$، $K^+$، $Ca^{2+}$، $Ba^{2+}$، وغیرہ) اور قوی تیزابوں کے این آین (مثلاً $Cl^-$، $Br^-$، $NO_3^-$، $ClO_4^-$ وغیرہ) صرف آبیدہ ہو جاتے ہیں لیکن ان کی آب پاشیدگی نہیں ہوتی۔ لہٰذا قوی تیزابوں اور اساسوں سے بننے والے نمکوں کے محلول تعدیلی ہوتے ہیں یعنی: pH 7 ہوتی ہے۔ دوسرے زمرے سے تعلق رکھنے والے نمک آب پاشیدہ ہو جاتے ہیں۔

اب ہم نمکوں کی مندرجہ ذیل اقسام کی آب پاشیدگی کا مطالعہ کریں گے۔

© NCERT not to be republished

(i) کمزور تیزاب اور قوی اساس کے نمک مثلاً $CH_3COONa$

(ii) قوی تیزاب اور کمزور اساس کے نمک مثلاً $NH_4Cl$

(iii) کمزور تیزاب اور کمزور اساس کے نمک مثلاً $CH_3COONH_4$

پہلی مثال میں $CH_3COONa$ ایک کمزور تیزاب $CH_3COOH$ اور قوی اساس، NaOH کی نمک ہونے کی وجہ سے آبی محلول میں پوری طرح سے برق پاشیدگی ہو جاتی ہے:

$$CH_3COONa(aq) \rightarrow CH_3COO^-(aq) + Na^+(aq)$$

اس طرح بننے والا $CH_3COO^-$ پانی میں آب پاشیدہ ہو کر ایسیٹک ایسڈ اور $OH^-$ دیتا ہے۔

$$CH_3COO^-(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons CH_3COOH(aq) + OH^-(aq)$$

ایسیٹک ایسڈ ($CH_3COONa$) ایک کمزور تیزاب ہونے کی وجہ سے ($K_a = 1.8 \times 10^{-5}$) محلول میں عام طور پر غیر آیونائز رہتا ہے۔ اس کی وجہ سے محلول میں $OH^-$ کا ارتکاز بڑھ جاتا ہے اور محلول اساسی ہو جاتا ہے۔ ایسے محلول کی pH 7 سے زیادہ ہوتی ہے۔

اسی طرح کمزور اساس $NH_4OH$ اور قوی تیزاب HCl سے بننے والا نمک $NH_4Cl$ پانی میں پوری طرح افتراق ہو جاتا ہے۔

$$NH_4Cl(aq) \rightarrow NH_4^+(aq) + Cl^-(aq)$$

بننے والے $NH_4^+$ پانی کے ساتھ آب پاشیدگی کے بعد $NH_4Cl$ اور $H^+$ آین دیتے ہیں

$$NH_4^+(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons NH_4OH(aq) + H^+(aq)$$

امونیم ہائڈرا کسائڈ ایک کمزور اساس ہے ($K_b = 1.77 \times 10^{-5}$) اور اسی لیے پانی میں تقریباً غیر آیونائز ہی رہتا ہے۔ اس کی وجہ سے محلول میں $H^+$ کا ارتکاز ہو جاتا ہے جو محلول کو تیزابی بناتا ہے۔ لہٰذا $NH_4Cl$ کے آبی محلول کی pH 7 سے کم ہوتی ہے۔

کمزور تیزاب $CH_3COOH$ اور کمزور اساس سے بننے والے نمک $CH_3COONH_4$ کی مثال دیکھیے۔ بننے والے آینوں میں مندرجہ ذیل طریقے سے آب پاشیدگی ہوتی ہے:

$$CH_3COO^- + NH_4^+ + H_2O \rightleftharpoons CH_3COOH + NH_4OH$$

$CH_3COOH$ اور $NH_4OH$ بھی جزوی افتراقی شکل میں پائے جاتے ہیں۔

$$CH_3COOH \rightleftharpoons CH_3COO^- + H^+$$

$$NH_4OH \rightleftharpoons NH_4^+ + OH^-$$

$$H_2O \rightleftharpoons H^+ + OH^-$$

تفصیلی تحسیب میں جائے بغیر ہی یہ کہا جا سکتا ہے کہ آب پاشیدگی کی ڈگری محلول کے ارتکاز سے آزاد ہوتی ہے اور ایسے محلول کی pH ان کی pK قیمتوں کے ذریعے متعین کی جاتی ہے۔

$$pH = 7 + ½ (pK_a - pK_b) \quad (7.38)$$

اگر فرق مثبت ہے تو محلول کی pH 7 سے زیادہ ہو سکتی ہے اور اگر فرق منفی ہے تو pH 7 سے کم ہوگی۔

**مسئلہ 7.25**

ایسیٹک ایسڈ کی $pK_a$ اور امونیم ہائڈروآکسائڈ کی $pK_b$ بالترتیب 4.76 اور 4.75 ہیں۔ امونیم ایسیٹیٹ محلول کی pH معلوم کیجیے:

**حل**

$$pH = 7 + ½ [pK_a - pK_b]$$
$$= 7 + ½ [4.76 - 4.75]$$
$$= 7 + ½ [0.01] = 7 + 0.005 = 7.005$$

## 7.12 حاجب محلول (Buffer Solution)

بہت سے جسمانی سیالوں، جیسے خون اور پیشاب وغیرہ کی مخصوص pH ہوتی ہے اور ان کی pH میں کوئی تبدیلی جسم کی خراب کارکردگی کا مظہر ہوتی ہے۔ بہت سے کیمیائی اور حیاتیاتی کیمیائی اعمال میں pH پر قابو رکھنا بھی بہت اہم ہوتا ہے۔ بہت سی میڈیکل اور کاسمیٹک مصنوعات کی تیاریوں میں بھی ایک مخصوص pH رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ **ایسے محلول جو ڈائی لیوٹ کرنے یا تھوڑی سی مقدار میں تیزاب یا اساس ملانے پر pH میں تبدیلی کے تئیں مزاحمت رکھتے ہیں حاجب محلول (Buffer Solution)** کہلاتے ہیں۔ معلوم شدہ pH کے حاجب محلول کی تیاری تیزاب کی $pK_a$ اور اساس کے $pK_b$ کے علم کی بنیاد پر اور نمک اور تیزاب یا نمک اور اساس کے تناسب کو کنٹرول کر کے کی جا سکتی ہے۔ ایسیٹک ایسڈ اور سوڈیم اسیٹیٹ کا آمیزہ pH 4.75 کے قریب ایک حاجب محلول

© NCERT not to be republished

کی طرح کام کرتا ہے اور امونیم کلورائڈ اور امونیم ہائڈروآکسائڈ کا آمیزہ pH 9.25 پر حاجب کی طرح کام کرتا ہے۔ اعلیٰ جماعتوں میں آپ حاجب محلولوں کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل کریں گے۔

## 7.13 معمولی حل پذیر نمکوں کے حل پذیری مستقلے (Solubility Equilibria Of Sparingly Soluble Salts)

ہم یہ پہلے سے ہی جانتے ہیں کہ آینی ٹھوس کی پانی میں حل پذیری کافی حد تک تغیر پذیر ہے۔ ان میں سے کچھ (جیسے کیلشیم کلورائڈ) اتنے حل پذیر ہوتے ہیں کہ وہ فطرتاً ہائیگروسکوپک (Hygroscopic) ہوتے ہیں یہاں تک کہ فضا سے ابخرات جذب کر لیتے ہیں۔ دیگر (جیسے کہ لیتھیم فلورائڈ) کی حل پذیری اتنی کم ہوتی ہے کہ ان کو عام طور پر غیر حل پذیر کہا جاتا ہے حل پذیری بہت سے عوامل پر منحصر ہوتی ہے ان میں سے اہم نمک کی لیٹس اینتھالپی اور محلول میں آینوں کی سالویشن کی اینتھالپی ہوتی ہے۔ ایک نمک کو محلل میں حل ہونے کے لیے اس کے آینوں کے درمیان قوت کشش (لیٹس اینتھالپی) پر آین محلل باہمی عمل کا غالب آنا لازمی ہے آینوں کی سالویشن اینتھالپی کو ہمیشہ سالویشن اصطلاح میں بیان کیا جاتا ہے جو ہمیشہ منفی ہوتی ہے یعنی سالویشن انتھالپی کی مقدار ہمیشہ محلل کی فطرت پر منحصر ہوتی ہے۔ غیر قطبی (شریک گرفت) محلل میں سالیوشن اینتھالپی کم ہوتی ہے لہٰذا نمک کی لیٹس اینتھالپی کو مغلوب کرنے کے لیے کافی نہیں ہوتی نتیجتاً نمک غیر قطبی محلل میں حل نہیں ہوتے۔ ایک عمومی قاعدے کے طور پر کسی نمک کے کسی مخصوص محلل میں حل پذیر ہونے کے لیے اس کی سالیوشن اینتھالپی اس کی لیٹس اینتھالپی سے زیادہ ہونی چاہیے تاکہ آخر الذکر اوّل الذکر کے ذریعہ مغلوب کی جا سکے۔ ہر نمک کی اپنی مخصوص حل پذیری ہوتی ہے جس کا انحصار درجہ حرارت پر ہوتا ہے۔ ہم نمکیات کو ان کی حل پذیری کی بنیاد پر مندرجہ ذیل تین جماعتوں میں تقسیم کرتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| جماعت I | حل پذیر | حل پذیری> 0.1M |
| جماعت II | کم حل پذیر | 0.01M< حل پذیری <0.1M |
| جماعت III | معمولی حل پذیر | حل پذیر <0.01M |

اب ہم معمولی حل پذیر آینی نمک اور اس کے سیر شدہ آبی محلول کے درمیان توازن کا مطالعہ کریں گے۔

### 7.13.1 حل پذیری ماحصل مستقلہ (Solubility Product Constant)

آیے اب ہم ایک ٹھوس جیسے کہ بیریم سلفیٹ کا اس کے سیر شدہ آبی محلول سے تعلق کا مطالعہ کریں گے۔ غیر حل شدہ ٹھوس اور سیر شدہ محلول میں آین کے درمیان توازن کو مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کیا جا سکتا ہے:

$$BaSO_4(s) \underset{\text{محلول}}{\overset{\text{سیر شدہ}}{\rightleftharpoons}} Ba^{2+}(aq) + SO_4^{2-}(aq),$$

توازن مستقلہ مندرجہ ذیل مساوات سے ظاہر کر سکتے ہیں:

$$K = \{[Ba^{2+}][SO_4^{2-}]\} / [BaSO_4]$$

خالص ٹھوس مادوں کے لیے ارتکاز مستقل رہتے ہیں لہٰذا ہم لکھ سکتے ہیں۔

$$K_{sp} = K[BaSO_4] = [Ba^{2+}][SO_4^{2-}] \quad (7.39)$$

ہم $K_{sp}$ کو حل پذیر ما حصل مستقلہ (Solublity Product Constant) یا صرف حل پذیری ماحصل (Solublity Product) کہتے ہیں۔ مندرجہ بالا مساوات میں 298 K پر $K_{sp}$ کی تجرباتی قیمت $1.1 \times 10^{-10}$ ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ ٹھوس بیریم سلفیٹ کے لیے اپنے سیر شدہ محلول کے ساتھ توازن میں ہونے کے لیے بیریم اور سلفیٹ آینوں کے ارتکاز کے ماحصل اس کے حل پذیر ماحصل مستقلہ کے برابر ہوتے ہیں۔ دونوں آینوں کے ارتکاز بیریم سلفیٹ کی مولر حل پذیری کے برابر ہوں گے۔ اگر مولر حل پذیری 'S' ہے تو

$$1.1 \times 10^{-10} = (S)(S) = S^2$$

یا

$$S = 1.05 \times 10^{-5}$$

لہٰذا بیریم سلفیٹ کی مولر حل پذیری $1.05 \times 10^{-5}$ mol $L^{-1}$ کے برابر ہوگی۔

ایک نمک افتراق کے بعد دو یا دو سے زیادہ این آین اور کیٹ آین دے سکتا ہے جن کے چارج مختلف ہوتے ہیں۔ مثال کے طور پر ایک نمک جیسے زر کو نیم فاسفیٹ پر غور کیجیے جس کا سالماتی ضابطہ $(Zr^{4+})_3(PO_4^{3-})_4$ پر غور کیجیے۔ اس کا افتراق تین زرکونیم آینوں میں ہوتا ہے جن پر +4 چارج ہے اور چار فاسفیٹ آین جن پر 3– چارج ہوتا

© NCERT not to be republished

ہے۔ اگر زرکونیم فاسفیٹ کی مولر حل پذیری S ہو تو مرکب کی تناسب پیمائی سے یہ دیکھا جاسکتا ہے

ہے کہ $[Zr^{4+}] = 3S$ اور $[PO_4^{3-}] = 4S$

اور $K_{sp} = (3S)^3\ (4S)^4 = 6912\ (S)^7$

یا $S = \{K_{sp}\ /\ (3^3 \times 4^4)\}^{1/7} = (K_{sp}\ /\ 6912)^{1/7}$

ایک ٹھوس نمک جس کا عام ضابطہ $M_x^{p+}X_y^{q-}$ اور مولر حل پذیری S ہے اپنے سیر شدہ محلول کے ساتھ توازن میں ہوتا ہے۔ اسے مندرجہ ذیل مساوات کے ذریعہ ظاہر کیا جاسکتا ہے:

$$M_xX_y(s)\ \ xM^{p+}(aq) + yX^{q-}\ (aq)$$

$$(x \times p^+ = y \times q^-)$$

اور اس کا حل پذیری ماحصل مستقلہ اس طرح دیا جاسکتا ہے:

$$K_{sp} = [M^{p+}]^x[X^{q-}]^y = (xS)^x(yS)^y \quad (7.40)$$

$$= x^x\ .\ y^y\ .\ S^{(x+y)}$$

$$S^{(x+y)} = K_{sp}\ /\ x^x\ .\ y^y$$

$$S = (K_{sp}\ /\ x^x\ .\ y^y)^{1\ /x+y} \quad (7.41)$$

مساوات میں اصطلاح $K_{sp}$ کو $Q_{sp}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے (سیکشن 7.6.2) جب ایک یا دو انواع کا ارتکاز توازن کے دوران کا ارتکاز نہ ہو۔ ظاہر ہے کہ توازن کی حالت میں $K_{sp} = Q_{sp}$ لیکن دوسری صورت میں یہ ترسیب (Precipitation) یا افتراق کے عمل کو سمت عطا کرتی ہے۔ بہت سے عام نمکوں کے حل پذیری ماحصل مستقلے 298 K پر جدول 7.9 میں دیے گئے ہیں۔

**مسئلہ 7.26**

خالص پانی میں $A_2X_3$ کی حل پذیری معلوم کیجیے، یہ مانتے ہوئے کہ دونوں قسم کے آین پانی سے تعامل نہیں کرتے $A_2X_3$ کا حل پذیری مستقلہ $K_{sp} = 1.1 \times 10^{-23}$ ہے۔

**حل**

$$A_2X_3 \rightarrow 2A^{3+} + 3X^{2-}$$

$$K_{sp} = [A^{3+}]^2\ [X^{2-}]^3 = 1.1 \times 10^{-23}$$

اگر $S = A_2X_3$ کی حل پذیری ہو تو:

لہٰذا $K_{sp} = (2S)^2(3S)^3 = 108S^5 = 1.1 \times 10^{-23}$

**جدول 7.9 298 K پر کچھ عام آینی نمکوں کے حل پذیری ماحصل مستقلے $K_{sp}$**

| نمک کا نام | ضابطہ | $K_{sp}$ |
|---|---|---|
| Silver Bromide | $AgBr$ | $5.0 \times 10^{-13}$ |
| Silver Carbonate | $Ag_2CO_3$ | $8.1 \times 10^{-12}$ |
| Silver Chromate | $Ag_2CrO_4$ | $1.1 \times 10^{-12}$ |
| Silver Chloride | $AgCl$ | $1.8 \times 10^{-10}$ |
| Silver Iodide | $AgI$ | $8.3 \times 10^{-17}$ |
| Silver Sulphate | $Ag_2SO_4$ | $1.4 \times 10^{-5}$ |
| Aluminium Hydroxide | $Al(OH)_3$ | $1.3 \times 10^{-33}$ |
| Barium Chromate | $BaCrO_4$ | $1.2 \times 10^{-10}$ |
| Barium Fluoride | $BaF_2$ | $1.0 \times 10^{-6}$ |
| Barium Sulphate | $BaSO_4$ | $1.1 \times 10^{-10}$ |
| Calcium Carbonate | $CaCO_3$ | $2.8 \times 10^{-9}$ |
| Calcium Fluoride | $CaF_2$ | $5.3 \times 10^{-9}$ |
| Calcium Hydroxide | $Ca(OH)_2$ | $5.5 \times 10^{-6}$ |
| Calcium Oxalate | $CaC_2O_4$ | $4.0 \times 10^{-9}$ |
| Calcium Sulphate | $CaSO_4$ | $9.1 \times 10^{-6}$ |
| Cadmium Hydroxide | $Cd(OH)_2$ | $2.5 \times 10^{-14}$ |
| Cadmium Sulphide | $CdS$ | $8.0 \times 10^{-27}$ |
| Chromic Hydroxide | $Cr(OH)_3$ | $6.3 \times 10^{-31}$ |
| Cuprous Bromide | $CuBr$ | $5.3 \times 10^{-9}$ |
| Cupric Carbonate | $CuCO_3$ | $1.4 \times 10^{-10}$ |
| Cuprous Chloride | $CuCl$ | $1.7 \times 10^{-6}$ |
| Cupric Hydroxide | $Cu(OH)_2$ | $2.2 \times 10^{-20}$ |
| Cuprous Iodide | $CuI$ | $1.1 \times 10^{-12}$ |
| Cupric Sulphide | $CuS$ | $6.3 \times 10^{-36}$ |
| Ferrous Carbonate | $FeCO_3$ | $3.2 \times 10^{-11}$ |
| Ferrous Hydroxide | $Fe(OH)_2$ | $8.0 \times 10^{-16}$ |
| Ferric Hydroxide | $Fe(OH)_3$ | $1.0 \times 10^{-38}$ |
| Ferrous Sulphide | $FeS$ | $6.3 \times 10^{-18}$ |
| Mercurous Bromide | $Hg_2Br_2$ | $5.6 \times 10^{-23}$ |
| Mercurous Chloride | $Hg_2Cl_2$ | $1.3 \times 10^{-18}$ |
| Mercurous Iodide | $Hg_2I_2$ | $4.5 \times 10^{-29}$ |
| Mercurous Sulphate | $Hg_2SO_4$ | $7.4 \times 10^{-7}$ |
| Mercuric Sulphide | $HgS$ | $4.0 \times 10^{-53}$ |
| Magnesium Carbonate | $MgCO_3$ | $3.5 \times 10^{-8}$ |
| Magnesium Fluoride | $MgF_2$ | $6.5 \times 10^{-9}$ |
| Magnesium Hydroxide | $Mg(OH)_2$ | $1.8 \times 10^{-11}$ |
| Magnesium Oxalate | $MgC_2O_4$ | $7.0 \times 10^{-7}$ |
| Manganese Carbonate | $MnCO_3$ | $1.8 \times 10^{-11}$ |
| Manganese Sulphide | $MnS$ | $2.5 \times 10^{-13}$ |
| Nickel Hydroxide | $Ni(OH)_2$ | $2.0 \times 10^{-15}$ |
| Nickel Sulphide | $NiS$ | $4.7 \times 10^{-5}$ |
| Lead Bromide | $PbBr_2$ | $4.0 \times 10^{-5}$ |
| Lead Carbonate | $PbCO_3$ | $7.4 \times 10^{-14}$ |
| Lead Chloride | $PbCl_2$ | $1.6 \times 10^{-5}$ |
| Lead Fluoride | $PbF_2$ | $7.7 \times 10^{-8}$ |
| Lead Hydroxide | $Pb(OH)_2$ | $1.2 \times 10^{-15}$ |
| Lead Iodide | $PbI_2$ | $7.1 \times 10^{-9}$ |
| Lead Sulphate | $PbSO_4$ | $1.6 \times 10^{-8}$ |
| Lead Sulphide | $PbS$ | $8.0 \times 10^{-28}$ |
| Stannous Hydroxide | $Sn(OH)_2$ | $1.4 \times 10^{-28}$ |
| Stannous Sulphide | $SnS$ | $1.0 \times 10^{-25}$ |
| Strontium Carbonate | $SrCO_3$ | $1.1 \times 10^{-10}$ |
| Strontium Fluoride | $SrF_2$ | $2.5 \times 10^{-9}$ |
| Strontium Sulphate | $SrSO_4$ | $3.2 \times 10^{-7}$ |
| Thallous Bromide | $TlBr$ | $3.4 \times 10^{-6}$ |
| Thallous Chloride | $TlCl$ | $1.7 \times 10^{-4}$ |
| Thallous Iodide | $TlI$ | $6.5 \times 10^{-8}$ |
| Zinc Carbonate | $ZnCO_3$ | $1.4 \times 10^{-11}$ |
| Zinc Hydroxide | $Zn(OH)_2$ | $1.0 \times 10^{-15}$ |
| Zinc Sulphide | $ZnS$ | $1.6 \times 10^{-24}$ |

© NCERT not to be republished

اس طرح $S^5 = 1 \times 10^{-25}$

$S = 1.0 \times 10^{-5}$ mol/L

### مسئلہ 7.27

دو معمولی حل پذیر نمک $Ni(OH)_2$ اور AgCN کی $K_{sp}$ قدریں بالترتیب $2.0\times10^{-15}$ اور $6\times10^{-17}$ ہیں۔ کون سا نمک زیادہ حل پذیر ہے۔

### حل

$$AgCN \rightleftharpoons Ag^+ + CN^-$$

$$K_{sp} = [Ag^+][CN^-] = 6 \times 10^{-17}$$

$$Ni(OH)_2 \quad Ni^{2+} + 2OH^-$$

$$K_{sp} = [Ni^{2+}][OH^-]^2 = 2 \times 10^{-15}$$

مان لیجیے $[Ag^+] = S_1$

تو $[CN^-] = S_1$

مان لیجیے $[Ni^{2+}] = S_2$

تو $[OH^-] = 2S_2$

$$S_1^2 = 6 \times 10^{-17},\ S_1 = 7.8 \times 10^{-9}$$

$$(S_2)(2S_2)^2 = 2 \times 10^{-15},\ S_2 = 0.58 \times 10^{-4}$$

$Ni(OH)_2$ نمک AgCN کے مقابلے سے زیادہ حل پذیر ہے۔

## 7.13.2 آینی نمکوں کی حل پذیری پر مشترک آین اثر (Common Ion Effect on Solubility of Ionic Salts)

لی چیٹلیئر کے اصول سے یہ متوقع ہے کہ اگر ہم کسی ایک آین کے ارتکاز کو بڑھا دیں تو اسے اپنے مخالف آین سے اتحاد کرنا چاہیے اور اس وقت تک کچھ نمک کا رسوب بنے گا جب تک کہ $K_{sp} = Q_{sp}$ نہیں ہو جاتا اس طرح اگر کسی آین کا ارتکاز کم ہوگا تو زیادہ نمک گھلے گا تا کہ دونوں آینوں کے ارتکاز بڑھ جائیں جب تک کہ دوبارہ $K_{sp} = Q_{sp}$ نہ ہو جائے۔ یہ حل پذیر نمکوں جیسے کہ سوڈیم کلورائڈ کے لیے بھی قابل عمل ہے سوائے اس کے کہ آینوں کے زیادہ ارتکاز کی وجہ سے ہم $Q_{sp}$ کے اظہار کے لیے ان کی مولاریت کے بجائے ان کی ایکٹوٹی کا استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح اگر ہم سوڈیم کلورائڈ کا سیر شدہ محلول لیں اور اس میں سے HCl گیس گزاریں، تو HCl کے افتراق سے دستیاب ہونے والے کلورائڈ آین کا ارتکاز (ایکٹویٹی) بڑھنے کی وجہ سے سوڈیم کلورائڈ کا رسوب ہوگا۔ اس طرح حاصل ہونے والا سوڈیم کلورائڈ بہت زیادہ خالص ہوگا اور ہمیں سوڈیم اور میگنیشیم سلفیٹ جیسی ملاوٹوں سے نجات ملے گی۔ مشترک آین اثر کا استعمال کسی خاص آین کے تقریباً مکمل رسوب کے لیے اس کے معمولی حل پذیر نمک کی طرح، حل پذیری ماحصل کی بہت کم قدر کے ساتھ گریویمیٹرک تخمینہ (Gravimetric Estimation) کے لیے بھی کیا جاتا ہے۔ اس طرح ہم سلور آین کو سلور کلورائڈ کی طرح فیرک آین کو اس کے ہائڈروآکسائڈ (اور آبیدہ فیرک آکسائڈ) کی طرح اور بیریم کو اس کے سلفیٹ کی طرح مقداری تخمینوں کے لیے رسوب کر سکتے ہیں۔

### مسئلہ 7.28

0.10 M NaOH میں $Ni(OH)_2$ کی مولر حل پذیری معلوم کیجیے $Ni(OH)_2$ کا آینی ماحصل $2.0\times10^{-15}$ ہے۔

### حل

مان لیجیے $Ni(OH)_2$ کی حل پذیری S ہے $Ni(OH)_2$ کے S mol/L کا افتراق $Ni^{2+}$ کے S mol/L اور $OH^-$ کے 2S mol/L فراہم کرتا ہے، لیکن $OH^-$ کا کل ارتکاز 0.10 mol/L کیونکہ محلول میں پہلے سے ہی NaOH سے $OH^-$ 0.10mol/L موجود ہے۔

$$K_{sp} = 2.0 \times 10^{-15} = [Ni^{2+}][OH^-]^2$$

$$= (S)(0.10 + 2S)^2$$

چونکہ $K_{sp}$ چھوٹا ہے $2S << 0.10$

لہٰذا، $(0.10 + 2S) \approx 0.10$

اس لیے،

$$2.0 \times 10^{-15} = S(0.10)^2$$

$$S = 2.0 \times 10^{-13}\ M = [Ni^{2+}]$$

کمزور تیزاب جیسے کہ فاسفیٹ کے نمکوں کی حل پذیری کم pH پر بڑھ جاتی ہے یہ اس لیے کہ کم pH پر این آین کا ارتکاز اس کے پروٹونیشن (Protonation) کے سبب کم ہو جاتا ہے۔ یہ بدلے میں نمک کی

© NCERT not to be republished

حل پذیری کو بڑھا دیتا ہے، اس طرح کہ $K_{sp} = Q_{sp}$ ہمیں ایک ساتھ دوتوازنوں کو مطمئن کرنا پڑتا ہے۔ یعنی،

$$K_{sp} = [M^+]\,[X^-]$$

$$HX(aq) \rightleftharpoons H^+(aq) + X^-(aq);$$

$$K_a = \frac{[H^+(aq)][X^-(aq)]}{[HX(aq)]}$$

$$[X^-] / [HX] = Ka / [H^+]$$

دونوں سمتوں کا مقلوب لیتے ہوئے اور 1 کا اضافہ کر کے ہمیں ملتا ہے:

$$\frac{[HX]}{[X]} + 1 = \frac{[H^+]}{K_a} + 1$$

$$\frac{[HX]+[H^-]}{[X^-]} = \frac{[H^+]+K_a}{K_a}$$

پھر دوبارہ مقلوب لیتے ہوئے ہمیں حاصل ہوتا ہے۔

$$[X^-] / \{[X^-]+[HX]\} = f = K_a / (K_a + [H^+])$$

اور یہ دیکھا جا سکتا ہے کہ pH کے گھٹنے کے ساتھ ساتھ f گھٹتا ہے۔
اگر کسی دی ہوئی pH پر نمک کی حل پذیری S ہے تو:

$$K_{sp} = [S]\,[f\,S] = S^2\,\{K_a / (K_a + [H^+])\}$$

اور

$$S = \{K_{sp}\,([H^+] + K_a) / K_a\}^{1/2} \qquad (7.42)$$

لہٰذا $[H^+]$ کے بڑھنے یا pH کے گھٹنے کے ساتھ حل پذیری S بڑھتی ہے۔

## خلاصہ

جب رقیق کو چھوڑ کر بخارات میں جانے والے سالمات کی تعداد بخارات سے واپس رقیق میں آنے والے سالمات کی تعداد برابر ہو جاتی ہے تو توازن قائم ہوتا ہے جو فطرتاً حرکی ہوتا ہے۔ توازن طبیعی اور کیمیائی دونوں اعمال کے لیے قائم کیا جا سکتا ہے اور اس مقام پر پیش رفت اور پشت رفت تعامل کی شرح برابر ہوتی ہے۔ **توازن مستقلہ**، $K_c$ ماحصل کے ارتکاز کو متعامل کے ارتکاز سے تقسیم کر کے ظاہر کرتے ہیں۔ ہر ایک رکن پر اس کے تناسب پیما ضربیہ کی قوت لگائی جاتی ہے۔

تعامل $aA + bB \rightleftharpoons cC + dD$ کے لیے

$$K_c = [C]^c [D]^d / [A]^a [B]^b$$

ایک معین درجہ حرارت پر توازن مستقلہ کی قیمت مستقل ہوتی ہے اور اس اسٹیج پر تمام میکرواسکوپک خصوصیات جیسے کہ ارتکاز، دباؤ وغیرہ مستقل ہو جاتی ہیں۔ گیس تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K_p$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اور اسے لکھنے کے $K_c$ میں ارتکاز کو جزوی دباؤ سے تبدیل کر دیا جاتا ہے۔ تعامل کی سمت کی پیشین گوئی تعامل خارج قسمت $Q_c$ کے ذریعہ ظاہر کی جاتی ہے جو توازن کے وقت $K_c$ کے برابر ہوتی ہے۔ **لی چیٹلیئر اصول** بتاتا ہے کہ کسی عوامل جیسے کہ درجہ حرارت، دباؤ، ارتکاز وغیرہ میں تبدیلی توازن کو اس سمت موڑ دے گی جدھر اس تبدیلی کے اثر کو کم یا معتدل کیا جا سکے۔ اسے مختلف عوامل جیسے کہ درجہ حرارت، ارتکاز، وسیط اور غیر عامل گیسوں کے توازن کی سمت پر اثرات کا مطالعہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ ان عوامل پر قابو پا کر ماحصل کی پیداوار کو کنٹرول کیا جا سکے۔ وسیط کسی تعامل آمیزے کی توازنی ترکیب کو متاثر نہیں کرتا لیکن متعامل کی ماحصل میں تبدیلی کے لیے کم توانائی کے راستے فراہم کر کے تعامل کی شرح کو بڑھا یا گھٹا سکتے ہیں۔

وہ تمام اشیا جو آبی محلول میں بجلی کا ایصال کرتی ہیں **الیکٹرولائٹ** کہلاتی ہیں تیزاب، اساس اور نمک الیکٹرولائٹ ہیں اور آبی محلول میں الیکٹرولائٹ کے **افتراق یا آیونائیزیشن** سے کیٹ آین اور این آین پیدا ہونے کی وجہ سے یہ اپنے آبی محلولوں میں بجلی کا ایصال کرتے ہیں۔ قوی الیکٹرولائٹ مکمل طور پر افتراق کرتے ہیں۔ کمزور الیکٹرولائٹ میں آینوں اور غیر آین شدہ الیکٹرولائٹ سالموں کے درمیان ایک توازن پایا جاتا ہے۔ **آرہینیس** کے مطابق **تیزاب** اپنے آبی محلول میں ہائڈروجن آین دیتے ہیں اور اساس ہائڈروکسل آین دیتے ہیں۔ دوسری طرف **برونسٹڈ لاری** نے تیزاب کو پروٹان معطی (Donor) اور اساس کو پروٹان قبول کار (Accepter) بتایا ہے۔ جب برونسٹڈ لاری تیزاب کسی اساس سے تعامل کرتا ہے تو وہ اس کا جفتی تیزاب بناتا ہے اور تیزاب سے تعامل کر کے اس کا جفتی اساس بناتا ہے۔ اس طرح ایک **تیزاب اساس کے جفتی جوڑے** میں صرف ایک پروٹان کا فرق ہوتا ہے۔ **لیوئس** نے تیزاب کی تعریف کو مزید عمومی بناتے ہوئے اسے ایک الیکٹران کے جوڑے کو

© NCERT not to be republished

قبول کرنے والا اور اساس کوایک الیکٹران جوڑا فراہم کرنے والا بتایا ہے۔ کمزور تیزابوں کے آیونائزیشن (توازن) مستقلے ($K_a$) اور کمزور اساس کے توازن مستقلہ ($K_b$) کی عبارت کو تیار کرنے کیے لیے آرہینیس کی تعریف استعمال کی گئی ہے۔ آیونائزیشن کی ڈگری اور ارتکاز پر اس کا انحصار اور مشترک آین پر بحث کی گئی ہے۔ ہائڈروجن آین کے ارتکاز (ایکٹویٹی) $[H^+]$ کے لیے pH پیمانے ($pH = -\log[H^+]$) کو متعارف کرایا گیا ہے اور پھر دوسری مقداروں، ($pOH = -\log[OH^-]$) ؛ $pK_a = -\log[K_a]$ ؛ $pK_b = -\log[K_b]$ اور $pK_w = -\log[K_w]$ کے لیے اس کی توسیع کی گئی ہے۔ پانی کے آیونائزیشن پر غور کیا گیا اور ہم نے دیکھا کہ مساوات $pH + pOH = pK_w$ ہمیشہ ہی مطمئن ہوتی ہے۔ قوی تیزاب اور کمزور اساس، کمزور تیزاب اور قوی اساس اور کمزور تیزاب اور کمزور اساس کے نمک پانی میں آب پاشیدگی کے بعد آبی محلول بناتے ہیں۔ حاجب **محلول** کی تعریف اور اس کی اہمیت پر مختصراً بحث کی گئی ہے۔ معمولی حل پذیر نمکوں کے حل پذیری توازن پر بحث ہوئی ہے اور توازن مستقلہ کو **حل پذیری ما حصل مستقلہ** ($K_{sp}$) کی طرح متعارف کیا گیا ہے۔ نمک کی حل پذیری سے اس کے تعلق کو قائم کیا گیا ہے۔ نمک کی ان کے محلولوں سے ترسیب کے حالات یا پانی میں ان کے افتراق پر بحث کی گئی ہے۔ مشترک آین کے کردار اور معمولی حل پذیر نمکوں کی حل پذیری پر بھی بحث ہوئی ہے۔

## طلباء کے لیے اس باب سے متعلق چند مجوزہ سرگرمیاں

(a) مختلف پھلوں اور سبزیوں کے تازہ رس، سوفٹ ڈرنک، جسمانی سیال اور دستیاب پانی کے نمونوں کی pH معلوم کرنے کے لیے طالب علم pH کاغذ کا استعمال کر سکتے ہیں۔

(b) pH کاغذ کا استعمال مختلف نمکوں کے محلولوں کی pH معلوم کرنے کے لیے بھی کیا جاسکتا ہے جس کی مدد سے وہ یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ آیا وہ قوی/کمزور تیزاب یا اساس ہیں۔

(c) طلبا سوڈیم ایسی ٹیٹ اور ایسٹیک ایسڈ کے محلولوں کو ملا کر حاجب محلول تیار کر سکتے ہیں پھر pH کاغذ کا استعمال کر کے اس کی pH معلوم کر سکتے ہیں۔

(d) انہیں کچھ انڈیکیٹر دیے جا سکتے ہیں تا کہ وہ مختلف pH کے محلولوں میں ان کے رنگوں کا مشاہدہ کر سکیں۔

(e) طالب علم انڈیکیٹر کا استعمال کر کے کچھ تیزاب اساس ٹائٹریشن کر سکتے ہیں۔

(f) معمولی حل پذیر نمکوں کی حل پذیری پر مشترک آین اثر کا مطالعہ کر سکتے ہیں۔

(g) اگر اسکول میں pH میٹر دستیاب ہے تو وہ اس کی مدد سے محلول کی pH معلوم کر سکتے ہیں اور اس کا مقابلہ pH کاغذ کی مدد سے معلوم کی گئی pH سے کر سکتے ہیں۔

## مشقیں

7.1 ایک مستقل درجہ حرارت پر سیل بند برتن میں ایک رقیق اپنے بخارات کے ساتھ توازن میں ہے برتن کا حجم اچانک بڑھ جاتا ہے۔

(a) بخاراتی دباؤ پر اس تبدیلی کا ابتدائی اثر کیا ہوگا؟

(b) ابتدا میں تبخیر اور تکثیف کی شرح میں کیا تبدیلی آئے گی؟

(c) آخر کار جب توازن قائم ہو جائے گا تو کیا ہوگا اور آخری بخاراتی دباؤ کیا ہوگا؟

7.2 مندرجہ ذیل توازن کے لیے $K_c$ کیا ہوگا جبکہ ہر ایک شے کے توازن ارتکاز اس طرح ہیں:

$[SO_3] = 1.90M \quad ([SO_2] = 0.60M,\ [O_2] = 0.82M$

$2SO_2(g) + O_2(g) \rightleftharpoons 2SO_3(g))$

7.3 ایک مخصوص درجہ حرارت اور $10^5$Pa کے کل دباؤ پر آیوڈین کے بخارات حجم کے اعتبار سے 1 فضائی دباؤ کا 40% ہیں۔

$$I_2\ (g) \rightleftharpoons 2I\ (g)$$

توازن کے لیے $K_p$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

7.4 مندرجہ ذیل ہر ایک تعامل کے لیے توازن مستقلہ $K_c$ کی علامت لکھئے۔

(i) $2NOCl\ (g) \rightleftharpoons 2NO\ (g) + Cl_2\ (g)$

(ii) $2Cu(NO_3)_2\ (s)\ \ 2CuO\ (s) + 4NO_2\ (g) + O_2\ (g)$

(iii) $CH_3COOC_2H5(aq) + H_2O(l) \rightleftharpoons CH_3COOH\ (aq) + C_2H_5OH\ (aq)$

(iv) $Fe^{3+}\ (aq) + 3OH^-\ (aq)\ \ Fe(OH)_3\ (s)$

(v) $I_2\ (s) + 5F_2 \rightleftharpoons 2IF_5$

7.5 $K_p$ کی مدد سے مندرجہ ذیل ہر ایک توازن کے لیے $K_c$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

(i) $2NOCl\ (g) \rightleftharpoons 2NO\ (g) + Cl_2\ (g);\ K_p = 1.8 \times 10^{-2}$ at 500 K

(ii) $CaCO_3\ (s) \rightleftharpoons CaO(s) + CO_2(g);\ K_p = 167$ at 1073 K

7.6 مندرجہ ذیل تعامل کے لیے 1000 K پر $K_c = 6.3 \times 10^{14}$ ہے

$$NO\ (g) + O_3\ (g) \rightleftharpoons NO_2\ (g) + O_2\ (g)$$

توازن میں پیش رفت اور پشت رفت دونوں تعاملات عنصری دو سالمی تعاملات ہیں۔ پشت رفت تعامل کے لیے $K_c$ کیا ہوگا۔

7.7 خالص ٹھوس اور رقیق کو توازن مستقلہ کی عبارت لکھتے وقت کیوں نظر انداز کرتے ہیں؟

7.8 $N_2$ اور $O_2$ کے درمیان متعامل مندرجہ ذیل کے مطابق ہوتا ہے:

$$2N_2\ (g) + O_2\ (g) \rightleftharpoons 2N_2O\ (g)$$

اگر $N_2$ کے 0.482 مول اور $O_2$ کے 0.933 مولوں کا آمیزہ 10L کے تعاملی برتن میں رکھا جاتا ہے اور اس درجہ حرارت پر جہاں $K_c = 2.0 \times 10^{-37}$ ہے، $N_2O$ بننے دیا جاتا ہے تو توازن آمیزے کی ترکیب کا تعین کیجیے۔

7.9 مندرجہ ذیل تعامل کے مطابق نائٹرک آکسائڈ $Br_2$ سے تعامل کر کے نائٹروسل برومائیڈ دیتا ہے۔

$$2N_2\ (g) + O_2\ (g) \rightleftharpoons 2N_2O\ (g)$$

جب ایک مستقل درجہ حرارت پر بند برتن میں NO کے 0.087 mol اور $Br_2$ کے 0.0437 mol ملائے جاتے ہیں تو NO Br کے 0.0518 mol حاصل ہوتے ہیں۔ NO اور $Br_2$ کی توازنی مقداریں معلوم کیجیے

7.10 450K پر توازن کے وقت دیے گئے تعامل کا $K_p = 2.0 \times 10^{10}$/bar ہے۔

اس درجہ حرارت پر $K_c$ کیا ہوگا؟

7.11 0.2 atm کے دباؤ پر ایک فلاسک میں HI(g) کا ایک نمونہ رکھا گیا ہے توازن کے وقت HI کا جزوی دباؤ 0.04 atm ہے۔ دیے گئے توازن کے لیے $K_p$ کیا ہوگا؟

$$2HI\ (g) \rightleftharpoons H_2\ (g) + I_2\ (g)$$

© NCERT not to be republished

7.12 500K پر 20L کے ایک تعاملی برتن میں $N_2$ کے 1.57mol، $H_2$ کے 1.92 مول اور $NH_3$ کے 8.13 mol آمیزے کو داخل کیا گیا۔ اس درجہ حرارت پر تعامل $N_2(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons 2NH_3(g)$ کا $K_C$ $1.7\times10^2$ ہے۔ کیا تعامل آمیزہ توازن میں ہے؟ اگر نہیں تو کل تعامل کی سمت کیا ہوگی؟

7.13 ایک گیس تعامل کے لیے توازن مستقلہ کی علامت اس طرح دی گئی ہے:

$$K_c = \frac{[NH_3]^4[O_2]^5}{[NO]^4[H_2O]^6}$$

اس عبارت کے لیے متوازن کیمیاوی مساوات لکھئے

7.14 10 L کے ایک برتن میں $H_2O$ کا ایک مول اور ایک مول CO لیے گئے اور 725K تک گرم کیے گئے۔ توازن پر 40% پانی (کمیت کے اعتبار سے) CO سے مندرجہ ذیل مساوات کے مطابق تعامل کرتا ہے۔

$$H_2O(g) + CO(g) \rightleftharpoons H_2(g) + CO_2(g)$$

تعامل کے لیے توازن مستقلہ معلوم کیجیے۔

7.15 700 K پر تعامل $H_2(g) + I_2(g) \rightleftharpoons 2HI(g)$ کے لیے توازن مستقلہ 54.8 ہے اگر 700K پر توازن کے وقت HI(g) کے $0.5\ mol\ L^{-1}$ موجود ہیں تو $H_2(g)$ اور $I_2(g)$ کے ارتکاز کیا ہوں گے؟ یہ مانتے ہوئے کہ ہم نے تعامل کی شروعات HI(g) سے کی ہے اور اسے 700K پر توازن پر پہنچنے دیا جاتا ہے۔

7.16 توازن $2ICl(g) \rightleftharpoons I_2(g) + Cl_2(g);\ K_c = 0.14$ میں ہر ایک شے کے توازن ارتکاز کیا ہوں گے جبکہ ICl کا ابتدائی ارتکاز 0.78 M تھا۔

7.17 مندرجہ ذیل توازن کے لیے 899 K پر $K_p$ کی قدر 0.04atm ہے۔ $C_2H_6$ کا توازن ارتکاز کیا ہوگا جب وہ 4.0atm پر ایک فلاسک میں رکھی جائے اور توازن تک پہنچ سکے۔

$$C_2H_6(g) \rightleftharpoons C_2H_4(g) + H_2(g)$$

7.18 ایتھنال اور ایسیٹک ایسڈ کے درمیان تعامل سے ایتھائل ایسی ٹیٹ بنتا ہے توازن کا اظہار مندرجہ ذیل مساوات سے ہوتا ہے۔

$$CH_3COOH(l) + C_2H_5OH(l) \rightleftharpoons CH_3COOC_2H_5(l) + H_2O(l)$$

(i) اس تعامل کے لیے ارتکاز نسبت (تعامل خارج قسمت) $Q_c$ لکھئے (نوٹ: اس تعامل میں پانی نہ تو وافر مقدار میں ہے اور نہ ہی محلل ہے)۔

(ii) 293K پر اگر کوئی 1.00 مول ایسیٹک ایسڈ اور 10.18mol ایتھنال سے شروعات کرتا ہے تو اختتامی توازن آمیزے میں 0.171mol ایتھائل ایسی ٹیٹ ہوتا ہے۔ توازن مستقلہ معلوم کیجیے۔

(iii) 10.5 mol ایتھنال اور 1.0mol ایسٹیک ایسڈ سے شروعات کرتے ہوئے اور درجہ حرارت 293 K پر مستقل رکھتے ہوئے کچھ دیر بعد 0.214 مول ایتھائل ایسٹیٹ پایا گیا۔ کیا توازن حاصل ہوگیا؟

7.19 473K پر ایک ویکیوم شدہ برتن میں خالص $PCl_5$ داخل کی گئی۔ جب توازن قائم ہوگیا تو $PCl_5$ کا ارتکاز $0.5 \times 10^{-1}\ mol\ L^{-1}$ پایا گیا۔ اگر $K_c$ کی قیمت $8.3\times10^{-3}$ ہے تو توازن کے وقت $PCl_3$ اور $Cl_2$ کے ارتکاز کیا ہوں گے۔

$$PCl_5(g) \rightleftharpoons PCl_3(g) + Cl_2(g)$$

7.20 لوہے کی کچ دھات سے اسٹیل بنانے میں ایک تعامل ہوتا ہے جس میں کاربن مونو آکسائڈ کے ذریعہ آئرن (II) کی تحویل ہوتی ہے جو آئرن دھات اور $CO_2$ دیتا ہے۔

$FeO(s) + CO(g) \rightleftharpoons Fe(s) + CO_2(g);$ ، $K_p = 0.265\ atm\ at\ 1050K$ ہے

© NCERT not to be republished

اگر CO اور $CO_2$ کے ابتدائی جزوی دباؤ $p_{CO}$= 1.4 atm اور $p_{CO_2}$ = 0.80 atm تو 1050 K پر ان کے جزوی دباؤ کیا ہوں گے؟

7.21 تعامل $N_2\ (g) + 3H_2\ (g) \rightleftharpoons 2NH_3\ (g)$ کے لیے 500 K پر $K_c$ کی قدر 0.061 ہے۔ ایک خاص وقت پر تجزیہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ تعاملی آمیزے میں $N_2$ کے $0.5\ mol\ L^{-1}$، $H_2$، $2.0\ mol\ L^{-1}$ اور $NH_3$ کے $0.5\ mol\ L^{-1}$ کیا تعامل توازن میں ہے؟ اگر نہیں تو توازن پر پہنچنے کے لیے تعامل کس سمت بڑھے گا؟

7.22 برومین مونوکلورائڈ (BrCl) برومین اور کلورین میں تحلیل ہو کر توازن پر پہنچتی ہے۔

$$2BrCl\ (g) \rightleftharpoons Br_2\ (g) + Cl_2\ (g)$$

جس کے لیے 500 K پر Kc کی قدر 32 ہے۔ اگر شروع میں خالص BrCl کا ارتکاز $3.3 \times 10^{-3}\ mol\ L^{-1}$ ہے تو توازن کے وقت آمیزے میں اس کا مولر ارتکاز کتنا ہوگا؟

7.23 1127 K اور 1atm پر CO اور $CO_2$ کے گیسی آمیزے کے ٹھوس کاربن کے ساتھ توازن میں CO کمیت کے اعتبار سے 90.55% ہے۔

$$C\ (s) + CO_2\ (g) \rightleftharpoons 2CO\ (g)$$

اوپر دیے گئے درجہ حرارت پر مندرجہ بالا تعامل کے لیے $K_c$ کی قیمت معلوم کیجیے۔

7.24 298 K پر NO اور $O_2$ سے $NO_2$ کے لیے

$$NO\ (g) + \tfrac{1}{2}\ O_2\ (g) \rightleftharpoons NO_2\ (g)$$

جہاں
$\Delta_f G^\ominus\ (NO_2) = 52.0\ kJ/mol$
$\Delta_f G^\ominus\ (NO) = 87.0\ kJ/mol$
$\Delta_f G^\ominus\ (O_2) = 0\ kJ/mol$

7.25 مندرجہ ذیل توازنوں میں اگر حجم بڑھا کر دباؤ میں کمی کی جائے تو تعامل ماحصلات کے مولوں کی تعداد بڑھے گی، گھٹے گی، یا برقرار رہے گی؟

(a) $PCl_5\ (g)\ PCl_3\ (g) + Cl_2\ (g)$

(b) $CaO\ (s) + CO_2(g)\ CaCO_3\ (s)$

(c) $3Fe\ (s) + 4H_2O\ (g)\ Fe_3O_4(s) + 4H_2\ (g)$

7.26 مندرجہ ذیل تعاملات میں سے کون سا تعامل دباؤ بڑھانے پر زیادہ متاثر ہوگا۔ مزید یہ بھی کہ آیا تبدیلی کی وجہ سے تعامل پیش رفت ہوگا یہ پشت رفت۔

(i) $COCl_2\ (g) \rightleftharpoons CO\ (g) + Cl_2\ (g)$

(ii) $CH_4\ (g) + 2S_2\ (g) \rightleftharpoons CS_2\ (g) + 2H_2S\ (g)$

(iii) $CO_2\ (g) + C\ (s) \rightleftharpoons 2CO\ (g)$

(iv) $2H_2\ (g) + CO\ (g) \rightleftharpoons CH_3OH\ (g)$

(v) $CaCO_3\ (s) \rightleftharpoons CaO\ (s) + CO_2\ (g)$

(vi) $4\ NH_3\ (g) + 5O_2\ (g) \rightleftharpoons 4NO\ (g) + 6H_2O(g)$

© NCERT not to be republished

7.27 مندرجہ ذیل تعامل کے لیے توازن مستقلہ K 1024 پر $1.6\times10^5$ ہے

$$H_2(g) + Br_2(g) \rightleftharpoons 2HBr(g)$$

تمام گیسوں کے لیے توازن دباؤ معلوم کیجیے اگر K 1024 پر 10.0 Bar، HBr ایک سیل بند برتن میں داخل کی گئی ہے۔

7.28 مندرجہ ذیل حرارت خور تعامل کے مطابق قدرتی گیس سے بھاپ کے ساتھ جزوی تکسید کے ذریعے ڈائی ہائڈروجن گیس حاصل کی گئی ہے۔

$$CH_4\ (g) + H_2O\ (g) \rightleftharpoons CO\ (g) + 3H_2\ (g)$$

(a) مندرجہ بالا تعامل کے لیے $K_p$ کی علامت لکھئے۔

(b) توازن آمیزے کی ترکیب اور $K_p$ کی قیمتوں پر مندرجہ ذیل کے کیا اثرات ہوں گے۔

(i) دباؤ کا اضافہ۔

(ii) درجہ حرارت کا اضافہ۔

(iii) وسیط کا استعمال۔

7.29 تعامل $2H_2(g) + CO\ (g) \rightleftharpoons CH_3OH\ (g)$ کے توازن پر مندرجہ ذیل کے اثرات بیان کیجیے۔

(a) $H_2$ کا اضافہ

(b) $CH_3OH$ کا اضافہ

(c) CO کا اخراج

(d) $CH_3OH$ کا اخراج

7.30 K 473 پر فاسفورس پینٹا کلورائڈ $PCl_5$ کی تحلیل کا توازن مستقلہ $K_c$ $8.3\times10^{-3}$ ہے۔ اگر تحلیل کو مندرجہ ذیل طریقے سے ظاہر کیا جائے تو:

$$PCl_5\ (g) \rightleftharpoons PCl_3\ (g) + Cl_2\ (g) \Delta rH^{\ominus} = 124.0\ kJ\ mol^{-1}$$

(a) تعامل کے لیے $K_c$ کی عبارت لکھئے۔

(b) اسی درجہ حرارت پر رجعتی تعامل کے لیے $K_c$ کی قیمت کیا ہوگی؟

(c) $K_c$ پر کیا اثر ہوگا اگر (i) زیادہ $PCl_5$ کا اضافہ کیا جائے

(i) دباؤ میں اضافہ کیا جائے۔

(ii) درجہ حرارت میں اضافہ کیا جائے۔

7.31 ہیبر پراسس میں استعمال کی جانے $H_2$ گیس قدرتی گیس کی میتھین کے بہت زیادہ درجہ حرارت پر بھاپ سے تعامل کے ذریعے حاصل ہوتی ہے۔ دو اسٹیج تعامل کی پہلی اسٹیج میں CO اور $H_2$ کی تشکیل ہوتی ہے۔ دوسری اسٹیج میں، پہلی اسٹیج میں بننے والی CO اور واٹر گیس شفٹ تعامل میں زیادہ بھاپ سے تعامل کرتی ہے۔

$$CO\ (g) + H_2O\ (g) \rightleftharpoons CO_2\ (g) + H_2\ (g)$$

اگر 400°C پر تعاملی برتن میں CO اور بھاپ کا مساوی مولر آمیزہ داخل کیا جائے، اس طرح کہ $p_{CO} = p_{H_2O} = 4.0 bar$ تو توازن کے وقت $H_2$ کا جزوی دباؤ کیا ہوگا؟ 400°C پر kp =10.1 ہے۔

7.32 مندرجہ ذیل تعاملات میں کس میں متعامل اور ماحصل ارتکاز کافی ہوں گے

(a) $Cl_2 (g) \rightleftharpoons 2Cl (g) : K_c = 5 \times 10^{-39}$

(b) $Cl_2 (g) + 2NO (g) \rightleftharpoons 2NOCl (g) \quad Kc = 3.7 \times 108$

(c) $Cl_2 (g) + 2NO_2 (g) \rightleftharpoons 2NO_2Cl (g) \rightleftharpoons Kc = 1.8$

7.33 تعامل $3O_2 (g) \rightleftharpoons 2O_3 (g)$ کے لیے 25°C پر $K_c$ کی قیمت $2.0 \times 10^{-50}$ ہے۔ اگر 25°C پر ہوا میں $O_2$ کا توازن مستقلہ $1.6 \times 10^{-2}$ ہوتو $O_3$ کا ارتکاز کیا ہوگا؟

7.34 تعامل $CO(g) + 3H_2(g) \rightleftharpoons CH_4(g) + H_2O(g)$ 1L کے ایک فلاسک میں 1300 K پر توازن میں ہے۔ اس میں CO کے 0.30 مول، $H_2$ کے 0.10 مول اور $H_2O$ کے 0.02 مول اور $CH_4$ کی نامعلوم مقدار بھی ہے۔ $CH_4$ کا آمیزے میں ارتکاز معلوم کیجیے۔ دیے گئے درجہ حرارت پر تعامل کے لیے توازن مستقلہ 3.90 ہے۔

7.35 جفتی تیزاب اساس جوڑے سے کیا مراد ہے؟ مندرجہ ذیل انواع کے لیے جفتی تیزاب / اساس معلوم کیجیے۔

$HNO_2, CN^-, HClO_4, F^-, OH^-, CO_3^{2-}$ اور $S^{2-}$

7.36 مندرجہ ذیل میں سے کون لیوئس تیزاب ہے؟

$H_2O, BF_3, H^+, NH_4^+$

7.37 برونسٹڈ تیزابوں: $HF, H_2SO_4 \quad HCO_3$ کے لیے جفتی اساس کیا ہوں گے؟

7.38 مندرجہ ذیل برونسٹڈ اساسوں کے لیے جفتی تیزاب لکھیے۔

$NH_2^- \text{،} NH_3$ اور $HCOO^-$

7.39 انواع $H_2O, HCO_3^-, HSO_4^-$ اوراور $NH_3$ برونسٹڈ تیزاب اور اساس کی طرح کام کر سکتے ہیں۔ ہر ایک کے لیے اس کا جفتی تیزاب اور اساس دیجیے۔

7.40 مندرجہ ذیل انواع کی لیوئس تیزاب اور اساس کے تحت درجہ بندی کیجیے اور بتائیے کہ یہ کس طرح لیوئس تیزاب / اساس کی طرح کام کرتے ہیں۔

(a) $OH^-$ (b) $F^-$ (c) $H^+$ (d) $BCl_3$

7.41 ایک سوفٹ ڈرنک میں ہائڈروجن آین کا ارتکاز $3.8 \times 10^{-3}$ M ہے۔ اس کی pH کتنی ہوگی؟

7.42 سرکہ کے ایک نمونہ کی pH قدر 3.76 ہے۔ اس میں ہائڈروجن آین کا ارتکاز معلوم کیجیے۔

7.43 298 K پر HF، HCOOH اور HCN کے آیونائزیشن مستقلے بالترتیب $6.8 \times 10^{-4}$ ، $1.8 \times 10^{-4}$ اور $4.8 \times 10^{-9}$ ہیں۔ ان کے جفتی اساسوں کے آیونائزیشن مستقلے معلوم کیجیے۔

7.44 فینول کا آیونائزیشن مستقلہ $1.0 \times 10^{-10}$ ہے۔ 0.05M فینول کے محلول میں فینولیٹ آین کا ارتکاز کیا ہوگا؟ اس کے آیونائزیشن ڈگری کتنی ہوگی اگر محلول سوڈیم فینولیٹ میں بھی 0.01M ہے۔

7.45 $H_2S$ کا پہلا آیونائزیشن مستقلہ $9.1 \times 10^{-8}$ ہے۔ اس کے 0.1M محلول میں $HS^-$ آین کا ارتکاز معلوم کیجیے۔ یہ ارتکاز کس طرح متاثر ہوگا اگر محلول HCl میں بھی 0.1M ہے۔ اگر $H_2S$ کے لیے دوسرا آیونائزیشن مستقلہ $1.2 \times 10^{-13}$ ہے تو دونوں حالات میں $S^{2-}$ کے ارتکاز معلوم کیجیے۔

© NCERT not to be republished

7.46 ایسیٹک ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $1.74 \times 10^{-5}$ ہے۔اس کے 0.05 M محلول میں ایسیٹک ایسڈ کے افتراق کی ڈگری معلوم کیجیے۔محلول میں ایسیٹک آین کا ارتکاز اور pH معلوم کیجیے۔

7.47 ایک 0.01 M نامیاتی تیزاب کی pH قدر 4.15 پائی گئی ہے۔این آین کا ارتکاز تیزاب کے لیے آیونائزیشن مستقلہ اور اس کی $pK_a$ معلوم کیجیے۔

7.48 یہ مانتے ہوئے کہ افتراق مکمل ہے، مندرجہ ذیل محلولوں کی pH معلوم کیجیے۔

(a) 0.003 MHCl (b) 0.005 M NaOH (c) 0.002 M HBr (d) 0.002 M KOH

7.49 مندرجہ ذیل محلولوں کی pH معلوم کیجیے۔

(a) TlOH 2g پانی میں گھل کر محلول کے 2 لیٹر بناتا ہے۔

(b) NaOH 0.3g پانی میں گھل کر 500 mL محلول دیتا ہے۔

(c) NaOH 0.3 g پانی میں گھل کر 200 mL محلول دیتا ہے۔

(d) 13.6 M HCl کے 1 mL کو پانی سے ڈائی لیوٹ کر کے محلول کا 1L حاصل کرتے ہیں۔

7.50 0.1M برومو ایسیٹک ایسڈ کی آیونائزیشن کی ڈگری 0.132 ہے۔محلول کی pH اور برومو ایسیٹک ایسڈ کا $pK_a$ معلوم کیجیے۔

7.51 0.005 M کوڈین ($C_{18}H_{21}NO_3$) محلول کی pH قدر 9.95 ہے۔اس کا آیونائزیشن مستقلہ $pK_b$ معلوم کیجیے۔

7.52 0.001M اینیلین محلول کی pH کیا ہوگی؟ اینیلین کا آیونائزیشن مستقلہ جدول 7.7 سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔محلول میں اینیلین کی آیونائزیشن کی ڈگری معلوم کیجیے۔اینیلین کے جفتی تیزاب کا آیونائزیشن مستقلہ بھی معلوم کیجیے۔

7.53 اگر 0.05 M ایسیٹک ایسڈ کی $pK_a$ قیمت 7.74 ہے تو اس کی آیونائزیشن ڈگری معلوم کیجیے۔ڈگری آف آیونائزیشن پر کیا اثر ہوگا اگر محلول میں مندرجہ ذیل بھی موجود ہیں۔(a) 0.01M (b) HCl0.1M میں؟

7.54 ڈائی میتھائل امین کا آیونائزیشن مستقلہ $5.4 \times 10^{-4}$ ہے۔اس کے 0.02M محلول میں آیونائزیشن کی ڈگری معلوم کیجیے۔کتنے فیصد ڈائی میتھال امین آیونائز ہوگا اگر محلول NaOH میں بھی 0.1M ہے؟

7.55 مندرجہ ذیل حیاتیاتی سیالوں میں جن کے pH دیے گئے ہیں، ہائڈروجن آین کے ارتکاز معلوم کیجیے۔

(a) انسانی عضلاتی۔سیال 6.83

(b) انسانی معدہ کا سیال 1.2

(c) انسانی خون 7.38

(d) انسانی لعاب 6.4

7.56 دودھ، بلیک کافی، ٹماٹر جوس، نیبو کا رس اور انڈے کی سفیدی کی pH بالترتیب 6.8, 5.0, 4.2, 2.2, اور 7.8 ہے۔ہر ایک کے لیے ان کے ہائڈروجن ارتکاز معلوم کیجیے۔

7.57 اگر 298 K پر 0.561 گرام KOH پانی میں گھل کر 200mL محلول دیتا ہے تو پوٹاشیم، ہائڈروجن اور ہائیڈراکسل آین کا ارتکاز اور محلول کی pH معلوم کیجیے۔

7.58 298 K پر $Sr(OH)_2$ کی حل پذیری محلول کی 19.23 g/L ہے اسٹرونشیم اور ہائڈرکسل آینوں کے ارتکاز اور محلول کی pH معلوم کیجیے۔

© NCERT not to be republished

7.59 پروپینوئک ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $1.32 \times 10^{-5}$ ہے۔اس کے 0.05 M محلول میں تیزاب کی ڈگری آف آیونائزیشن معلوم کیجیے اور اس کی pH بھی نکالیے۔ اگر محلول HCl میں بھی 0.0M ہے تو اس کی ڈگری آف آیونائزیشن کیا ہوگی؟

7.60 سایانک ایسڈ (HCNO) کے 0.1M محلول کی pH قدر 2.34 ہے تیزاب کا آیونائزیشن مستقلہ اور محلول میں اس کی ڈگری آف آیونائزیشن معلوم کیجیے۔

7.61 نائٹرس ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $4.5 \times 10^{-4}$ ہے۔ 0.04M سوڈیم نائٹرائٹ محلول کی pH اور اس کی ڈگری آف ہائڈرولِس معلوم کیجیے۔

7.62 پریڈینیم ہائڈروکلورائڈ کے 0.02M محلول کی pH قدر 3.44 ہے۔ پریڈین کا آیونائزیشن مستقلہ معلوم کیجیے۔

7.63 بتائیے کہ مندرجہ ذیل محلول تیزابی، اساسی یا تعدیلی ہیں۔

NaCl, KBr, NaCN, $NH_4NO_3$, $NaNO_2$ اور KF ۔

7.64 کلوروایسیٹک ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $1.35 \times 10^{-3}$ ہے۔ 0.1M تیزاب اور اس کے 0.1M سوڈیم نمک محلول کی pH کیا ہوگی۔

7.65 310 K پر پانی کا آینی ماحصل $2.7 \times 10^{-14}$ ہے۔اس درجہ حرارت پر تعدیلی پانی کی pH کیا ہوگی؟

7.66 مندرجہ یل میں بننے والے آمیزوں کی pH معلوم کیجیے۔

(a) 10 mL of 0.2M $Ca(OH)_2$ + 25 mL of 0.1M HCl

(b) 10 mL of 0.01M $H_2SO_4$ + 10 mL of 0.01M $Ca(OH)_2$

(c) 10 mL of 0.1M $H_2SO_4$ + 10 mL of 0.1M KOH

7.67 298K پر سلور کرومیٹ، بیریم کرومیٹ، فیرک ہائڈروآکسائڈ لیڈ کلورائڈ اور مرکیورس آیوڈائڈ کی حل پذیری جدول 7.9 میں دیے گئے ان کے حل پذیری ماحصل مستقلوں کی قیمتوں کی مدد سے معلوم کیجیے۔انفرادی آینوں کی مولاریت بھی معلوم کیجیے۔

7.68 $Ag_2CrO_4$ اور AgBr کے حل پذیری ماحصل مستقلے بالترتیب $1.1 \times 10^{-12}$ اور $5.0 \times 10^{-13}$ ہیں۔ ان کے سیر شدہ محلولوں کی مولاریت کی نسبت معلوم کیجیے۔

7.69 0.002 M سوڈیم آیوڈیٹ اور کیوپرک کلوریٹ محلولوں کے برابر حجم آپس میں ملائے گئے۔ کیا اس کے نتیجے میں کاپر آیوڈیٹ کی ترسیب ہوگی (کیوپرک آیوڈیٹ کے لیے $K_{sp} = 7.4 \times 10^{-8}$)۔

7.70 بینزوئک ایسڈ کا آیونائزیشن مستقلہ $6.46 \times 10^{-5}$ ہے۔اور سلور بینزویٹ کے لیے $2.5 \times 10^{-13}$ ہے۔ pH 3.19 والے حاجب میں سلور بینزویٹ خالص پانی میں اس کی حل پذیری کے مقابلے کتنے گنا زیادہ حل پذیر ہوگا۔

7.71 فیرس سلفیٹ اور سوڈیم سلفائڈ کے مساوی مولر محلول کا زیادہ سے زیادہ ارتکاز کیا ہوگا تا کہ جب دونوں کو برابر حجم میں ملایا جائے تو آئرن سلفائڈ کی ترسیب نہ ہو؟ (آئرن سلفائڈ کے لیے $K_{sp} = 6.3 \times 10^{-18}$ )

7.72 298 K پر 1g کیلشیم سلفیٹ کو حل کرنے کے لیے کم سے کم کتنے پانی کی ضرورت ہوگی (کیلشیم سلفیٹ کے لیے $K_{sp} = 9.1 \times 10^{-6}$ ہے)

7.73 ہائڈروجن سلفائڈ سے سیر شدہ 0.1 M HCl میں سلفائڈ آین کا ارتکاز $1.0 \times 10^{-19}$ M ہے۔ اگر اس کے 10mL مندرجہ ذیل کے 0.04M کے 5mL میں ملا دیے جائیں تو اب محلولوں میں سے کس کی ترسیب ہوگی:

$FeSO_4$, $MnCl_2$, $ZnCl_2$ اور $CdCl_2$ ۔

© NCERT not to be republished